# تاریخ اسلام کا جائزہ

(قرآن کی روشنی میں)

علامہ اسلم جیراجپوری

| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | ----- | تاریخ اسلام کا جائزہ (قرآن کی روشنی میں) |
| مصنف | ----- | علامہ اسلم جیراجپوری |
| ایڈیشن | ----- | پہلا - مئی 1993 |
| | | دوسرا - اگست 1995 |
| پبلشرز | ----- | دوست ایسوسی ایٹس |
| پرنٹرز | ----- | عصمت اسلم پرنٹرز |
| قیمت | ----- | 60 روپے |

# فہرست


| | |
|---|---|
| دیباچہ | 7 |
| مقدمہ | 8 |
| اسلامی نظام | 8 |
| رسالت | 9 |
| اللہ اور رسول | 10 |
| اقوال مفسرین | 13 |
| دستور العمل | 14 |
| فریضۂ امت | 15 |
| حکومت | 16 |
| **عہد رسالت** | 21 |
| خاتم النبین | 22 |
| عرب جاہلیت | 24 |
| بعثت | 25 |
| ہجرت | 27 |
| مدنی زندگی | 2[illegible] |
| نتائج | 29 |
| اصلاح کا صرفہ | 31 |
| تعلیم | 31 |
| طریق تعلیم | 33 |
| طبقات صحابہ | 34 |
| **خلافت راشدہ** | 36 |
| پہلا انتخاب | 37 |
| حق خلافت | 37 |
| انتخاب کی نوعیتیں | 38 |
| مرکزیت دینی | 40 |
| مرکز کعبہ | 42 |
| منصب تشریع | 43 |
| **بنی امیہ** | 44 |
| بادشاہت | 45 |
| صحابہ کا سکوت | 48 |
| واقعہ کربلا | 48 |
| بنی مروان | 49 |
| بنو عباس | 52 |

اعلان خلافت 53
بنی امیہ سے انتقام 54
علویہ پر سختی 54
نفس زکیہ 55
امام مالک وابو حنفیہ 61
منصور کے بعد 62
نظام سلطنت 64

## خوارج 66
خوارج اور امیر معاویہ 68
خوارج اور بنی مروان 69
مہلب بن ابی صفرہ 69
خوارج اور بنی عباس 71
خارجی مذہب 72
کلمہ حق 73
خوارج کے فرقے 73
خوارج کے صفات 74
جماعت خوارج 76
تباہی کے اسباب 78

## شیعہ 80
زیدیہ 81
امامیہ 81
منصب امامت 84
دیگر شیعی عقائد 89
رجعت 89
تقیہ 90
تبرا 90
جماعت شیعہ 91
شیعہ پر سختیاں 91

## معتزلہ 94
اصول خمسہ 95
صفات معتزلہ 96
معتزلہ اور خلفاء 97
مامون عباسی 98
فتنہ خلق قرآن 99
توضیح مسئلہ 102
فنا کے اسباب 104
معتزلہ کے بعد 106

## مرجئیہ 107
بنیادی بحث 108
مرجئیہ اور سیاست 110
امام ابوحنیفہ 110

## علوم اسلامیہ 111
فقہ 112
فقہ صحابہ 113
رائے کی اہمیت 115

| | |
|---|---|
| مذاہب اربعہ | 116 |
| عراقی فقہ | 117 |
| تقلید | 119 |
| شیعی فقہ | 120 |
| خلاصہ | 121 |
| حکومت الہٰی | 121 |
| عہد بنی امیہ | 121 |
| استبداد | 122 |
| قہر و غلبہ | 123 |
| بیت المال | 123 |
| ہوس زر | 124 |
| بنی عباس | 124 |
| خلفاء عثمانیہ | 126 |
| موجودہ حالت | 126 |
| ذہنی تشتت | 128 |
| خاتمہ کتاب | 129 |

بسم الله الرحمن الرحیم

# دیباچہ

الحمد اللہ وکفیٰ و سلام علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ بعد تاریخ الامت کو پیش کیے ہوئے ایک مدت گزر گئے ۔ اس درمیان میں بارہا یہ خواہش ہوئی کہ اس پوری تاریخ پر قرآنی زاویہ نگاہ سے ایک تنقیدی نظر ڈالی جائے تاکہ امت کو معلوم ہو جائے کہ آج جن جن مصائب و آلام میں وہ گرفتار ہے وہ اس کی کن کن غلط کاریوں اور قرآن کی مخالفتوں کے نتائج ہیں ۔ لیکن یہ سوچ کر کہ مسلمان بالعموم قرآن سے دور ہوگئے ہیں نیز اپنے ماضی کو عظمت اور تاریخی شخصیتوں کو عزت کی نگاہ سے دیکھنے کے عادی ہیں اور تنقید بہرصورت تلخ اور ناگوار شے ہے قلم کو روک رکھا تھا مگر ساتھ ہی ضمیر کا یہ تقاضا بھی تھا کہ قرآن کو اللہ نے اسی لئے اتارا ہے کہ اس کی روشنی میں ہم چلیں اور اپنی غلطیوں کو جانچ کر ان کی اصلاح کریں ۔ اس لئے اس کے طالب علم پر یہ ذمہ داری عاید ہوتی ہے کہ اس کے ذریعہ سے اپنی فہم کے مطابق صحیح راستہ دکھانے کی کوشش کرے۔ اس وجہ سے بالآخر ایک فریضہ سمجھ کر اس کام کے لئے تیار ہونا ہی پڑا۔ خاص کر ایسی حالت میں جب کہ ہم دیکھتے ہیں کہ وہ لوگ جو امت کی تاریخ لکھنے کے لئے قلم اٹھائے ہوئے ہیں ۔ بالعموم دینی علوم میں لکیر کے فقیر اور قرآنی حقائق سے بے خبر ہیں۔

علاوہ بریں یہ کوئی مذہبی بحث نہیں ہے جس سے کسی فرق کی تردید مقصود ہو بلکہ قرآن کی روشنی میں اپنے ماضی پر تنقید ہے جس میں جہاں تک امکان میں تھا ہم نے حق و انصاف اور اپنی مسئولیت و ذمہ داری کو پیش نظر رکھا ہے اس لئے امید ہے کہ ارباب بصیرت بلا کسی تعصب کے ٹھنڈے دل سے اس پر غور کریں گے۔

محمد اسلم جیراجپوری

جامعہ نگر ۔دہلی

۲ جون ۱۹۴۴ء

# مقدمہ

امت میں جو ابتدائی اختلافات واقع ہوئے ۔ ان کی اصلی بنیاد حکومت تھی نہ کہ دین جماعتوں کی باہمی نزاعوں نے بڑھتے بڑھتے جنگوں اور خونریزیوں تک نوبت پہنچائی اور پھر ہر جماعت کے وہی سیاسی خیالات مختلف شکلوں میں ان کے دینی عقائد میں شامل ہوتے گئے جس کے باعث الگ الگ مذہبی فرقے بن گئے۔

لہٰذا مناسب یہ ہے کہ پہلے قرآن کریم سے اسلامی نظام حکومت کو بیان کر دیں اس کے بعد ان سیاسی اختلافات سے بحث کریں تاکہ ان کی حقیقت اچھی طرح سمجھ میں آسکے۔

## اسلامی نظام

دین اسلام کی بنیاد وحدت اطاعت پر ہے ۔ یعنی سوائے اللہ کے کسی کی اطاعت نہیں۔ امت اسلامیہ کا انفرادی اور اجتماعی مقصود حیات صرف اللہ کی رضامندی ہے جو اسی کی اطاعت سے مل سکتا ہے لیکن اللہ خود اطاعت لینے کے لئے نہیں آتا بلکہ رسولوں کو بھیج کر ان کے ذریعے سے اطاعت لیتا ہے۔

**وما ارسلنا من رسول الا لیطاع باذن اللہ (4/54)**

اور ہم نے کوئی رسول نہیں بھیجا مگر اسی لئے کہ بحکم الہٰی اس کی اطاعت کی جائے یہ رسول کی اطاعت عین اطاعت الہٰی ہے۔

**ومن یطع الرسول فقد اطاع اللہ (80/4)**

جس نے رسول کی اطاعت کی ۔ اس نے اللہ کی اطاعت کی۔

سارے قرآن میں سوائے اللہ کی اطاعت کے کسی دوسرے کی اطاعت کا حکم نہیں دیا گیا ہے یہاں تک کہ والدین کا بھی جہاں جہاں ذکر ہے ان کے ساتھ سلوک اور احسان ہی کی وصیت ہے اطاعت کا حکم نہیں ہے ۔ الغرض دینی اطاعت صرف اللہ کی ہے جس نے اپنے بندوں کی انفرادی اور اجتماعی دونوں قسم کی ہدایات اور ان کی عقلوں کو صحیح راہ پر لگانے اور اپنی رضامندی و نارضامندی کے عملوں کو واضح کرنے کے لئے ایک ناقابل تغیر و تبدل کتاب قرآن کریم کو اتار دیا ہے تاکہ اس کے مطابق عمل کر کے وہ اس کی خالص بندگی کی

سعادت حاصل کریں اور دنیا جہان کی اطاعت سے بے نیاز ہو جائیں۔

**افغیر الله ابتغی حکماً و هوالذی انزل الیکم الکتاب مفصلا ٭ (114/6)**

کیا اللہ کے سوا میں کسی اور کو حاکم بناؤں حالانکہ وہی تو ہے جس نے تمہاری طرف مفصل کتاب اتار دی ہے۔

دنیا میں جن لوگوں نے اپنے سرداروں اور بزرگوں کی اطاعت نجات کا ذریعہ سمجھ کر کی ہے وہ قیامت میں جب نتیجہ برعکس دیکھیں گے تو جل کر کہیں گے۔

**ربنا انا اطعنا سادتنا و کبراء نا فاضلونا السبیلا (67/33)**

اے ہمارے رب ہم نے اپنے سرداروں اور بزرگوں کی اطاعت کی سو انہوں نے ہم کو سیدھی راہ سے گمراہ کر ڈالا۔

رسالت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دو ممتاز منصب تھے۔

1 منصب پیغمبری: یعنی پیغام الہیٰ کو لوگوں کے پاس بے کم و کاست پہنچا دینا اس کے امتیازات یہ ہیں۔

(1) اس منصب کی رو سے آپ کی تصدیق کرنا اور آپ کے اوپر ایمان لانا فرض کیا گیا اور یہ امت ہمیشہ کے لئے آپ ہی کی امت ہوئی۔

(2) یہ پیغمبری آپ کی ذات پر ختم کر دی گئی اور اس کی تکمیل کے لئے آپ بھیجے ہی گئے تھے۔

(3) اس حیثیت سے آپ کو کسی سے مشورہ لینے کا حکم نہ تھا بلکہ فریضہ تبلیغ اللہ کی طرف سے لازم کر دیا گیا تھا۔

**یا ایها الرسول بلغ ما انزل الیک من ربک و ان لم تفعل فما بلغت رسالته (67/5)**

اے رسول! جو تجھ پر تیرے رب کی طرف سے اتارا گیا ہے اس کو پہنچا دے اور اگر تو نے نہ کیا تو اللہ کے پیغام کی تبلیغ نہیں کی۔

2 منصب امامت: یعنی احکام الہیٰ کے مطابق لوگوں کو چلانا ان کے باہمی تنازعات او. قضایا کے فیصلے کرنا اجتماعی امور مثلاً جنگ و صلح وغیرہ میں ان کی قیادت اور نمائندگی وغیرہ اس کے امتیازات یہ ہیں:

(1) یہ امامت کبریٰ جو آپ نے بحکم الہیٰ بنی نوع انسان کی ہدایت و رہنمائی و صلاح و فلاح کے لئے قائم کی آپ کی ذات اور زندگی تک محدود نہیں ہے بلکہ قیامت تک مستمر ہے جو آپ کے زندہ جانشینوں کے ذریعے سے قائم رہنی چاہیئے۔

(2) آپ کے بعد آپ کے خلفاء یعنی جانشینوں کے وہی اختیارات ہونگے جو اس لحاظ سے آپ کے تھے اور ان کی اطاعت بعینہٖ اللہ و رسول کی اطاعت ہو گی۔

(3) اس حیثیت سے آپ لوگوں سے مشورہ لینے کے لئے مامور تھے۔

**وشاورهم فی الامر** (159/3)

اور امر (حکومت) میں ان سے مشورہ لیا کرو

## اللہ و رسول

جیسا کہ مذکور ہوا قرآن میں جو احکام رسول کی اطاعت کے ہیں وہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اور زندگی تک محدود نہیں ہیں بلکہ منصب امامت کے لئے ہیں جس میں آپ کے بعد آنے والے جملہ خلفاء داخل ہیں اور ان خلفاء کی اطاعت اللہ اور رسول کی اطاعت ہے یہی وجہ ہے کہ قرآن نے مرکز امت یعنی خلیفہ یا امام کے لئے یہی لفظ یعنی " اللہ اور رسول " استعمال کیا ہے۔

**یا ایھا الذین امنوا اطیعو الله و رسوله و لا تولواعنه و انتم تسمعون** (20/8)

اے مومنو ! اطاعت کرو اللہ اور اس کے رسول کی اور اس سے منہ نہ موڑو جب کہ تم سن رہے ہو۔

اس آیت میں " عنہ " کی ضمیر مفرد ہے جس سے ظاہر ہو جاتا ہے کہ اللہ اور رسول دونوں سے ایک ہی شے مراد ہے یعنی مرکز ورنہ قاعدے کے مطابق " عنہما " ہونا چاہیئے تھا اور جب کہ تم سن رہے ہو کی قید سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ اطاعت بالمشافہ ہے اور عربی زبان میں اطاعت کہتے ہی ہیں زندہ کی فرمانبرداری کو ۔

**یا ایھا الذین امنوا استجیبو لله و للرسول اذا دعاکم لما یحییکم** (24/8)

اے مومنو ! اللہ اور رسول کی بات مانو جب وہ تم کو ایسے کام کے لئے بلائے جس میں تمہاری زندگی ہو۔

یہاں بھی " دعا " کا صیغہ مفرد ہی اللہ اور رسول دونوں کے لئے مستعمل ہوا ہے اور یہ حکم بھی حضور کی زندگی تک محدود نہیں ہے بلکہ ہمیشہ کے لئے ہے جو آپ کے تمام آنے

والے خلفاء پر مشتمل ہے۔

**انما کان قول المومنین اذا دعوا الی اللہ و رسولہ لیحکم بینھم ان یقولوا سمعنا و اطعنا (5/24)**

مومنوں کا قول جب وہ اللہ اور رسول کی طرف بلائے جائیں کہ ان کے درمیان فیصلہ کرے بس یہی ہے کہ ہم نے سنا اور مان لیا۔

اس میں بھی "لیحکم" جو دونوں کے لئے استعمال ہوا ہے مفرد ہے اسی طرح

**قل اطیعو اللہ و اطیعو الرسول فان تولوا فانما علیہ ماحمل و علیکم ماحملتم و ان تطیعوہ تھتدوا (54/44)**

کہدے کہ اطاعت کرو اللہ کی اور اطاعت کرو رسول کی اگر روگردانی کرو گے تو اس کی ذمہ داری اس کے اوپر ہے اور تمہاری ذمہ داری تمہارے اوپر ہے اور جو تم اس کی اطاعت کرو گے تو ہدایت پر رہو گے۔

میں "علیہ" اور "تطیعوہ" دونوں میں ضمیر مفرد "اللہ اور رسول" کی طرف راجع ہے۔ جنگ احد میں ہزیمت اٹھانے کے بعد دوسرے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کو حکم دیا کہ غنیم کے تعاقب میں نکلیں یہ حکم چونکہ بحیثیت امام کے تھا اس لئے قرآن میں اللہ اور رسول دونوں کا حکم کہا گیا۔

**الذین استجابوا للہ والرسول من بعد ما اصابھم القرح (172/4)**

جنہوں نے حکم مانا اللہ اور رسول کا اپنے زخم اٹھانے کے بعد۔

اسی طرح حج اکبر کے دن مشرکوں سے براءت کا اعلان جو کہ مرکز اسلام کی طرف سے ہوا اللہ و رسول کے نام سے ہوا۔

**واذان من اللہ و رسولہ الی الناس یوم الحج الاکبر ان اللہ بری من المشرکین و رسولہ (3/9)**

اور اعلان ہے اللہ اور اس کے رسول کی جانب سے لوگوں کے لئے کہ اللہ اور اس کا رسول مشرکوں سے بری ہے۔

باغیوں اور ڈاکوؤں کو جو مرکز کے مجرم ہوں اللہ و رسول کا محارب قرار دیا گیا۔

**انما جزاء الذین یحاربون اللہ ورسولہ ویسعون فی الارض فساداً ان یقتلوا (33/5)**

جو لوگ اللہ اور رسول سے لڑیں اور روئے زمین میں فساد پھیلائیں ان کی

سزا بس یہی ہے کہ مار ڈالے جائیں۔

ان مجرموں کی یہی سزا ہمیشہ کے لئے ہے کچھ آنحضرت کی زندگی ہی تک محدود نہ تھی۔ نہ صرف ان آیتوں میں جن میں اللہ اور رسول کی اطاعت کا حکم دیا گیا ہے بلکہ بہت سی دوسری آیتوں میں بھی اللہ اور رسول سے مرکز ہی مقصود ہے۔

خمس غنیمت کے بارے میں ہے۔

**انما غنمتم من شیی ءفان لله خمسه و للرسول (51/8)**

جو کچھ تم کو ملے اس کا پانچواں حصہ اللہ اور رسول کے لئے ہے۔

مال فیئے کا بھی حکم یہی ہے۔

**ما افاء الله علیٰ رسوله من اهل القریٰ فلله و للرسول (7/59)**

بستی والوں سے جو کچھ اللہ اپنے رسول کو غنیمت دے وہ اللہ و رسول کے لئے ہے۔

ان اموال میں سے کبھی اللہ کا حصہ رسول سے جدا نہیں نکالا گیا۔ بلکہ اللہ و رسول سے مرکز امت ہی سمجھا گیا اور یہ حکم رسول کے بعد بھی قائم رہا۔

الغرض قرآن کی آیات سے روز روشن کی طرح واضح ہو جاتا ہے کہ " اللہ و رسول " کا مفہوم امت کا مرکز یعنی خلیفہ یا امام وقت ہے اور یہ لفظ اس کے لئے اس وجہ سے استعمال کیا گیا ہے کہ اجتماعی لحاظ سے اس کی اطاعت اللہ و رسول کی اطاعت ہے جب تک محمد صلی اللہ علیہ وسلم زندہ رہے ان کی اطاعت اللہ اور رسول کی اطاعت تھی اور آپ کے زندہ جانشینوں کی اطاعت اللہ و رسول کی اطاعت ہے جن کا فریضہ یہ ہے کہ منصب امامت کو قائم رکھیں اور امت کو قرآن کے مطابق چلائیں۔

اجتماعی نظام کی پوری شکل اس آیت میں ہے۔

**یا ایها الذین امنوا اطیعو الله وَ اطیعوا الرسول و اولی الامر (1) منکم ا فان تنازعتم فی شیی ء فردو ۷ الی الله والرسول (49/4)**

اے مومنو! اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اور تم میں سے جو امراء ہوں ان کی اطاعت کرو اگر کسی بات میں تم جھگڑ بیٹھو تو اس کو اللہ و رسول کی طرف لوٹاؤ۔

یعنی اصل مطاع اللہ ہے اس کی اجتماعی اطاعت ہو گی رسول (مرکز) یا اس کے مقرر

کئے ہوئے اور اختیار دیئے ہوئے امراء کے ذریعہ سے ان امراء کا کوئی حکم یا فیصلہ اگر جمہور کو قرآن کے خلاف معلوم ہو تو اس میں ان کو امراء کے ساتھ منازعت کا حق حاصل ہے اس قسم کے نزاعی امور میں مرکز کی طرف رجوع کرنا ہو گا جو ان کا فیصلہ کر دے گا۔ مرکز کا حکم قطعی اور آخری ہے کسی مسلمان کو نہ اس سے انکار کا حق ہے نہ اس کا کہیں مرافعہ ہے۔

**وما کان لمومن و لا مومنۃ اذا قضی اللہ و رسولہ امراً ان یکون لھم الخیرۃ من امرھم و من یعص اللہ و رسولہ فقد ضل ضلا لا مبینا ۵ (36/33)**

کسی مومن مرد یا عورت کو اپنے معاملہ میں اختیار باقی نہیں رہ جاتا جبکہ مرکز اس کا فیصلہ کر دے اور جو مرکز کی نافرمانی کرے گا وہ کھلی ہوئی گمراہی میں پڑ جائے گا۔

یعنی مرکز ہی دینی اور دنیاوی امور میں آخری اور بالا ترین اختیار ہے جس کی اطاعت کے سوا چارہ نہیں اور جس کی نافرمانی گمراہی ہے۔

## اقوال مفسرین:

میں چونکہ قرآن کی تشریح کا خود قرآن سے قائل ہوں۔ اس بناء پر "اللہ اور رسول" کا یہ مفہوم کہ اس سے مراد مرکز ہے یعنی امام وقت میں نے قرآن ہی کی چند آیات سے واضح کیا ہے جو اہل بصیرت کے لئے کافی ہیں اور اگر ضرورت داعی ہوئی تو اور بھی متعدد آیات سے تفصیل پیش کرنے کی گنجائش ہے مگر عام اہل اسلام قرآنی الفاظ کی تفسیر میں گذشتہ مفسرین کے اقوال سے بھی سند چاہتے ہیں اور مدت ہائے دراز سے اس کے خوگر ہو رہے ہیں اس لئے ان کی تسکین خاطر کے واسطے چند ائمہ تفسیر کے اقوال بھی نقل کئے دیتا ہوں جنہوں نے اللہ اور رسول کے معنی امام وقت ہی کے لکھے ہیں۔

امام ابن جریر طبری سورہ انفال کی پہلی آیت میں۔

**قل الانفال للہ والرسول**

کہہ دے کہ مال غنیمت اللہ اور رسول کا ہے۔ انفال کی تفسیر میں مختلف اقوال نقل کرنے کے بعد اپنا فیصلہ یہ لکھتے ہیں۔ "انفال" کے معنی کے متعلق ان اقوال میں سے قرین صواب ان لوگوں کا قول ہے جنہوں نے کہا ہے کہ یہ وہ اضافے ہیں جو امام بعض یا کل فوج کے لئے کرتا ہے۔ یہاں انفال کے معنی سے مجھے بحث نہیں مدعا صرف یہ ہے کہ "اللہ اور رسول" کی تفسیر انہوں نے "امام" کی ہے۔

سورہ بقرہ میں سود خواروں سے خطاب ہے کہ اگر تم باز نہ آؤ گے۔

**فاذنوا بحرب من الله و رسوله**

تو سمجھ رکھو اللہ و رسول کی طرف سے جنگ

تفسیر جامع البیان میں ہے کہ امام کا فرض ہے کہ ان سے توبہ کرائے اور نہ مانیں تو قتل کر دے۔

امام رازی نے آیت **انما جزاء الذین یحاربون الله و رسوله الآیه** کے تحت میں امام ابو حنیفہ کا قول نقل کیا ہے۔

امام ابو حنیفہ نے فرمایا ہے کہ "اگر باغی یا ڈاکو نے قتل بھی کیا ہے اور مال بھی لیا ہے تو امام کو اختیار ہے کہ ان سزاؤں میں سے جو سزا چاہے اس کو دے"۔ نیز امام محی السنہ بغوی اپنی تفسیر معالم التنزیل میں لکھتے ہیں۔ "حضرت ابن عباس، سعید بن المسیب، مجاہد، عطا، حسن بصری، ابراہیم نخعی، ضحاک اور ابو ثور نے کہا ہے کہ جس نے اسلامی محروسہ علاقہ میں ہتھیار اٹھایا اور راستوں کو پر خطر کر دیا پھر وہ گرفت میں آگیا۔ اس کے متعلق امام کو اختیار ہے" (جو سزا چاہے دے)۔

ان اقوال سے دو باتیں ظاہر ہو گئیں ایک تو یہ کہ "اللہ اور رسول" سے امام وقت مراد ہے دوسری یہ کہ یہ احکام آنحضرتؐ کی ذات یا زندگی تک محدود نہیں تھے بلکہ ہمیشہ کے لئے ہیں اور یہی دونوں باتیں میں نے آیات سے واضح کی ہیں۔ آخر میں میں پھر تصریح کر دیتا ہوں کہ یہ غلط فہمی نہ ہو کہ میں مرکز کو "اللہ اور رسول" کہتا ہوں بلکہ میرا مطلب یہ ہے کہ اجتماعی لحاظ سے مرکز ہی کی اطاعت کو قرآن اللہ اور رسول کی اطاعت قرار دیتا ہے بشرطیکہ مرکز قرآن کے مطابق ہو۔

## دستور العمل

قرآن جس طرح امت اسلامیہ کی انفرادی زندگی کے لئے اتارا گیا ہے اسی طرح اس کی اجتماعی زندگی کا بھی دستور العمل وہی ہے وہ ایسی کامل کتاب ہے کہ ہر زمان و مکان اور ہر ماحول میں افراد کی ہدایت اور ملت کی رہنمائی کے لئے کافی ہے اسی لئے جہاں ہر مسلمان کو ہدایت کی گئی ہے کہ قرآن کی پیروی کرے وہاں مرکز کو بھی یہی حکم دیا گیا ہے کہ اسی کے مطابق حکمرانی کرے۔

**انا انزلنا الیک الکتاب بالحق لتحکم بین الناس بما اراک الله** (105/4)

ہم نے تیری طرف حق کے ساتھ کتاب اتاری ہے کہ جو کچھ اللہ تجھ کو

کھائے اس کے مطابق لوگوں کے درمیاں فیصلے کر۔
قرآن کے سوا کسی دوسرے قانون کی طرف رخ کرنے کی ممانعت کی گئی۔
**فاحکم بینھم بما انزل اللہ ولا تتبع اھوائھم عما جاءک من الحق (49/5)**
ان کے درمیان اسی کے مطابق فیصلے کر جو اللہ نے اتارا ہے اور اس حق کو جو تیرے پاس آیا ہے چھوڑ کر ان کے خیالات کے پیچھے نہ چل۔
شدید تاکید کی گئی کہ مرکز کو قرآنی تعلیمات سے ذرا بھی غفلت یا کوتاہی روا نہیں ہے اور نہایت عزم و احتیاط کے ساتھ اس پر کاربند رہنا چاہیئے۔
**فاحکم بینھم بما انزل اللہ ولا تتبع اھوائھم واحذرھم ان یفتنوک عن بعض ما انزل اللہ الیک (50/5)**
ان کے درمیان اسی کے مطابق فیصلے کر جو اللہ نے نازل کیا ہے اور ان کی باتوں کے پیچھے نہ جا اور احتیاط رکھ کہ اللہ کے اتارے ہوئے کسی حکم سے ہٹا کر وہ تجھ کو فتنے میں نہ ڈال دیں۔
یہاں تک کہ یہ وعید بھی کی گئی۔
**ومن لم یحکم بما انزل اللہ فاولئک ھم الفاسقون**
اور جو اللہ کے نازل کئے ہوئے کے مطابق حکومت نہ کریں وہ فاسق ہیں۔
امام کے ساتھ مشیروں کی ایک جماعت کا ہونا قرآن کی تعلیم و امرھم شوری بینھم کے مطابق لازم ہے اور قرآن کے حکم شاورھم فی الامر (ان سے حکومت میں رائے لیا کرو) کے مطابق امام مامور ہے کہ اہل شوریٰ کے مشورے سے کام کرے۔ امام اور مشیروں کی یہی جماعت امت کی مرکزی جماعت ہے جس کا اصول قانون صرف کتاب اللہ ہے اسی کی روشنی میں ہر زمانے کی ضروریات کے مطابق قوانین بنائے جائیں گے اسی کا نام حکومت الہیٰ ہے جس کا مقصد اقامت حق اور اعلاء کلمۃ اللہ ہے تاکہ ہر انسان صحیح طور پر اکیلے اللہ کا بندہ ہو سکے جس کے لئے اس کی تخلیق ہوئی ہے۔

**فریضہ امت**

اسلام کے معنی ہی اطاعت کے ہیں۔
**ان الدین عنداللہ الاسلام (17/3).**
حقیقی دین اللہ کے نزدیک اطاعت ہے۔

مسلمانوں کو یہی حکم دیا گیا ہے کہ وہ اللہ و رسول یعنی مرکز کے مطیع رہیں ۔
**و اطیعو اللہ و رسولہ ان کنتم مؤمنین (1/8)**
اگر تم ایمان رکھتے ہو تو اللہ و رسول کی اطاعت کرو ۔
مرکز کے وفادار رہو اور اس سے غداری اور مفوضہ فریضہ میں خیانت کاری نہ کرو ۔

**یا ایھا الذین امنوا لا تخونوا للہ والرسول و تخونوا امانٰتکم و انتم تعلمون (1/50)**
اے مومنو ! مرکز سے غداری اور جان بوجھ کر اپنی امانتوں میں خیانت نہ کرو مرکز کے حکم سے سرتابی کرنے والے سب سے زیادہ ذلیل ہوں گے ۔
**ان الذین یحادون اللہ و رسولہ اولئک فی الاذلین۔ (20/58)**
جو لوگ مرکز سے مخالفت کریں گے وہ ذلیل ترین لوگوں میں سے ہوں گے۔

حاصل یہ ہے کہ اسلام کے نزدیک صرف اللہ ہی حاکم ہے اور جن و انس کا فریضہ اسی کی اطاعت ہے یہی نقطہ امن عالم کا مرکز ہے جس سے اقوام و امم کے باہمی جھگڑے اور مناقشے ختم ہو سکتے ہیں اور سب کے سب وحدت اطاعت کی بدولت متحد ہو سکتے ہیں چونکہ یہ مرکز عقلی ہے اس واسطے اس کے لئے محسوس مظہر کی ضرورت تھی جو منصب امامت سے پورا کیا گیا ہے رسولؐ اور اس کے بعد خلفاء حکومت الٰہی کے نمائندے ہیں جو امت سے یہ اطاعت لیں گے اور اللہ کے مقرر کئے ہوئے اصول اور احکام کے مطابق اس کو چلائیں گے یہی حکومت الہیہ ہے یہ امت اسلامیہ کی سیاست ہے اور یہی اس کا اجتماعی دین ہے ۔

## حکومت

قرآن سوائے حکومت الٰہی کے بقیہ جملہ اقسام کی حکومتوں کو " طاغوت " قرار دیتا ہے بادشاہت جس کا تسلط خلافت راشدہ کے بعد سے مسلمانوں پر ہوا اکثر حالتوں میں دنیا کے لئے ایک مصیبت ثابت ہوتی ہے کیونکہ بادشاہ اور اس کے ارکان حکومت وزراء امرا عمال اور فوج مل کر اپنی قوت سے پورے ملک کے باشندوں کو تاج کا غلام بنا لیتے ہیں اور ان کی محنت کو اس کے اور اس کے تحت میں اپنے فائدوں کے لئے استعمال کرتے ہیں ۔ (یہ لفظ طغیان سے نکلا ہے جس کے معنی سرکشی اور حسد سے بڑھنے کے ہیں ۔ طاغوت ہر وہ شے ہے جس اپنا تسلط جما لے ۔ خواہ مادی تسلط ہو جیسے بادشاہوں کا ، خواہ روحانی جیسے دیوتاؤں اور

غلط پیشواؤں اور رہنماؤں کا)۔

آج کل جمہوریت اور آمریت دو قسم کی حکومتیں دنیا میں زیادہ نمایاں اور باہم دگر برسرپیکار ہیں لیکن اسلام مروجہ اصطلاحی معنوں میں نہ جمہوریت کو صحیح قرار دیتا ہے نہ آمریت کو کیونکہ جمہوریت میں یہ سمجھا جاتا ہے کہ حق حکومت جمہوریت کو حاصل ہے جسے وہ اپنے نمائندوں کے سپرد کرتے ہیں اس حق سے وہ نمائندے حکومت اور وضع قوانین کے مجاز ہو جاتے ہیں اور آمریت میں مختار ناطق کی ذات میں حکومت کا حق تسلیم کیا جاتا ہے۔ مگر اسلام جس کی بنیاد وحدت اطاعت پر ہے کسی انسان یا کسی انسانی جماعت میں حکومت کا حق نہیں مانتا بلکہ اس کو صرف اللہ کا حق قرار دیتا ہے۔

ان الحکم الا للہ امر ان لا تعبدو الا ایاہ (40/12)

کسی کی حکومت نہیں سوائے اللہ کے اس نے حکم دیا ہے کہ تم سوائے اس کے کسی کی فرمانبرداری نہ کرو۔

وہی بلا شرکت غیرے حاکم اور مطاع ہے۔

ولا یشرک فی حکمہ احدا (25/18)

اور وہ اپنی حکومت میں کسی کو ساجھی نہیں بناتا۔

انبیائے کرام تک کو بھی جو بنی نوع انسان کا سب سے بلند طبقہ ہے یہ حق نہیں دیا گیا کہ وہ کسی کو اپنا محکوم بنائیں بلکہ صرف یہ کہ ان کو اللہ کی اتاری ہوئی کتاب کے مطابق چلائیں۔

ماکان لبشر ان یؤتیہ اللہ لکتاب والحکم والنبوۃ ثم یقول للناس کونوا عبادا لی من دون اللہ ولکن کونوا ربانیین بماکنتم تعلمون الکتاب وبماکنتم تدرسون

کسی شخص کو جسے اللہ، کتاب اور حکم اور نبوت دے یہ حق نہیں ہے کہ وہ لوگوں سے کہے کہ تم اللہ کو چھوڑ کر میرے محکوم بنو بلکہ (اس کو یہی کہنا فرض ہے) کہ تم اللہ والے بنو اس کے مطابق جو تم کتاب کو پڑھتے پڑھاتے ہو۔

اس لئے ملت اسلامیہ کی مرکزی جماعت خود حکمراں نہیں ہے بلکہ صرف قوانین الہٰی کے نفاذ کا اختیار رکھتی ہے وہ ہنگامی ضروریات کے لئے جو فروعی ضوابط تیار کرے گی اس میں کوئی ایسا قانون نہیں بنا سکے گی جو قرآن سے مطابقت نہ رکھتا ہو۔

ومن لم یحکم بما انزل اللہ فاولئک ھم الظالمون

(46/5)

جو اللہ کے اتارے ہوئے (اصول) کے مطابق حکومت نہ کرے وہ ظالم ہے۔

قرآن سے نصیحت ہر مسلمان لے سکتا ہے کیونکہ وہ افراد کی بھی مکمل اصلاح کے لئے ہے تاکہ وہ ملت کا جزو صالح بن سکیں لیکن اس کو اجتماعی طور پر عمل میں لانے کے لئے اس کی تشریح و توضیح اور اس کے اصول سے زمانے کے مقتضیات کے مطابق فروغ کے اخذ کرنے کا حق صرف مرکزی جماعت ہی کو حاصل ہے اسی طرح کوئی تعلیم یا تلقین یا امت کی کوئی ارشاد یا رہنمائی بلا اجازت مرکز کے نہیں ہو سکے گی نیز مرکز کا یہ بھی فریضہ ہے کہ امت کے افراد طبقات اور جمہور و حکام کے تنازعات کو مٹاتا رہے اور ان میں باہم کسی قسم کا افتراق و اختلاف نہ پیدا ہونے دے اس نظام میں ارباب علم و عقل کو فکر کی پوری حریت اور اجتہاد کی مکمل آزادی کے علاوہ قرآن نے درجات عالیہ کی سربلندی بھی عطا فرمائی ہے لیکن ان کو مطاع نہیں قرار دیا ہے اطاعت اکیلے اللہ ہی کی ہے ان کی تحقیق و اجتہاد کے نتائج امت کے لئے اسی وقت دینی یا آئینی ہوں گے جب مرکز سے مسلم ہو کر اس کو ملیں گے۔

قرآن کی ان تعلیمات سے جو نہایت اختصار کے ساتھ لکھی گئی ہیں حسب ذیل امور واضح ہو جاتے ہیں۔

(1) اسلام کی بنیاد اکیلے اللہ کی اطاعت پر ہے۔

(2) امت سے یہ اطاعت رسول خود اپنے مقرر کئے ہوئے امراء کے ذریعے سے لے گا۔

(3) رسول نام نہیں ہے بلکہ منصب ہے جس کو امامت کے لحاظ سے بذریعہ خلفاء کے ہمیشہ قائم رہنا چاہیئے۔

(4) امام کے ساتھ مشیروں کی ایک جماعت کا ہونا لازم ہے یہی جماعت مع امام کے ملت کا مرکز ہے۔

(5) اجتماعی لحاظ سے مرکز کی اطاعت اللہ اور رسول کی اطاعت ہے۔

(6) مرکز کے اختیارات ملت پر ہمیشہ وہی رہیں گے جو بحیثیت امام محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے تھے اس کی اطاعت ہر مسلمان پر فرض ہے اور اس کا فیصلہ ہر امر میں آخری اور قطعی ہے جس سے کسی کو سرتابی کا اختیار نہیں ہے۔

(7) علماء و بزرگان دین خواہ کسی درجہ کے ہوں مطاع نہیں ہیں بجز اس حد کے جس حد تک مرکز کی طرف سے ان میں کسی کو اختیار دیا گیا ہو قرآن نے اکیلے اللہ کی اطاعت کا حکم دے کر احبار و رہبان پرستی اور پاپائیت اور برہمنیت کو ہمیشہ کے لئے فنا کر دیا ہے۔

(6) حکومت کا حق اسلام میں سوائے اللہ کے کسی کو نہیں ہے مرکز کا فریضہ صرف حکومت الہیٰ کو چلانا ہے۔

(9) اس حکومت الہیٰ کا اصولی دستورالعمل اللہ کی اتاری ہوئی کتاب یعنی قرآن کریم ہے۔

(10) قرآن سے نصیحت ہر شخص لے سکتا ہے لیکن اس کے اصول سے ہر زمانے میں ضوابط کی تفریع جو امت کے لئے مستند آئین ہو صرف مرکزی جماعت ہی کی طرف سے ہوگی۔

---

# عہد رسالت

حقیقی دین آغاز آفرینش سے ایک ہی ہے یعنی اکیلے اللہ کی بندگی انسانوں کی تخلیق اسی لئے ہوئی ہے کہ اکیلے اللہ کے بندے بنیں۔

**وما خلقت الجن والانس الا لیعبدون** (56/51)

اور میں نے نہیں پیدا کیا جن و انس کو مگر اس لئے کہ میری فرمانبرداری کریں۔

اسی اطاعت الٰہی کا نام دین اسلام ہے اور قرآن نے اسی کو فطری دین قرار دیا ہے۔

**فاقم وجھک للدین حنیفاً فطرۃ اللہ التی فطر الناس علیھا لا تبدیل لخلق اللہ ذلک الدین القیم** (30/30)

تو ایک طرف ہو کر اپنا رخ اصلی دین کی طرف کر۔ یہ اس فطرت کے مطابق ہے جس پر اللہ نے انسانوں کو پیدا کیا ہے۔ اللہ کی بناوٹ میں کوئی تبدیلی نہیں۔ یہی سیدھا دین ہے۔

دوسری جگہ اسی مطلب کو یوں ادا کیا ہے۔

**واذ خذ ربک من بنی آدم من ظھورھم ذریتھم و اشھد ھم علی انفسھم الست بربکم قالوا بلی شھدنا** (171/7)

(روز ازل) جب تیرے رب نے بنی آدم کی پشتوں سے ان کی اولاد کو نکالا اور خود انہی کو ان کے اوپر گواہ بنایا کہ کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں انہوں نے کہا کہ ہاں بیشک ہم اس پر گواہ ہیں۔

خود ان کو ان کے اوپر گواہ بنانے کے معنیٰ یہ ہیں کہ یہ بات ان کی سرشت میں رکھ دی گئی جو ازل سے ہے اور ابد تک رہے گی کیونکہ فطرت میں کوئی تبدیلی نہیں رسالت کا فریضہ ہمیشہ سے یہی رہا ہے کہ انسانوں کی اسی صحیح فطرت کو بیدار کرے اور بھولی ہوئی شہادت ان کو یاد دلائے اولین رسل حضرت نوحؑ یہی پیغام لے کر آئے تھے۔

**یاقوم انی لکم نذیر مبین ان اعبدواللہ واتقوہ** (2/71)

اے میری قوم میں تمہارے لئے کھلا ہوا نذیر ہوں کہ تم اللہ کی

فرمانبرداری کرو اور اس سے ڈرو۔

اور آخری رسول حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم تک سب کی یہی تعلیم رہی۔

**شرع لکم من الدین ماوصی ابہ نوحا والذی او حینا الیک وما وصینا بہ ابراھیم و موسیٰ و عیسیٰ ان اقیمو الدین ولا تتفرقوا فیہ (13/42)**

تمہارے لئے اس نے دین کا راستہ وہی بنایا جس کی نوح کو وصیت کی تھی اور جس کو ہم نے تجھ پر وحی کیا اور جس کی ہم نے ابراہیم اور موسیٰ اور عیسیٰ کو وصیت کی تھی کہ دین کو قائم کرو اور اس میں تفرقہ نہ ڈالو۔

ہر امت کے لئے رسول یہی پیغام لے کر آئے۔

**ولقد بعثنا فی کل امۃ رسولاً ان اعبدواللہ واجتنبوالطاغوت (36/16)**

اور ہم نے ہر امت میں رسول بھیجے کہ اللہ کی فرمانبرداری کرو اور زبردستوں سے کنارہ کشی۔

کل رسولوں کی تعلیم بھی ایک اور امت بھی ایک ہی ہے۔

**یا ایھا الرسل کلوا من الطیبات و عملوا صالحا انی بما تعملون علیم ا ان ہذہ امتکم امۃ واحدۃ و انا ربکم فاعبدون (52/23)**

اے رسولو! پاک روزی کھاؤ اور نیک عمل کرو۔ تم جو کچھ کرتے ہو میں جانتا ہوں۔ یہ تمہاری امت ایک ہی امت ہے اور میں تمہارا پروردگار ہوں سو میری فرمانبرداری کرو۔

الغرض دین اسلام یہی ہے کہ اکیلے اللہ کی ہی فرمانبرداری ہو اس کے سوا نہ کوئی آقا ہے نہ کوئی رب نہ انسان کسی غیر کا بندہ ہے۔ رسالت اور نبوت سلسلہ وار اپنا یہی فرض ادا کرتی چلی آئی لیکن خاتم النبیین سے پہلے جس قدر نبی یا رسول آئے وہ اپنی اپنی ایک ایک محدود جماعت کی اصلاح کے لئے تھے یعنی قومی یا قبائلی نبی تھے اور جہاں تک تاریخ شہادت دیتی ہے ان کے اٹھ جانے کے بعد ان کا روشن کیا ہوا چراغ ہدایت بھی ماند پڑ جاتا یا بجھ جاتا تھا یہی حال آسمانی کتابوں کا تھا کہ خود ان کے پیرو ان میں تغیر تبدل اور تحریف کر کے کچھ کا کچھ بنا لیتے تھے۔

## خاتم النبیین

محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ نے سلسلہ نبوت ختم کرنے کے لئے اپنا سب سے

آخری نبی بنایا۔ اور کسی قوم یا قبیلے کی طرف نہیں بلکہ ساری دنیا کی طرف رسول بنا کر بھیجا۔

**قل یا ایھا الناس انی رسول الله الیکم جمیعا** (158/7)

کہدے کہ لوگو! میں تم سب کی طرف اللہ کا رسول ہوں۔

**وما ارسلنک الاکافة للناس بشیراً و نذیراً** (28/24)

اور ہم نے تجھ کو نہیں بھیجا مگر سارے انسانوں کے لئے بشیر و نذیر بنا کر۔

دوسرے لفظوں میں آپ کا فریضہ یہ ہوا کہ جملہ نوع بشر کو اللہ کی فرمانبرداری میں لا کر ایک ہی آقا کا بندہ اور بھائی بنانے کی کوشش کریں آپ کے بعد اس فریضہ کی تکمیل آپ کی امت کے ذمہ کی گئی کیونکہ اب کوئی نیا نبی آنے والا نہ تھا۔ سورۃ حج کی آخری آیت میں ہے۔

**وجاھدوا فی الله حق جھادہ ھوا جتباکم و ما جعل علیکم فی الدین من حرج ملة ابیکم ابراھیم ھو سماکم المسلمین من قبل و فی ھذا لیکون الرسول شھیدا علیکم وتکونوا شھداء علی الناس۔**

اللہ کی راہ میں کوشش کا جو حق ہے بجا لاؤ۔ اس نے دین میں تمہارے اوپر کوئی تنگی نہیں کی ہے (یہ دین) تمہارے باپ ابراہیم کا ہے اللہ نے تمہارا نام مسلمان رکھا۔ پہلے سے بھی اور کتاب میں بھی تاکہ رسول تمہارے اوپر تبلیغ کرے اور تم لوگوں پر تبلیغ کرو۔

اسی لئے آپ کے اوپر جو کتاب نازل ہوئی اس کو بمقابلہ دیگر آسمانی کتابوں کے دو خصوصیات عطا کی گئیں تاکہ دنیا میں اللہ کی اتاری ہوئی مکمل تعلیم اس امت کے ہاتھ میں موجود رہے۔

(1) جملہ سابقہ آسمانی کتابوں کی حقیقی اور جاودانی تعلیمات اس میں محفوظ کی گئیں اور یہ ان سب کی محافظ اور مہیمن قرار دی گئی۔

(2) خود اس کتاب کی حفاظت ہمیشہ کے لئے اللہ نے اپنے ذمہ لے لی۔

**انا نحن نزلنا الذکر و انا له لحافظون** (9/15)

ہم نے ہی قرآن کو اتارا اور ہم ہی اس کے نگہبان ہیں۔

اس کے ایک ایک لفظ کی حفاظت کا وعدہ ہے۔

**اتل ما اوحی الیک من ربک لا مبدل لکلمته** (27/18)

تیرے رب کی کتاب جو تیری طرف وحی کی گئی اس کی تلاوت کر کوئی اس کے لفظوں کو بدلنے والا نہیں۔

خاتم النبیین کا درجہ جتنا بلند رکھا گیا اتنا ہی عظیم الشان فریضہ بھی اس کے ذمہ لگایا گیا پھر مشیت الٰہی نے ان کی بعثت کے لئے وہ قوم چنی جو عقیدہ و عمل میں سراسر مشرک قبائلی زندگی کی سخت خوگر اور آبائی رسوم پر جان دینے میں نہایت بے باک تھی۔

## عرب جاہلیت

اسلام سے قبل عربی قوم سادہ طبیعی زندگی رکھتی تھی اور اپنے خاندانی رسوم و روایات کے سوا کچھ جانتی نہ تھی صنائع سے نفور اور علوم سے دور اطراف عرب یعنی شامی سرحد کے غسانی قبائل عراق کے اہل حیرہ اور یمن کے شہری باشندوں کو چھوڑ کر جن پر رومی اور ایرانی تہذیب کا سایہ پڑا تھا بقیہ ملک میں کہیں کہیں یہودی یا عیسائی ثقافت کے سوا تمام تر جہالت اور وحشت غالب تھی نہ عرب میں کوئی مدرسہ تھا نہ عربی میں کوئی کتاب تھی نہ عربوں میں کوئی تعلیم یافتہ تھا بلاذری نے مکہ کے صرف سترہ آدمیوں کے نام گنائے ہیں جنہوں نے اپنی تجارتی ضرورت سے معمولی نوشت و خواند حیرہ والوں سے سیکھی تھی اور مدینہ کے کل گیارہ آدمی۔ اندرون ملک میں بارش اور پیداوار کی کمی اور دائمی خشک سالی کی وجہ سے بادیہ نشینوں کا ذریعہ معاش زیادہ تر لوٹ مار تھا قبائل رات دن ایک دوسرے پر حملے کرتے تھے اور غارت گری ان کا پیشہ ہو گیا تھا جس میں کسی حد پر وہ رکنے والے نہ تھے بقول ابن خلدون وہ دوسروں کا محل صرف اس مقصد کے لئے بھی گرانے سے دریغ نہ کرتے تھے کہ اس کی بنیاد کے پتھروں سے چولھا بنائیں گے اور دیوار کی کھونٹیوں سے خیموں کی طنابیں کسیں گے اس طرح ان میں لڑائیوں کا ایک غیر منقطع سلسلہ تھا جس نے ان کو فنا کے قریب پہنچا دیا تھا۔

دینی لحاظ سے وہ اگرچہ اللہ کو مانتے تھے مگر مشرک اور بت پرست تھے اور شرک تمام قبائل میں شائع تھا ۔ ہر مقام اور ہر قبیلہ میں الگ الگ بت مخصوص روایات کے مطابق نصب تھے جن کی پوجا کی جاتی تھی لیکن ان کے ساتھ عقیدت رسمی تھی کیونکہ جاہل عربوں کی نگاہوں میں زیادہ تر مادی منفعت اور مادی زندگی تھی اور یہی ان کی ساری جدوجہد کا محور تھی ۔ تند مزاجی اور غضبناکی ان کی عام صفت تھی چھوٹی چھوٹی باتوں پر بگڑ بیٹھتے تھے اور حریت کا جذبہ اس قدر قوی تھا کہ سوائے اپنے رئیس یا دینی اطاعت کے اور کسی کی فرمانبرداری کو ننگ و عار سمجھتے تھے لیکن یہ جذبہ بھی اجتماعی نہ تھا بلکہ شخصی یا قبائلی تھا اپنی یا اپنے قبیلہ کی ہتک حرمت کسی طرح برداشت نہیں کر سکتے تھے اور فوراً تلوار لے کر فیصلہ کے لئے تیار ہو جاتے تھے ۔ الغرض عہد جاہلیت کی تہذیب اگر اس کو تہذیب کہا جا سکے

جہالت سفاکی اور غارت گری تھی لیکن اسی کے ساتھ ان مسلسل جنگوں نے ان میں شجاعت جفاکشی اور خود اعتمادی پیدا کر دی تھی جس سے مشکلات میں اپنی ذات اور اپنی تلوار پر بھروسہ رکھتے مقابل کی تعداد اور قوت کا لحاظ کئے بغیر خطرے میں کود پڑتے اور جان کی پرواہ نہیں کرتے تھے وہ اپنی ہمسایہ قوموں یعنی رومیوں اور ایرانیوں کی طرح عیش پرورده اور تہذیب زدہ نہیں تھے۔

طبعاً ان میں سخاوت اور مہمان نوازی تھی اور وفا عہد کو لازم سمجھتے تھے اسی کے ساتھ گویائی اور قوت بیان میں ممتاز تھے نیز ان کی حق گوئی حق پسند اور حق کی قبولیت کی استعداد ان کے سخت سے سخت نکتہ چینوں کو بھی تسلیم کرنی پڑتی ہے اور غالباً یہی صلاحیتیں تھیں جن کی بدولت قدرت نے انہیں امیوں کو خاتم النبیین کی بعثت اور ان کے بعد اسلام کا اولین مبلغ ہونے کے لئے منتخب کیا۔ آخر کار انہیں کے گریبان سے انسانیت کا سب سے بڑا اور روشن آفتاب طلوع ہوا یعنی عرب کے مرکز مکہ مکرمہ میں 9 ربیع الاول مطابق 20 اپریل 571 ء میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت ہوئی۔

## بعثت

25 رمضان کو جیسا کہ بعض مورخوں کی تحقیق ہے غار حرا میں آنحضرتؐ پر پہلی وحی نازل ہوئی یہ تاریخ مطابق تھی 6 اگست 610ء کے ۔ اس وقت حضور اکرمؐ کی عمر چالیس سال چھ مہینے سولہ دن کی تھی اور شمسی حساب سے 39 سال 3 ماہ اور 16 دن کی یہی تاریخ جاہلیت اور اسلام کی حد فاصل ہے کیونکہ اسی دن خاتم النبیین محمد صلی اللہ علیہ وسلمؐ کی نبوت کا آغاز ہو گیا جو لوگ زیادہ قرب اور خصوصیت رکھتے تھے ان میں سے چار افراد اسی دن ایمان لائے عورتوں میں سے حضرت خدیجہؓ مردوں میں سے حضرت ابو بکرؓ لڑکوں میں سے حضرت علیؓ جن کی عمر اس وقت دس سال تھی اور غلاموں میں سے حضرت زید بن حارثہؓ جو آپ کے متبنیٰ کہے جاتے تھے۔ تین سال تک اسلام کی تبلیغ مخفی ہوتی رہی آنحضرتؐ اور حضرت ابو بکرؓ اپنے واقف کاروں میں سے جن میں حق پسندی دیکھتے ان کو اسلام کی دعوت کرتے اس عرصہ میں کچھ لوگوں نے اس دین کو قبول کر لیا جنہوں نے بعد میں بڑے بڑے کارنامے چھوڑے ہیں اس کے بعد جب بحکم الٰہی

فاصدع بما تؤمرو اعرض عن المشرکین (93/15)

تم کو جو حکم دیا جاتا ہے اس کو کھول کر سناؤ اور مشرکوں کی پرواہ نہ کرو۔

دعوت اسلام کا اعلان ہوا اور شرک اور مشرکوں کی مذمت کی گئی تو کفار قریش نے

مخالفت شروع کردی۔

**كبر على المشركين ماتدعوهم اليه (42 13)**

گراں ہے مشرکوں پر وہ بات جس کی طرف تو ان کو بلا رہا ہے۔

انہوں نے پہلے کہا! پھر نارپڑ دنائی۔ پھر دھمکیاں دیں۔ بالآخر مقابلے پر اتر آئے۔ رسول اللہ پر آوازے کستے بے حرمتی کرتے جو لوگ مسلمان ہو جاتے ان کے کنبہ والے ان کو ستاتے اور جو غلام اسلام قبول کرلیتا اس پر اس کا آقا سختیاں کرتا جن کی وجہ سے بعض کی جانیں بھی تلف ہو گئیں پانچ سال تک ان تلخیوں اور تکلیفوں کو سہتے سہتے مجبوراً رسول اللہؐ نے مسلمانوں کو حکم دیا کہ مکہ چھوڑ کر حبشہ کے ملک میں چلے جائیں چنانچہ رفتہ رفتہ 83 مرد اور 17 عورتیں مکہ سے حبشہ چلے گئے۔

بنی ہاشم اور خاص کر ابو طالب جو آنحضرتؐ کے چچا تھے اور خاندانی لحاظ سے آپ کی حمایت کرتے تھے کافروں نے ان سے بھی ہر قسم کے تعلقات توڑ ڈالے اور اسلام کی تبلیغ اور اس کی طرف لوگوں کے آنے میں جہاں تک ہو سکا رکاوٹ ڈالنی شروع کی۔ بعثت کے دسویں سال ابو طالب انتقال کر گئے ان کے بعد ہی ام المومنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا نے بھی جو آپ کی مشیر اور مددگار تھیں وفات پائی اب دشمنوں کو دست درازی کا موقع ملا اور آنحضرتؐ کو زیادہ ستانے لگے یہاں تک کہ ایک دن ایک کافر نے خاک اٹھا کر آپ کے سر پر ڈال دی اس لئے آنحضرتؐ کو اہل مکہ کے اسلام سے مایوسی ہو گئی اور اس تلاش میں ہوئے کہ کوئی ایسا قبیلہ ملے جو اسلام کی حمایت کے لئے تیار ہو جائے، تو میں اس کے ساتھ مل کر تبلیغ رسالت کے فرائض ادا کروں اس امید پر آس پاس کے مختلف مقامات میں تشریف لے گئے لیکن کامیابی نہ ہوئی۔ حج کے زمانے میں جو قبائل آتے ان میں بھی جا کر تبلیغ کرتے لیکن قریش کی مخالفت کی وجہ سے وہ بھی آپ کی طرف توجہ نہیں کرتے تھے اتفاقاً مدینے کے بھی کچھ لوگ مکہ میں آئے انہوں نے آپ کی باتیں سنیں ان کے دلوں میں اسلام کی حقانیت بیٹھ گئی واپس جا کر انہوں نے مدینہ میں آپ کا چرچا کیا دوسرے سال حج کے موقع پر وہاں کے بارہ آدمی آکر مسلمان ہوئے۔ آنحضرتؐ نے مصعب بن عمیرؓ کو جو سابقین اولین میں سے تھے ان کے ساتھ کر دیا کہ قرآن پڑھائیں اور مدینے میں اسلام کی تبلیغ کریں۔ اہل مدینہ پر اس تبلیغ کا ایسا اثر ہوا کہ گھر کے گھر مسلمان ہونے لگے۔ نبوت کے تیرھویں سال وہاں کے 75 مسلمان حج کے موسم میں مکہ آئے اور رات کے وقت چھپ کر مقام عقبہ میں آپ کے ہاتھ پر بیعت کی کہ مدینے میں تشریف لے چلیں۔ ہم جان و مال سے حمایت کے لئے تیار ہیں اس بیعت کے بعد مکہ میں جو لوگ اسلام لاتے آنحضرتؐ ان کو مدینے بھیج دیتے بعد

میں حبشہ کے مہاجرین بھی مدینے میں آگئے۔

## ہجرت

کفار مکہ نے یہ دیکھ کر کہ آنحضرتؐ کی جماعت مدینے میں بڑھ رہی ہے کہیں ایسا نہ ہو کہ یہ بھی ان میں جا ملیں اور اپنی طاقت بڑھا کر ہم سے جنگ کریں مشورہ کیا کہ آپؐ کو قتل کروا ڈالیں ادھر اللہ نے آپ کو مکہ چھوڑ دینے کی اجازت دی۔ رات کے وقت حضرت ابو بکرؓ کو ساتھ لے کر نکلے اور جبل ثور کے ایک غار میں چھپ رہے۔ تیسرے دن جب کفار مکہ کی تلاش و جستجو کم ہو گئی اس میں سے نکل کر مدینے کی طرف روانہ ہوگئے۔ وہاں پہنچ کر سب سے پہلے آس پاس کے یہودی قبائل سے جو دولت مند اور طاقت ور تھے عہد نامے کئے منجملہ شرائط کے یہ شرط بھی تھی کہ دشمنوں کے مقابلے میں ہر ایک دوسرے کی مدد کرے گا اور یہود قریش یا ان کے حلیفوں کو پناہ نہ دیں گے۔ یہیں سے اسلام کی سیاسی زندگی کا آغاز ہوا اور قرآن نے مخالفوں سے مدافعانہ جنگ کی اجازت عطا فرمائیں۔

اذن للذين يقاتلون بانهم ظلموا (38/22)

جن سے لوگ لڑتے ہیں ان کو (بھی لڑنے کی) اجازت دی گئی۔ اس واسطے کہ ان پر ظلم ہوا۔

## مدنی زندگی

مکہ مکرمہ سے نکل آنے کے بعد قریش کی دشمنی بڑھ گئی انہوں نے نہ صرف ہجرت کر جانے والے مسلمانوں کی ملکیتوں پر قبضہ کر لیا بلکہ رؤساء مدینہ منورہ خاص کر عبداللہ بن ابی کو جو بہت بڑا سردار تھا ان کے برخلاف اکسانا شروع کیا نیز مدینہ منورہ کے آس پاس کے قبائل میں بھی ریشہ دوانیاں کرنے لگے جس سے مسلمانوں کو ہر وقت خطرہ رہنے لگا آنحضرت خود راتوں کو جاگتے اور جوانوں کو پہرہ دینے کے لئے مقرر فرماتے۔

قریش کا ذریعہ معاش تجارت تھا ہر سال گرمیوں میں ان کا کاروان تجارت ملک شام کو جاتا تھا جس کے راستے میں مدینہ منورہ تھا مسلمانوں نے یہ سوچا کہ ان کی اس تجارت کو روک دیں تاکہ وہ عاجز آکر امن و آشتی کا رویہ اختیار کریں اس لئے جب قریش کے آنے یا جانے کا پتہ ملتا تو خود آنحضرتؐ مع صحابہ کے ان کو روکنے کے لئے جاتے اور کبھی کسی کے ساتھ کچھ آدمیوں کو بھیج دیتے مورخوں نے یہ اصطلاح رکھی ہے کہ جس یورش یا لڑائی میں آنحضرتؐ خود شریک ہوئے اس کو غزوہ اور باقی کو سریہ کہتے ہیں۔ انہیں سرایا میں سے عبداللہ بن جحش کا سریہ تھا جن کو رجب 2 ھ میں آٹھ مہاجروں کے ساتھ روانہ کیا کہ مکہ مکرمہ کے

قریب پہنچ کر قریش کے ارادے معلوم کریں۔ یہ لوگ بطن نخلہ میں تھے کہ وہاں سے عمرو بن حضرمی جو قریش کا حلیف تھا مع اپنے تین تجارتی اونٹوں کے گزرا ایک مہاجر نے اس کو تیر مارا جس سے وہ مر گیا۔ اس کے قتل سے قریش کی عداوت کی آگ اور بھڑک اٹھی۔ آئندہ لڑائیوں کا سلسلہ اسی سے شروع ہوا چنانچہ اس واقعہ کو دو ماہ بھی نہیں گزرے تھے کہ بدر کی جنگ پیش آگئی ابوسفیان شام سے تجارتی قافلہ لا رہے تھے جب پتہ پایا کہ مسلمان اس پر حملہ کی تیاریاں کر رہے ہیں تو ایک تیز رو قاصد مکہ مکرمہ کی طرف دوڑایا۔ قریش خبر پاتے ہی اپنے اموال کی حفاظت کے لئے روانہ ہوگئے ابوسفیان راستہ بدل کر ساحل بحر سے قافلے کو نکال لے گئے اور مکہ والوں کو کہلا بھیجا کہ واپس چلو۔ لیکن قریش کے سرداروں خاص کر ابوجہل نے واپسی سے انکار کیا اور کہا کہ ہم بدر میں جا کر ٹھہریں گے اور تین دن جشن منائیں گے تاکہ قبائل میں ہمارے آنے کی شہرت اور ہمارا رعب غالب ہو جائے۔ یہ دراصل اسی انتقامی جوش و خروش کا مظاہرہ تھا۔

آنحضرتؐ مدینہ منورہ سے نکل چکے تھے بالآخر مکہ والوں سے بدر میں 17 رمضان 2 ھ کی صبح کو مقابلہ ہوا اللہ نے بے سروسامان مسلمانوں کی جن کی کل تعداد 313 تھی مکہ مکرمہ کے ایک ہزار جنگ آوروں کے مقابلہ میں ایسی مدد کی کہ قریش کی طاقت جو اسلام کے سب سے بڑے دشمن تھے ٹوٹ گئی ان کے ستر آدمی جن میں بڑے بڑے سردار شامل تھے مارے گئے اور نوے گرفتار ہوئے ان کے مقابلے میں مسلمان شہداء کی کل تعداد چودہ تھی۔ یہ جنگ درحقیقت شوکت اسلام کا سنگ بنیاد تھی جس سے ملک عرب میں بحیثیت ایک قوت کے اس کا ظہور ہو گیا۔

اس جنگ میں یہ واقعہ خاص توجہ کے قابل ہے کہ آنحضرتؐ بدر میں پہنچ کر پہلے چشمے پر اتر پڑے تھے حضرت حباب بن منذر نے پوچھا کہ یہاں ٹھہرنے کا حکم الہامی ہے جس میں چون و چرا کی گنجائش نہیں یا آپ نے خود جنگی تدبیر کے لحاظ سے اس مقام کو منتخب فرمایا ہے جواب دیا کہ یہ خود میری رائے ہے حباب نے کہا کہ یہ جگہ موزوں نہیں ہے مناسب یہ ہے کہ آگے بڑھ کر ہم قریش کی فرودگاہ کے قریب ترین چشمے پر قبضہ کر لیں اور اپنے لئے حوض بھر کر اردگرد کے چشموں کو پاٹ دیں تاکہ ان کو پانی نہ مل سکے حضورؐ نے اس مشورہ کو پسند فرمایا اور اسی کے مطابق عمل کیا اس سے ثابت ہو جاتا ہے کہ صحابہ کرام پر آپ کی پیغمبری اور امامت کی الگ الگ حیثیتیں واضح تھیں اور بحیثیت امام کے آپ کو مشورہ دینا جائز سمجھتے تھے اور آپ بھی بطیب خاطر ان کے معقول مشورہ کو قبول فرمالیتے تھے۔

دوسرے سال قریش نے بدر کے مقتولوں کا بدلہ لینے کے لئے چڑھائی کی اور کوہ احد کے متصل جنگ ہوئی جس میں قریش کا پلہ بھاری رہا اس کے بعد انہوں نے غطفانی قبائل کو اپنے ساتھ ملا لیا اور 5ا میں 24 ہزار کی جمعیت سے اسلام کو مٹانے کے لئے آئے چونکہ مدینے کے ارد گرد کے یہودی قبائل نے بھی بدعہدی کر کے ان کا ساتھ دے دیا اس وجہ سے مسلمانوں کی حالت بہت پر خطر ہو گئی لیکن اللہ نے مدد کی دشمنوں میں پھوٹ پڑ گئی پھر جاڑے کے دن تھے اور تیز آندھیاں جن میں کھانا پکانا اور خیموں کا سنبھالنا بھی مشکل ہو گیا اور اتنی بڑی جمعیت کے لئے سامان رسد کی فراہمی آخر عاجز آکر واپس چلے گئے۔

اس کے بعد دوسرے سال صلح حدیبیہ ہوئی جس کی رو سے دس سال تک باہم امن و امان کے ساتھ رہنے کا فریقین نے عہد باندھا اب مسلمان بے خطر قبائل میں جانے لگے اور اسلام کو سکھانے اور اس کی تبلیغ کا راستہ صاف ہو گیا۔ یہ صلح اگرچہ دس سال کے لئے ہوئی تھی مگر تیسرے ہی سال قریش کے حلیف بنی بکر نے اس کی شرائط کی خلاف ورزی کی اور بنی خزاعہ کو جو رسول اللہؐ کے حلیف تھے حرم تک میں قتل کر دیا اس وجہ سے 10 رمضان 8 ھ کو آنحضرتؐ نے دس ہزار صحابہ کو ساتھ لے کر قریش پر چڑھائی کی یہ جنگ اپنی نوعیت میں تمام عالم میں انوکھی تھی یعنی مکہ حرم ہے خونریزی بھی نہ ہو اور فتح بھی ہو جائے چنانچہ سوائے ایک خفیف جھڑپ کے جس میں چند کافر ہلاک ہوئے اللہ کی مدد اور خاتم النبیینؐ کی برکت سے مسلمان بلا جنگ کے وہاں داخل ہو گئے اس فتح کے بعد اہل قریش مسلمان ہو گئے۔

## نتائج

رسول اللہؐ نے جب مکہ مکرمہ سے ہجرت کی اس وقت تک قریش اور اس کے قبائل میں سے ایک مختصر جماعت نے اسلام کو قبول کیا تھا دیگر قبائل کے صرف چند آدمی اسلام لائے تھے لیکن مکی زندگی کی تیرہ سال کی کوششوں اور جد و جہد کا یہ اثر ہوا تھا کہ سارے عرب میں آنحضرتؐ کی رسالت کا چرچا پھیل چکا تھا۔ ہجرت کے بعد مدینہ منورہ کے باشندے زیادہ تعداد میں مسلمان ہوئے جن کو انصار کا لقب ملا۔ یہاں کے لوگوں میں اسلام کا ایسا عشق تھا کہ سب مسلمان ہو جاتے لیکن رکاوٹ یہ پڑ گئی کہ ان میں سے بعض اہل اثر یا تو اسلام کی حقیقت کو نہ سمجھ سکے یا ان کو اپنی سرداری کے زوال کا خوف ہو گیا اس وجہ سے مسلمانوں کی دشمنی کرنے لگے ان کے ساتھ اور بھی ان کے ہم خیال ہو گئے گو اسلام کے غلبہ کی وجہ سے ظاہر میں وہ مسلمان ہو گئے مگر باطن میں مخالفت کرتے تھے انہیں لوگوں کو قرآن نے منافق کہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم ان کے ساتھ نرمی اور مہربانی کا برتاؤ کرتے تھے اور

چاہتے تھے کہ ان کا باطن بھی ظاہر کے مطابق ہو جائے۔

آنحضرتؐ عرب کے قبائل کو اسلام کی طرف بلاتے ان کے پاس وفود اور خطوط بھیجتے لیکن قریش کے مغلوب ہونے سے پیشتر تک کوئی بڑا نتیجہ ظاہر نہیں ہوا۔ رسول اللہؐ کو اپنی رسالت کے فریضہ کا اس قدر خیال تھا کہ دن رات اسی فکر میں رہتے کہ سب کو نجات کا راستہ دکھا دیں اور جب لوگوں کو اس طرف آتے ہوئے نہ دیکھتے تو اپنی ذمہ واری کے احساس سے غمگین ہو جاتے اس پر اللہ نے عتاب کے انداز میں کہا۔

**لعلک باخع نفسک ان لا یکونوا مومنین**

تو شاید اس کے پیچھے جان گنوا دے گا کہ یہ ایمان نہیں لاتے۔

پھر بار بار اس حقیقت کا اظہار کیا کہ تمہارا کام صرف تبلیغ ہے ہدایت سے لگا دینا نہیں ہے یہاں تک کہ کافروں کی ذمہ داری سے آپ کو بری کر دیا سورہ بقرہ میں ہے۔

**لا تسئل عن اصحاب الجحیم**

جہنمیوں کی مسئولیت تیرے ذمہ نہیں ہے۔

اہل عرب کے توقف کی بڑی وجہ بظاہر یہ معلوم ہوتی ہے کہ اہل اسلام اور قریش میں جو لڑائیاں ہوئی تھیں وہ فیصلہ کن نہ تھیں بدر میں اگر مسلمانوں کو فتح ہوئی تو احد میں قریش غالب رہے۔ نیز خندق کی لڑائی سے عربوں نے یہ سمجھا کہ مسلمان قریش سے رد در رد مقابلے کی ہمت نہیں رکھتے۔ اس وجہ سے اشاعت اسلام کی رفتار بہت سست تھی۔

صلح حدیبیہ کے بعد جب کافروں سے مسلمانوں کا میل جول اور تبادلہ خیالات کا موقع ملا اور انہوں نے اس کی تعلیمات سنیں اور ان پر غور کیا تو عام طور پر ان کا رجحان اسلام کی طرف ہو گیا بلکہ خود قریش کے بعض افراد پر اس کی حقانیت اثر کر گئی چنانچہ اس صلح کے بعد ان کے دو بڑے سردار حضرت خالد بن ولیدؓ اور عمرو بن عاصؓ مدینہ منورہ میں آ کر اسلام لائے کسی نے حضرت عمرو بن عاصؓ سے پوچھا کہ اس قدر عقل و فہم رکھتے ہوئے تم نے اتنی دیر کیوں لگائی جواب دیا کہ "ہماری قوم کے رؤساء ایسے تھے جن کی عقلیں پہاڑوں سے بھی زیادہ بھاری تھیں ان کے پیچھے ہم جس راستے کو اختیار کر لیتے خواہ کتنا ہی دشوار گزار کیوں نہ ہو آسان ہو جاتا انہوں نے جب آنحضرتؐ کی نبوت کا انکار کیا تو ہم نے بھی بلا سوچے سمجھے ان کی تقلید کی لیکن ان کے (جنگ بدر میں مقتول ہو جانے کے) بعد جب مہمات ہمارے سروں پر آ پڑیں اور ہم کو سوچنے کا موقع ملا اس وقت ہم نے دیکھا کہ معاملہ بالکل صاف ہے اور آنحضرتؐ کے رسول برحق ہونے میں کسی قسم کا شبہ نہیں ہے"۔

لیکن پھر بھی اہل عرب قریش کے منتظر رہے 8ھ میں جب مکہ فتح ہو گیا تو آنکھیں

کھل گئیں اور یقین ہو گیا کہ اسلام دین برحق ہے ورنہ بیت اللہ پر اس کا تسلط ناممکن تھا اسی کے ساتھ قریش جن کی مذہبی سیادت سارے عرب میں مسلم تھی اسلام میں داخل ہو گئی یہ دیکھ کر عربوں نے اس کی طرف قدم بڑھایا اور قبائل اپنے اپنے وفود آنحضرتؐ کی خدمت میں بھیج کر اسلام میں داخل ہو گئے چنانچہ 9 ھ تاریخ میں عام الوفود کے نام سے موسوم ہو گیا۔ فتح مکہ دراصل زمانہ ماسبق و مابعد کے درمیان حد فاصل ہے قریش کا اسلام لانا گویا تمام عرب میں شرک و بت پرستی کا خاتمہ تھا کعبہ کے بتوں کے ٹوٹنے کے ساتھ ہی عرب کے سارے بت خاک میں مل گئے۔

## اصلاح کا صرفہ

مدنی زندگی کے ان دس سالوں میں کل چھوٹے بڑے غزوات اور سرایا جو پیش آئے ان کی تعداد 82 ہے ان سب میں جس قدر انسانی جانیں صرف ہوئیں ان کو بعض سیرت نگاروں نے کوشش کر کے شمار کر لیا ہے۔ فریقین کے کل مقتولین کی تعداد 1018 ہے 259 مسلمان اور 759 کفار و مشرکین۔ اسی طرح کل اسیران جنگ 1585 تھے۔ جن میں سے صرف ایک مسلمان عمرو بن امیہ بقیہ مخالفین ان میں سے چھ ہزار بنی ثقیف و ہوازن کے لوگ ایک ہی جنگ حنین میں گرفتار ہوئے تھے جن کو حضور اکرمؐ نے از راہ لطف و مہربانی دوسرے ہی دن چھوڑ دیا نیز یہ بھی قطعی طور پر ثابت ہو چکا ہے کہ 448 قیدی دیگر مختلف غزوات میں بلا فدیہ رہا کئے گئے اور دو قیدی ایسے تھے جو اپنے سابقہ جرائم کی وجہ سے قتل کئے گئے بقیہ 114 جو رہ جاتے ہیں ان کی بابت ٹھیک پتہ نہیں چل سکا کہ ان میں سے کس قدر احساناً آزاد کئے گئے اور کس قدر فدیہ لے کر چھوڑے گئے یہ بھی ممکن ہے ان میں سے کچھ اسلام لا کر مسلمانوں میں شامل ہو گئے ہوں۔

سوچنے کا مقام ہے کہ دنیا کا یہ سب سے بڑا عظیم الشان دینی انقلاب کس قدر قلیل نفوس کے صرفہ سے عمل میں آیا مجھے ان بزرگوں پر حیرت ہوئی ہے جو سرور عالمؐ کے ایسے معجزانہ کارناموں میں ان کی عظمت کو نہیں دیکھتے بلکہ اس کے لئے محسوس خوارق عادات کی جستجو میں رہتے ہیں۔

## تعلیم

رسالت کی غرض ہمیشہ سے تعلیمات الہیٰ کی تبلیغ ہے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا بھی فریضہ یہی تھا۔

**ھوالذی بعث فی الامیین رسولاً منھم یتلوا علیھم ایاتہ**
**ویزکیھم و یعلمھم الکتاب والحکمۃ و ان کانوا من قبل**

**لفی ضلال مبین** (2/62)
اللہ ہی ہے جس نے ان پڑھوں میں انہیں میں سے ایک رسول کھڑا کیا جو
ان کو اس کی آیتیں سناتا اور پاکیزہ بناتا اور کتاب و حکمت سکھلاتا ہے ہر
چند کہ وہ پہلے سے کھلی ہوئی گمراہی میں تھے۔
رسول اللہؐ کی تعلیم تمام تر وہی تھی جو اللہ ان کے اوپر بذریعہ وحی کے اتارتا تھا اسی کی تبلیغ فرماتے اور اسی پر عمل کر کے اپنی مثال سے ان کے اعمال و عقائد اور ظاہر و باطن کو پاکیزہ بناتے اور جہالت اور وحشت کی تاریکی سے نکال کر ایمان و عمل صالح کی روشنی میں لاتے۔

**کتاب انزلنه الیک لتخرج الناس من الظلمت الی النور باذن ربهم** (1/14)
عظیم الشان کتاب جو ہم نے تیری طرف اتاری کہ لوگوں کو اللہ کے حکم
سے تاریکی سے روشنی میں نکال لائے۔
یہی کتاب مجید آپ کا سرمایہ تبلیغ و انداز تھی۔

**و اوحی الی هذالقرآن لا نذرکم به ومن بلغ** (19/6)
اور میری طرف یہ قرآن وحی کیا گیا کہ اس کے ذریعے تم کو اور جس تک
یہ پہنچے اس کو آگاہ کر دوں۔

**قل انما انذرکم بالوحی** (45/21)
کہدے کہ میں صرف وحی کے ذریعے سے آگاہ کرتا ہوں۔
قرآن میں بیسیوں جگہ آنحضرتؐ کو حکم دیا گیا ہے۔

**اتبع ما یوحی الیک**
اس کی پیروی کر جو وحی تیری طرف بھیجی جاتی ہے۔
اور آپ کی زبان سے اعلان کرایا گیا ہے۔

**قل انما اتبع مایوحیٰ الی من ربی** (203/7)
کہدے کہ میں تو بس اسی کا تابع ہوں جو مجھ پر میرے رب کی طرف سے
وحی آتی ہے۔

الغرض رسول اللہؐ اپنے قول و عمل سے قرآن ہی کے معلم و مبلغ تھے مورخین لکھتے ہیں کہ ام المومنین حضرت عائشہؓ سے کسی نے حضور کے اخلاق کی صفت دریافت کی موصوفہ نے یہ مختصر اور حقیقی جواب دیا کہ آپ کا خلق قرآن تھا۔
مکہ مکرمہ کی تیرہ سال کی زندگی میں ۹۲ سورتیں نازل ہوئیں جو قرآن کا تقریباً دو

ثلث ہیں اس وقت تک چونکہ اسلام میں تھوڑے افراد داخل ہوئے تھے اور زیادہ خطاب کفار و مشرکین سے تھا اس وجہ سے احکامی آیتیں بہت کم نازل ہوئیں بیشتر ایمان کی ترغیبات ہیں بالخصوص توحید و معاد پر زیادہ زور ہے مختلف قسم کے دلائل سے شرک کی تردید کی گئی ہے اور بعثت بعد الموت کا ثبوت دیا گیا ہے نیز اقوام سابقہ کے عبرت انگیز واقعات جابجا دہرائے گئے ہیں۔ مدینہ میں آنے کے بعد اسلامی جماعت بن گئی اور حکومت الہیٰ قائم ہو گئی۔ اس لئے یہاں انفرادی تعلیمات کے ساتھ اجتماعی امور کے متعلق بھی آیات نازل ہوئیں اور دین الہیٰ قرآن میں مکمل کر دیا گیا۔

## طریق تعلیم

رسول اللہؐ کا طریق تعلیم سرتاسر مربیانہ تھا ہر چھوٹے بڑے کے ساتھ ایسی محبت سے پیش آتے کہ آپ کو سب لوگ شفیق باپ سے بڑھ کر سمجھتے جو ملنے کے لئے آتا اس کی تعظیم کرتے اپنا گدا یا کمبل اس کے لئے بچھا دیتے فقیروں اور مسکینوں کے ساتھ بیٹھتے ان کی مدد کرتے اور بیمار پرسی کے لئے جاتے ہر شخص کی عزت کا خیال رکھتے یہاں تک کہ صحابہ میں سے ہر ایک یہ سمجھتا کہ مجھ سے زیادہ کسی کو نہیں چاہتے ۔ قرآن کریم نے آپ کے خلق عظیم کی مدح کی ہے اور روف و رحیم کا خطاب دیا ہے آپ بدخواہوں اور دشمنوں کے ساتھ بھی مہربانی کا برتاؤ کرتے اور ہمیشہ عفو و درگزر سے کام لیتے حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ حضور اکرمؐ نے کبھی کسی سے اپنی ذات کے بارے میں بدلا نہیں لیا ،ہاں کوئی دین کی ہتک حرمت کرتا تو اس کو سزا دیتے۔

انجام کار اہل عرب ہر قسم کی دشمنی اور مخالفت کے بعد آپ کی طرف جھکے اور آپ کی ذات کو مجسم صداقت اور انسانیت کا مکمل نمونہ پا کر اپنا دینی اور دنیاوی مرکز بنا لیا اور ان کی نگاہوں میں اللہ کی اطاعت کے سوا کوئی مقصد نہ رہا۔ تائید الہیٰ نے ان کے دلوں سے قبائلی عداوتیں اور پشتہا پشت کے کینے نکال کر ان کو باہم متحد اور اخوت دینی کے رشتہ میں منسلک کر دیا۔

**لو انفقت ما فی الارض جمیعاً ما الفت بین قلوبھم ولکن اللہ الف بینھم (73/8)**

اگر تو ساری دولت بھی خرچ کر ڈالتا تو ان کے دلوں کو نہ جوڑ سکتا اللہ نے ان کو جوڑ دیا۔

اس تالیف کا بڑا ذریعہ آنحضرتؐ کی رافت و رحمت اور مربیانہ تعلیم تھی

**و لو كنت فظاً غليظ القلب لا نفضوا من حولك**
**(156/2)**

اگر تو سخت اور سنگدل ہوتا تو تیرے پاس سے لوگ منتشر ہو جاتے۔

## طبقات صحابہ

یہ کہنا بہت مشکل ہے کہ سارے اہل عرب کے دلوں میں اسلام راسخ ہو گیا تھا کیونکہ ان میں سے بعض بدوی قبائل نئے نئے مسلمان ہوئے تھے جن کے اندر جاہلیت کی عادتیں باقی تھیں ان کا ذکر خود قرآن میں کئی جگہ ہے بے شک شہری باشندوں میں اسلام کا اثر صادق تھا انہیں میں سے صحابہ کبارؓ اور رؤسا اسلام ہوئے۔

قرآن نے مہاجرین و انصار میں سے سابقین اولین کا درجہ سب سے بلند رکھا ہے۔

**والسابقون الاولون من المهاجرين والانصار والذين ابتعوهم احسان رضى الله عنهم و رضوا عنه (100/9)**

مہاجرین و انصار میں سے سابقین اولین اور جن لوگوں نے خلوص کے ساتھ ان کی پیروی کی ان سے اللہ راضی ہے اور وہ بھی اللہ سے راضی ہیں۔

پھر اس نے زمانہ کے لحاظ سے صحابہ کے دو درجے کئے ہیں۔

**لا يستوى منكم من انفق من قبل الفتح و قاتل اولئك اعظم درجة من الذين انفقوا من بعد وقاتلوا (10/57)**

تم میں سے جن لوگوں نے فتح مکہ سے پہلے خرچ کیا اور لڑے وہ برابر نہیں ہیں ان کا درجہ ان لوگوں سے بڑا ہے جنہوں نے بعد میں خرچ کیا اور لڑے۔

بعض مورخوں نے ان کے طبقات کے مراتب بارہ تک پہنچائے ہیں جس میں آخری طبقہ وہ ہے جو فتح مکہ مکرمہ کے بعد اسلام لایا۔بہرصورت مجموعی حیثیت سے حضور نے اپنی تعلیم و کوشش اور اللہ کی تائید سے انہیں امیوں اور بدویوں سے ایسی امت تیار کی جو انسانی صفات میں ایسے بلند مرتبہ پر پہنچ گئی کہ اس نے نہ صرف قیصریت اور کسرویت کے بتوں کو توڑ کر حکومت الہی قائم کر دی بلکہ ان کی قدیم تہذیبوں کو مٹا کر ان کی دینی اور دنیاوی قیادت اپنے ہاتھ میں لے لی اور اعلاء کلمۂ حق میں وہ عظیم الشان کارنامہ چھوڑا جو عالم کی تاریخ میں بے نظیر ہے قرآن نے اس کی شان میں فرمایا۔

**كنتم خير امة اخرجت للناس**

تم ان سب امتوں سے بہتر ہو جو انسانوں کی ہدایت کے لئے تیار کی گئی۔

الغرض خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم تمام سابقہ نبیوں اور رسولوں سے زیادہ رسالت کے فریضے پورا کرنے میں کامیاب ہوئے آپ نے ایسی کتاب چھوڑی جو بر خلاف جملہ آسمانی کتب کے قیامت تک کے لئے محفوظ ہے اور کوئی طاقت اس میں ایک حرف کا بھی تغیر و تبدل نہیں کر سکتی اور ایسی جماعت چھوڑی جو حکومت الہیٰ کی علمبردار تھی اور جس نے طاغوتی طاقتوں کو توڑ کر رکھ دیا پھر کعبہ کو جو شرک کا مخزن بنا دیا گیا تھا بتوں اور مشرکوں سے پاک کر کے اکیلے اللہ کی عبادت کے لئے مخصوص کیا اور اس کو نئے سرے سے عالم کے جملہ موحدوں کا مرکز بنایا یہاں تک کہ زمین و آسمان کی فضا میں اس سرے سے اس سرے تک ہر دن رات میں پانچ وقت اشہد ان لا الہ الا اللہ و اشہد ان محمداً رسول اللہ کی صدا گونجنے لگی۔ صلی اللہ علیہ وسلم۔

-----------------

# خلافت راشدہ

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے جن کے دلوں کو ایمان کے نور نے منور کر دیا تھا اور جن کی بصیرتوں کے سامنے سے پردے اٹھ چکے تھے قرآنی ہدایت کو سمجھا اور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے جس طرح حکومت الہیٰ قائم کی اور جس طریق سے چلایا اس کو دیکھا اور یہ حقیقت بلا ریب و شک ان پر واضح ہو گئی کہ اسلام کا اصل مقصد یہی ہے کہ سوائے اللہ کے کوئی دوسرا حاکم و مطاع نہ ہو اور اسی کی اطاعت کی جائے چنانچہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انتقال فرمایا تجہیز و تکفین سے پہلے انصار و مہاجرین سقیفہ بنی ساعدہ میں جمع ہوئے اور کچھ رد و کد اور سوال و جواب کے بعد بالاتفاق حضرت ابو بکرؓ کے ہاتھ پر بیعت کر لی اور ان کو خلیفہ رسول اور امت کا مرکز تسلیم کر لیا دوسرے دن مسجد نبوی میں بیعت عام ہوئی جس کے بعد حضرت ابو بکرؓ نے ایک مختصر تقریر کی اس میں فرمایا۔

> "لوگو! قسم ہے اللہ کی نہ میں امارت کا کبھی خواہاں تھا نہ اس کی مجھ کو خواہش تھی نہ میں نے کبھی پنہاں یا آشکارا اس کے لئے دعا کی لیکن مجھے خوف ہوا کہ کوئی فتنہ برپا نہ ہو جائے اس لئے اس بوجھ کو اٹھانے کے تیار ہو گیا ورنہ امارت میں کوئی راحت نہیں بلکہ یہ ایک ایسا بار مجھ پر ڈالا گیا ہے جس کے برداشت کی طاقت میں اپنے اندر نہیں پاتا اور بلا امداد الہیٰ اس سے عہدہ برآ نہیں ہو سکتا مجھے تم نے اپنا امیر بنایا ہے حالانکہ میں تم سے بہتر نہیں ہوں اگر ٹھیک کام کروں تو مدد دو اور اگر غلطی کروں تو اصلاح کرو جب تک میں اللہ اور رسول کے فرمان پر چلوں تم میری اطاعت کرو، اور ان کے خلاف چلوں تو میرا ساتھ چھوڑ دو"۔

اس تقریر کا ایک ایک لفظ قرآنی تعلیم اور اسوہ رسول کے عین مطابق ہے خلافت کسی کا مخصوص حق نہیں ہے نہ وہ کوئی راحت یا نفع دنیاوی کی چیز ہے بلکہ اللہ و رسول کی نمائندگی کی ذمہ داری کا سب سے بڑا بوجھ ہے خلیفہ اگر کام ٹھیک کرے تو امت کا فریضہ ہے کہ اس کی اطاعت اور امداد کرے اگر اس سے غلطی ہو جائے تو راہ راست پر لائے جو کوئی

خلیفہ ہو جانے کے بعد اللہ و رسول کے فرمان سے منحرف ہو جائے اس کو اپنی اطاعت لینے کا حق نہیں ہے اس لئے ایسے وقت میں امت کو اس کا ساتھ چھوڑ کر دوسرے کو خلیفہ بنا لینا چاہیئے - یہ ہے مرکز ملت یعنی خلیفہ یا امام کی حقیقی حیثیت کہ امت حکومت الہیٰ کے اجرو نفاذ کے لئے اس کو منتخب کرتی ہے اور اس کے ہاتھ پر بیعت کر کے اطاعت اور اشتراک عمل کا عہد باندھتی ہے اگر اس میں امام کی طرف سے کوتاہی ہو تو امت کا فرض ہے کہ اس کی اصلاح کرے اور اگر اصلاح سے مایوسی ہو جائے تو معزول کر دے -

## پہلا انتخاب

قرآن کریم استحقاق خلافت نیز انتخاب کی نوعیت وغیرہ کی تعلیم سے خاموش ہے جس کا مطلب اصولاً یہ ہے کہ یہ امور انسانی عقل کے سپرد ہیں کہ حالات و ظروف کی مناسبت سے اور مواقع کے لحاظ سے ان کو سرانجام دے لے حضرت ابو بکرؓ کا انتخاب تھا جس میں امت کے بہترین افراد شریک تھے انہوں نے جو طریقہ اختیار کیا اس سے خلافت کے بہت سے مسائل میں ہدایات ملتی ہیں -

(1) ان کے طرز عمل سے واضح ہو گیا کہ انتخاب خلیفہ یعنی نصب امامت امت کا فریضہ ہے امام منصوص کا کوئی شائبہ خیال یا ذکر صراحتاً یا کنایۃً اس موقع پر نہ تھا۔

(2) یہ انتخاب جمہور کے شوریٰ سے عمل میں آیا یعنی بیعت بعد مشورہ اور اتفاق رائے کے ہوئی۔

یہ دونوں اصول نہایت واضح اور عقل کے مطابق ہیں جن میں نہ کوئی پیچیدگی ہے نہ بحث کی گنجائش بے شک عمل کی شکلیں مختلف ہو سکتی ہیں لیکن وہ فروعی ہیں -

## حق خلافت

صحابہ کے خلافت کو جمہوری قرار دینے سے یہ قطعی طور پر ثابت ہو جاتا ہے کہ آنحضرت نے اس کو کسی قبیلے یا خاندان کے ساتھ مخصوص نہیں کیا بلکہ امت کا ہر فرد اس میں برابر کا حق دار ہے چنانچہ اس مجمع میں انصار خود اپنے میں سے سعد بن عبادہؓ کو خلیفہ بنانا چاہتے تھے حضرت ابو بکر نے جو " الائمۃ من قریش " فرمایا اس کی تخصیص کا سبب بھی ساتھ ہی بیان کر دیا کہ اگر انصار میں سے قبیلہ اوس کا کوئی خلیفہ ہو گا تو خزرج رشک کریں گے اور خزرج کا ہو گا تو اوس اور اہل عرب بجز قریش کے کسی کی خلافت کو تسلیم نہیں کریں گے ان کے اس قول کا مطلب یہ ہرگز نہیں تھا کہ خلافت قریش کے ساتھ مخصوص ہے بلکہ صرف یہ کہ اس وقت قریش کی عظمت عرب کے دلوں میں ہے اس لئے ان کی ذہنیت کے لحاظ سے اسی

قبیلہ کے کسی فرد کا خلیفہ ہونا زیادہ مناسب ہے ظاہر ہے کہ اس قسم کی ہنگامی مصلحت کا لحاظ تو خلیفہ کے انتخاب میں ہمیشہ رکھنا ہو گا۔ الغرض مدار انتخاب صرف اہلیت و صلاحیت ہے اور یہ بھی سادہ اصول ہے اسی کے مطابق حضرت ابو بکرؓ کا انتخاب عمل میں آیا کیونکہ تمام صحابہ میں حسب ذیل خصوصیات ان کو حاصل تھیں۔

(1) ابتداء ہی سے وہ آنحضرتؐ کے دوست اور مصاحب تھے اور جب حضور اکرمؐ کی بعثت ہوئی تو سب سے پہلے جو عاقل بالغ مرد اسلام لایا وہ یہی تھے۔

(2) اشاعت اسلام میں انہوں نے آنحضرت کی عظیم الشان امداد کی اس وقت جب کہ اللہ کے سوا کوئی دوسرا مددگار نہ تھا اکثر سابقین اولین مثلاً حضرت عثمان بن عفان زبیر بن العوامؓ عبدالرحمن بن عوفؓ سعد بن وقاصؓ طلحہ بن عبیداللہؓ ابو عبیدہ بن الجراح اور سعید بن زید وغیرہ جن کے تاریخ اسلام میں بڑے بڑے کارنامے ہیں انہیں کے اثر سے اسلام لانے تھے اس وجہ سے ان کے خلوص اور اسلامی خدمات کا نقش ہر دل پر تھا۔

(3) دین کی حمایت اللہ کی رضا جوئی اور نبی کی امداد میں اپنا تقریباً سارا مال و اثاثہ صرف کر دیا۔

(4) ہجرت میں یہی اکیلے رفیق راہ تھے اور اس کی ساری خدمات انہیں کے حصہ میں آئیں۔

(5) جملہ مشاہد میں آنحضرت کے ہمرکاب رہے کسی میں ساتھ نہیں چھوڑا اور جنگ تبوک میں صاحب علم اور حج اکبر میں امیر الحاج تھے۔

(6) حضور اکرمؐ کے قلب مبارک میں آخری دم تک عزت کے ساتھ ان کا اعتماد قائم رہا اور مرض الموت میں انہیں کو اپنی جگہ نماز پڑھانے کا حکم دیا۔

ان تمام وجوہ سے جماعت صحابہ میں ان کو نمایاں امتیاز حاصل تھا اور سب کو ان کے تقویٰ دانائی حلم اور صدق عزیمت پر ایسا بھروسہ تھا کہ کوئی دوسرا ان کا حریف نہیں ہو سکتا تھا چنانچہ سقیفہ بنی ساعدہ میں انہوں نے خود لوگوں سے فرمایا کہ یہ عمرؓ اور ابو عبیدہؓ موجود ہیں .ان میں سے کسی کو خلیفہ بنا لو تو ان دونوں حضرات نے یہ کہہ کر کہ ایسا کون ہے جو آپ کے اوپر مقدم ہو سکے انہیں کے ہاتھ پر بیعت کی۔

## انتخاب کی نوعیتیں

حضرت عمرؓ فرمایا کرتے تھے کہ ابو بکر کی بیعت فوری ہوئی جس کے شر سے اللہ نے بچا لیا۔ لیکن سوا اس کے چارہ کار ہی کیا تھا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی موجودگی میں یہ مسئلہ اٹھایا نہیں جا سکتا تھا۔ اور آپ کے بعد اگر فوراً بیعت نہ ہوتی تو فتنہ برپا ہو جاتے کا

اندیشہ تھا اس لئے جو کچھ ہونا تھا لامحالہ عجلت میں ہوا۔ مگر اصول کے مطابق ہوا۔ آئندہ کے لئے امت اس کے انسداد کی صورتیں نکال سکتی ہے۔ مثلاً خلیفہ کے بعد عارضی انتظام کر کے امیدوار کا انتخاب سوچ سمجھ کر کیا جائے۔ یہ بھی ممکن ہے کہ خلیفہ کے عمل کی مدت معین کی دی جائے۔ جس کے اختتام پر امت اطمینان سے رائے زنی کرے کیونکہ کوئی نص ایسی نہیں ہے کہ خلیفہ مدت العمر کے لئے ہوا کرے۔

حضرت ابوبکرؓ کے بعد حضرت عمرؓ کے انتخاب کی ایک دوسری شکل ہوئی جب صدیق اکبرؓ کو اپنی موت کا احساس ہوا اس وقت امت کی مصلحت کے خیال سے ان کی یہ رائے ہوئی کہ کسی کو خلیفہ متعین کریں۔ حضرت عمرؓ کی ذات میں ان کو ایک عظیم الشان خلیفہ کی صلاحیت نظر آتی تھی۔ اس وجہ سے ارباب شوریٰ سے رائے لے کر ان کو اپنے بعد خلافت کے لئے نامزد کر دیا۔ یہ دوسرا طریقہ تھا خلیفہ کے انتخاب کا لیکن اس میں بھی شوریٰ جو جمہوریت کی اصل روح ہے ملحوظ تھا۔

خلیفہ ثالث کے انتخاب میں تیسرا طریقہ اختیار کیا گیا۔ یعنی حضرت عمرؓ نے اپنی موت سے پہلے بڑے بڑے چھ صحابہ کو جو امت میں سب سے ممتاز اور ان کی رائے میں خلافت کی اہلیت رکھتے تھے۔ نامزد کیا اور حکم دیا کہ میرے بعد لوگ جمع ہو کر تین دن کے اندر اندر اپنے میں سے ایک کو خلیفہ بنالیں۔ یہ طریقہ بھی تقریباً دوسرے طریقہ کی طرح ہے۔ فرق صرف یہ ہے دوسرے میں ایک شخص معین تھا وار اس میں محدود افراد میں سے ایک شخص غیر معین۔

حضرت علیؓ کے انتخاب کے موقع پر مدینہ میں قدرتاً ان لوگوں کا غلبہ ہو گیا تھا۔ جنھوں نے خلیفہ ثالث کو قتل کیا تھا۔ ان کی نگاہوں میں حضرت علیؓ سے زیادہ کوئی شخص خلافت کا مستحق نہ تھا۔ چنانچہ پہلے انھیں لوگوں نے ان کے ہاتھ پر بیعت کی۔ پھر دوسروں نے حضرت طلحہؓ اور زبیرؓ کی گردنوں پر تلوار رکھ کر بیعت کرائی گئی۔ بڑے بڑے صحابہ حضرت عثمانؓ کے ناجائز قتل اور بیعت میں جبر دیکھ کر اس سے کنارہ کش ہو گئے۔ سعد بن ابی وقاص نے اپنا دروازہ بند کر لیا۔ عبداللہ بن عمر نے کہا کہ جب تک سب لوگ بیعت نہیں کر لیں گے میں نہیں کروں گا۔ رؤساء انصار میں سے حسان بن ثابت کعب بن مالک، مسلمہ بن مخلد، اور ابو سعید خدری، محمد بن مسلمہ نعمان بن بشیر، زید بن ثابت، فضالہ بن عبید اور کعب بن عجرہؓ نے بیعت نہیں کی۔ دیگر مشاہیر میں سے حضرت مغیرہ بن شعبہ عبداللہ بن سلام اور قدامہ بن مظعون بھی شریک نہیں ہوئے۔ کچھ لوگ اس خیال سے کہ

ان کو بیعت نہ کرنی پڑے مدینے سے شام کی طرف چلے گئے ۔ امراء ولایات نے بھی بیعت نہیں کی ۔ اس لئے حضرت علی کا انتخاب نہ آزاد جمہوری انتخاب تھا اور نہ مکمل ہو سکا ۔ کیونکہ اس وقت کی دنیائے اسلام کے ایک بڑے حصہ ملک شام نے ان کی خلافت تسلیم نہیں کی ۔ مگر باوجود اس کے لوگوں نے ان کو بالعموم ان کو خلفاء راشدین ہی میں شمار کیا کیونکہ ان کی نگاہوں میں طریق انتخاب کوئی بڑی چیز نہیں تھی ۔ اگر اصل مقصد یعنی حکومت الٰہی حاصل ہو جانے اور یہ بات حضرت علیؓ کی خلافت میں تھی ۔

## مرکزیت دینی

رسول اللہ کے بعد ان چاروں خلفاء کا زمانہ حکومت الٰہی کا زمانہ ہے ۔ جس میں اعتقاداً و عملاً دین کا اصل مقصود یعنی اکیلے اللہ کی فرمانبرداری امت کے پیش نظر رہا ۔ ان خلفائے کرام کی ذات میں تمام امت کی دینی اور سیاسی مرکزیت تھی اور جملہ اجتماعی امور میں ان کی اطاعت اللہ اور رسول کی اطاعت تھی اور ان کا حکم آخری حکم تھا ۔

حضرت ابو بکرؓ کے عہد میں سب سے پہلا مسئلہ جیش اسامہؓ کا پیش آیا جس کو رسول اللہؐ نے رومیوں اور غسانیوں کے مقابلہ کے لئے تیار کیا تھا ۔ لیکن حضورؐ کی بیماری کی وجہ سے رک گیا تھا ۔ وفات نبوی کے بعد جب قبائل عرب کے ارتداد کی خبریں آنی شروع ہوئیں اس وقت لوگوں نے حضرت ابو بکر سے کہا کہ اب جب کہ نو مسلم قبیلے مرتد ہونے چلے جا رہے ہیں اور مخالفت بڑھ رہی ہے یہ فوج باہر نہ بھیجی جائے ۔ انہوں نے نہایت سختی سے انکار کیا اور فرمایا کہ آنحضرت نے اس کے بھیجنے کا حکم دے دیا تھا اور انتقال سے پہلے بار بار زبان مبارک سے تاکید فرماتے رہتے تھے ۔ بڑے بڑے صحابہ نے ہرچند اصرار کیا کہ اس لشکر میں مسلمانوں کے منتخب اشخاص ہیں اور قبائل عرب کی حالت نظر کے سامنے ہے ۔ ایسی صورت میں جمیعت کو متفرق کرنا مناسب نہیں ہے لیکن انہوں نے فرمایا ۔

" قسم ہے اللہ کی جس کے قبضے میں میری جان ہے ۔ اگر میں
یہ بھی جان لوں کہ درندے مجھ کو پھاڑ کھائیں گے ۔ تب بھی
اس لشکر کو روانہ کروں گا اور خواہ بستیوں میں میرے سوا کوئی
رہ جائے پھر بھی اس کو بھیجے بغیر نہ رہوں گا ۔ "

چنانچہ یہ لشکر گیا اور چالیس دن بعد کامیاب واپس آیا اور اس کا بھیجنا اس وقت مفید نہایت ثابت ہوا ۔ کیونکہ دشمنوں کو جب اس کا حال معلوم ہوا ۔ تو ان کے دل میں یہ بات بیٹھ گئی کہ اگر مسلمانوں کے پاس قوت نہ ہوتی تو یہ فوج کیسے بھیجتے ۔ فتنہ ردت میں جب

نومسلم قبائل نے زکوۃ روک دی اور حضرت ابو بکرؓ نے ان سے جنگ کا ارادہ کیا تو صحابہ نے رائے دی کہ مصلحت وقت یہ ہے کہ ان کے ساتھ نرمی کی جائے ۔ حضرت عمرؓ نے تو یہاں تک کہا کہ جب وہ کلمہ پڑھتے ہیں تو آپ ان سے جہاد کیسے کر سکتے ہیں ۔ حضرت ابو بکر نے فرمایا ۔

> " اے عمر جاہلیت میں تو تم بڑے جابر تھے ۔ یہ کیا ہوا کہ اسلام لاکر خوار ہو گئے وحی کا سلسلہ منقطع ہو چکا اور دین کامل ہو چکا ۔ میرے جیتے جی اس میں کمی نہیں کی جا سکتی جو قبیلہ زکوۃ کا ایک جانور بھی روکے گا میں اس سے لڑوں گا" ۔

حضرت عمرؓ کہتے ہیں کہ یہ سن کر میرے اوپر منکشف ہو گیا کہ ابو بکرؓ کے دل کو اللہ نے جہاد کے لئے کھول دیا ہے چنانچہ روساء قریش جنہوں نے آنحضرت کے عہد میں اسلام کی اشاعت میں رکاوٹیں ڈالی تھیں اب اس کی تلافی کا موقع پا کر اٹھے اور فتنہ ردت کو اپنی جانفشانی سے تھوڑے عرصہ میں دبا دیا جس سے اسلام آگے بڑھا ورنہ اس کی اجتماعی حیثیت اسی وقت ختم ہو جاتی اسی طرح جمع قرآن کا معاملہ پیش آیا جس کو حضرت ابو بکرؓ کی منظوری سے ایک جماعت نے انجام دیا ۔

ان کا زمانہ خلافت کل دو سال تین ماہ دس روز رہا اس میں بھی ردت اور ایران و روم کی جنگوں کی مشغولیت رہی جس کی وجہ سے دینی مرکزی مہمات کمتر پیش آئیں حضرت عمرؓ کے عہد میں اس کے مظاہر بہت واضح نظر آتے ہیں ان کے نزدیک شوریٰ کی بہت اہمیت تھی مہمات میں حضرت عثمانؓ علیؓ عباسؓ اور عبدالرحمن بن عوفؓ وغیرہ سے رائے لیتے علماء قرآن میں سے حضرت علیؓ کے علاوہ ابن مسعودؓ زید بن ثابتؓ ابو موسیٰ اشعری اور ابی بن کعبؓ ان کے مشیر تھے عبداللہ بن عباسؓ اگرچہ کمسن تھے مگر چونکہ عقل و علم میں ممتاز تھے اس وجہ سے ان کو بھی ساتھ رکھتے کبھی کبھی جب کوئی اہم معاملہ پیش آتا تو تمام لوگوں کو جمع کر لیتے ۔ رسول اللہؐ کے زمانے سے جو امراء مقرر کئے جاتے تھے ان کو ہدایت کی جاتی تھی کہ قرآن کے مطابق فیصلے کریں اس میں نہ ملے تو سنت رسولؐ کو دیکھیں وہ بھی نہ ہو تو اجتہاد کریں چنانچہ معاذ بن جبلؓ کو یمن کی ولایت پر بھیجتے ہوئے حضورؐ نے یہی وصیت فرمائی تھی ۔

حضرت ابو بکر کے عہد میں بیشتر امراء وہی تھے جو رسول اللہؐ کے مقرر کئے ہوئے تھے ہر ناحیہ کا امیر ناظم بھی ہوتا تھا اور قاضی بھی اور اجراء حدود شرعیہ و اقامت صلوۃ کا فریضہ بھی اسی کے ذمہ تھا حضرت عمر نے اپنے عہد میں ملکی فوجی عدالتی اور تعلیمی صیغے الگ الگ کر دیئے

ہر ایک پر جداگانہ اشخاص کو مقرر کرتے امراء و قضاۃ کو رخصت کرتے وقت وہی ہدایت کرتے جو رسول اللہؐ نے معاذ بن جبلؓ کو کی تھی اور اجتہاد کا اختیار دیتے چنانچہ قاضی شریح کو جو اسلامی تاریخ میں سب سے ممتاز قاضی گزرے ہیں اور جو کوفہ میں 75 سال تک اپنے عہدے پر رہے یہی نصیحت کی تھی کہ جب کسی معاملے میں قرآنی تعلیم یا سنت رسولؐ نہ مل سکے تو اہل علم و صلاح سے مشورہ لینے کے بعد اپنے اجتہاد سے فیصلہ کرنا۔ امراء ولایات و قضاۃ اسی کے مطابق عمل کرتے لیکن اہم معاملات میں خلیفہ کو لکھتے امام شعبی کا بیان ہے کہ حضرت عمرؓ بعض امور میں مہینوں تک غور و فکر اور اہل علم سے مشورہ کرتے پھر جواب لکھتے۔

نہ صرف ملکی و مذہبی بلکہ عام اقتصادی و عمرانی معاملات بھی انہیں کی رائے سے طے ہوتے تھے فتح عراق کے بعد عثمان بن حنیف پیمائش اراضیات اور بندوبست کے کام پر لگائے گئے اور تشخیص لگان خود حضرت عمرؓ نے وہاں کے مرزبانوں اور کاشتکاروں کے مشورے سے کی عراق نیز مصر میں نہریں انہیں کے حکم سے نکالی گئیں اور کوفہ بصرہ اور فسطاط وغیرہ انہیں کی صوابدید سے آباد کئے گئے فتح کے بعد عراق کو مجاہدین فوج میں تقسیم کر لینا چاہتے تھے مگر حضرت عمرؓ نے اس کو حکومت کا حق قرار دیا اسی طرح مصر میں حضرت عمرو بن عاصؓ سے وہاں کے والی مستوقس نے اپنی پوری قبطی قوم کی طرف سے صلح کر لی تھی اور عہد کیا تھا کہ وہ رومیوں کے مقابلہ میں مسلمانوں کی سامان رسد سے مدد کرے گا لیکن اسکندریہ کے اطراف کے باشندوں نے اس کی خلاف ورزی کی یعنی رومیوں کو مدد دی اور مسلمانوں کو نقصان پہنچایا فتح کے بعد حضرت عمرؓ نے ان کے جرائم معاف کر کے ان کو ذمیوں میں شامل کر دیا اور فرمایا کہ جاؤ اپنی ملکیتوں پر قبضہ کرو اور اپنے گھروں میں رہو یعنی انہوں نے پورے مصر کی فتح کو صلحاً قرار دیا۔

حضرت عثمانؓ کے عہد میں بھی بعینہ یہی مرکزیت رہی جو حضرت عمرؓ کے زمانے میں تھی اور وہی نظام تھا جو چلا آتا تھا۔

مرکز کعبہ

اسلام کا اجتماعی مرکز مکہ مکرمہ ہے جہاں حج کے موقع پر دینی دنیاوی ملکی اور سیاسی ہر قسم کے معاملے طے ہو سکتے ہیں خلافت راشدہ میں امراء ولایات حج کے موسم میں وہاں آتے بیشتر خلیفہ وقت خود امیر الحاج ہوتا اگر کسی وجہ سے نہ آسکتا تو کسی کو اپنا قائم مقام بنا کر بھیجتا خلیفہ اول اپنے دو سالہ عہد میں ایک بار خود تشریف لائے دوسری بار حضرت عثمانؓ کو اپنی

جگہ بھیجا حضرت عمرؓ اس کا سب سے زیادہ خیال رکھتے تھے ہر سال آتے صرف پہلے سال نہیں آ سکے تھے اور عبدالرحمن بن عوفؓ کو بھیجا تھا حضرت عثمانؓ بھی بجز دو سال کے کبھی اپنے عہد خلافت میں حج سے غیر حاضر نہ رہے بے شک حضرت علیؓ اندرونی جھگڑوں کی وجہ سے اپنی خلافت میں کبھی مکہ نہ آسکے مگر نائب بھیجتے رہے غالباً انہیں اندرونی شورشوں کی وجہ سے ان کے عہد میں شوریٰ بھی متروک رہا۔ الغرض خلافت راشدہ میں خلیفہ کی ذات میں امت کی مرکزیت تھی وہ اللہ و رسول کا نمائندہ تھا امت کے سامنے اور ہر امر میں مسئول اور ذمہ دار حضرت عمرؓ نے عمرو بن عاصؓ سے حساب طلب کرتے ہوئے ان کو لکھا تھا کہ اگر اقصائے مصر میں بھی کوئی اونٹ ضائع ہو جائے تو میں ڈرتا ہوں کہ کہیں اللہ مجھ سے اس کی باز پرس نہ کرے۔

## منصب تشریع

امور شرعیہ میں خلیفہ کو کوئی اس قسم کی دینی ریاست حاصل نہیں تھی کہ جو حکم دے دے وہ مذہبی مسئلہ بن جائے بلکہ صرف احکام شریعت نافذ کرنے کا مجاز تھا اور تشریع کی بنیاد قرآن اور سنت (عمل رسول) پر تھی جس امر کے متعلق کوئی تعلیم ان دونوں میں نہ ملتی خلیفہ خود اور اس کے مشیر نظائر پر قیاس کر کے اس کا حکم نکالتے سب متفق ہو جاتے تو اس کو اجماع کہتے اور اگر باہم اختلاف ہوتا تو خلیفہ انہیں میں سے کسی صورت کو ترجیح دے کر اس کے مطابق حکم دے دیتا اس کو اپنے عہدے کے لحاظ سے استنباط مسائل میں دیگر مجتہدوں سے کوئی خاص امتیاز حاصل نہ تھا اس کا فریضہ بس یہ تھا کہ امت کے امور کو قرآن اور اسوہ رسولؐ کی روشنی میں چلاتا رہے۔ بیعت کرتے وقت اس سے یہ شرط لی جاتی تھی کہ کتاب و سنت کے مطابق عمل کرے گا حضرت عثمانؓ کی بیعت میں سنت شیخین یعنی ابوبکرؓ و عمرؓ کا لفظ بھی بڑھایا گیا لیکن یہ زیادتی حضرت علیؓ نے نہیں منظور فرمائی اس لئے حذف کر دی گئی کیونکہ شیخین نہ معصوم تھے نہ ان کی تقلید کسی قرآنی حکم پر مبنی تھی۔

# بنوامیہ

جن لوگوں نے عراق و مصر سے آکر حضرت عثمانؓ کے گھر کا محاصرہ کیا اور ان کو قتل کر ڈالا۔ وہ سب کے سب قرآن کی رو سے اللہ اور رسول سے باغی اور واجب القتل تھے۔ اس لئے بیعت خلافت کے بعد صحابہ نے حضرت علیؓ سے مطالبہ کیا کہ قاتلوں سے قصاص لیا جائے۔ حضرت علیؓ کو انہی قاتلوں نے خلیفہ بنایا تھا اور وہی ان کے حامی تھے۔ اس وجہ سے وہ ان سے قصاص نہ لے سکے اور اس جھگڑے نے بہت طول کھینچا۔ سب سے پہلے حضرت طلحہؓ اور زبیرؓ جو ان چھ صحابہ کبار میں سے تھے جن کو حضرت عمرؓ نے خلافت کے لئے نامزد فرمایا تھا اس مطالبے کے لئے اٹھے اپنے ساتھ حضرت عائشہؓ کو بھی لے لیا اور بصرہ میں پہنچ کر قصاص لینا شروع کر دیا۔ لیکن حضرت علیؓ لشکر لے کر مقابلہ کے لئے پہنچ گئے اور بہت جلد شکست دے دی جس میں یہ دونوں حضرات مارے گئے مگر خلیفہ مقتول کے خون کے اصلی ولی امیر معاویہؓ تھے جن کے پاس شام کی منظم فوج تھی ان سے اور حضرت علیؓ سے صفین میں مقابلہ ہوا۔ جس میں عراقی فوجوں کو چیرہ دست دیکھ کر شامیوں نے نیزوں پر قرآن اٹھائے۔ اس کی رو سے فیصلہ کرنے کے لئے فریقین کی طرف سے دو حکم مقرر ہوئے جنہوں نے حضرت علیؓ اور معاویہؓ دونوں کو خلافت سے معزول کیا اور امت کو اختیار دیا کہ اور کسی کو اپنا خلیفہ منتخب کر لے۔ اب حضرت علیؓ کو سخت دشواریوں کا سامنا ہوا۔ ایک تو خود ان کی فوج میں سے خارجیوں کی ایک جماعت پیدا ہو گئی جو ان کے مقابلے کے لئے آہنی دیوار کی طرح جم گئی۔ دوسرے امیر معاویہؓ کو موقع مل گیا۔ انہوں نے شامیوں سے بیعت لے کر اپنی خلافت کا اعلان کر دیا اور قوت سے کام لینے لگے۔ تیسرے فیصلہ ثالثی کے بعد آئینی طور پر خود ان کی خلافت ختم ہو گئی کیونکہ دونوں طرف سے یہ عہد تھا کہ جو متفقہ فیصلہ ہو گا اس پر فریقین کو عمل کرنا ہو گا۔ اسی وجہ سے اہل کوفہ ان کے احکام پر عمل کم کرتے تھے۔ انہی حالات میں ایک خارجی عبدالرحمن بن ملجم نے ان کو خنجر سے ہلاک کر دیا۔ ان کی جگہ اہل عراق نے ان کے بڑے بیٹے امام حسن کے ہاتھ پر بیعت کی۔ امیر معاویہ فوجیں لے کر کوفہ کی طرف آئے اور ان کو شکست دے دی انہوں نے صلح کی خواہش کی۔ امیر معاویہؓ نے ایک سادہ قرطاس پر نیچے دستخط بنا کر ان کے پاس بھیج دیا کہ جو شرائط آپ چاہیں لکھ دیں امام حسنؓ نے لکھا۔

(1) اہل عراق کو امن دیا جائے اور گذشتہ لڑائیوں کے انتقام میں کسی کی گرفت نہ ہو۔
(2) صوبہ اہواز کا خراج مجھے ملتا رہے اور میرے بھائی حسین کو بیس لاکھ درہم سالانہ دیئے جائیں۔
(3) عطیہ اور صلے میں بنی ہاشم دوسروں سے مقدم رکھے جائیں
کتب تاریخ میں عہد نامہ کا مضمون یہی ہے اگر یہ صحیح ہے تو اسلام میں سب سے پہلی شاہانہ مصالحت یہی ہے جس میں امیر معاویہ نے بیت المال کی رقم دے کر سلطنت حاصل کی جو جمہور کا حق تھی۔

## بادشاہت

25 ربیع الاول 41 ھ کو امام حسن سے صلح کی تکمیل کے بعد امیر معاویہ کے ہاتھ پر بیعت ہوئی اور وہ ساری امت کے خلیفہ ہو گئے اسی تاریخ سے اسلامی خلافت باوشاہت میں تبدیل ہو گئی کیونکہ یہ حکومت الہیٰ نہ تھی جو رسول اللہ نے قائم کی تھی اور جس کو خلفائے راشدین نے اپنی کوشش سے قوی اور وسیع بنا کر دنیا کی قوموں کے لئے امن ہدایت اور مساوات کا مرکز بنا دیا تھا بلکہ انسانی حکومت تھی جس کو قرآن نے نبی اور رسول تک کے لئے جائز نہیں قرار دیا ہے۔ علمائے اسلام میں امیر معاویہ کی موافقت اور مخالفت میں شروع سے دو گروہ ہیں جن میں بحث کا سلسلہ چلا آرہا ہے میں اس میں قدم نہیں رکھ سکتا کیونکہ وہ مذہبی بحث ہے اور میرے موضوع سے خارج میرا حق اسی قدر ہے کہ واقعات کو پیش کروں۔

(1) امیر معاویہ حضرت عثمانؓ کے زمانے سے پورے شام کے والی ہو گئے تھے اور اندرونی طور پر ہر امر میں خود مختار تھے اور بیت المال پر شاہانہ تصرف رکھتے تھے چنانچہ اس معاملہ میں حضرت ابوذرؓ نے ان سے جھگڑا بھی کیا تھا اور خلیفہ ہو جانے کے بعد ان رئیسوں اور سرداروں کو جن سے مقاصد میں تائید کی امید ہوتی بڑے بڑے انعامات اور عطیے دیتے۔ اس کے مقابلہ میں خلافت راشدہ کے بھی چند واقعات سامنے رکھیئے۔

خلیفہ اول اپنے گزارے کے لئے بیت المال سے جو رقم لیا کرتے تھے مرتے وقت وصیت کر گئے کہ میری فلاں زمین بیچ کر وہ ساری رقم واپس کر دی جائے جو آج تک میں نے لی ہے غالباً دل میں یہ اندیشہ تھا کہ اس کے مطابق میں امت کی خدمت نہیں کر سکا ہوں۔

خلیفہ دوم نے ایک بار قیصر روم کو خط بھیجا تو ان کی بیوی ام کلثوم نے اسی قاصد کو قیصرہ کے لئے اپنی طرف سے کچھ تحفے بھیجے اس نے بھی ان کے لئے ہدیے بھیجے جس میں موتی کی

ایک بیش قیمت مالا تھی حضرت عمر کو جب اس کا علم ہوا تو اس کو لے کر بیت المال میں داخل کرا دیا۔ لوگوں نے کہا کہ یہ ملکہ روم نے بھیجا ہے جو نہ آپ کے زیر فرمان ہے نہ اس کے مال سے آپ کو کچھ تعلق ہے۔ فرمایا کہ قاصد مسلمانوں کا تھا اور اس کے اخراجات بیت المال سے دیئے گئے تھے۔ اسی طرح جب ان کے دونوں بیٹے عبداللہ و عبیداللہ جو عراق کی فوج میں تھے مدینے واپس آنے لگے تو والی بصرہ حضرت ابو موسیٰ اشعری نے کہا کہ یہاں خزانہ میں ایک رقم جمع ہے جس کو میں خلیفہ کے پاس بھیجنا چاہتا ہوں دونوں اس کو لے کر یہاں سے تجارتی مال خرید لو مدینے میں پہنچ کر فروخت کر دینا اور رقم بیت المال میں داخل کر دینا۔ انہوں نے ایسا ہی کیا۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ اس کا نفع کہاں ہے؟ جواب دیا کہ یہ مال والی بصرہ نے ہم کو قرض دیا تھا اب ہم نے وہ قرض واپس کر دیا۔ فرمایا کہ صرف امیرالمومنین کے بیٹوں کو قرض دیا گیا تھا یا ساری فوج کو؟ یہ سن کر بڑے بیٹے چپ ہو گئے چھوٹے نے کہا کہ اس کی ذمہ داری بھی تو ہمارے اوپر تھی اگر ضائع ہو جاتا تو ہم کو اپنے پاس سے دینا پڑتا اس پر لوگوں نے فیصلہ کیا کہ منافع میں سے نصف ان کو دیا جائے اور نصف بیت المال میں داخل ہو۔

حکومت الہیٰ اور حکومت انسانی کا فرق دیکھنے کے لئے یہ جزئی واقعات کافی ہیں۔ خلیفہ کا قبضہ بیت المال پر صرف محافظانہ ہے وہ ایک پائی کا بھی مالک نہیں ہے مگر مستبد اپنے آپ کو پائی پائی کا مالک سمجھتا ہے۔

(2) مالک اشتر نخعی کو جب حضرت علیؓ نے محمد بن ابو بکر والی مصر کی امداد کے لئے بھیجا تو راستے میں مقام قلزم میں پہنچ کر ان کا انتقال ہو گیا۔ لوگوں نے شبہ کیا کہ امیر معاویہؓ نے زہر دلوا دیا۔

(3) امام حسنؓ کی وفات پر بھی ایسا ہی خیال کیا گیا۔

(4) عبدالرحمن بن خالد بن ولید جو حمص میں قیام پذیر تھے اپنے شجاعانہ کارناموں اور کریمانہ صفات کی وجہ سے شام میں اس قدر محترم اور ہردلعزیز تھے کہ عام طور پر یہ خیال کیا جاتا تھا کہ امیر معاویہؓ کے بعد ان کے سوا کوئی دوسرا خلیفہ نہیں ہو سکتا۔ ایک دن اچانک ان کی موت واقع ہو گئی۔ پھر پتہ لگ گیا کہ ابن اثال نصرانی نے جو امیر معاویہؓ کا خاص طبیب ہے ان کو دوا میں زہر دے دیا تھا چنانچہ ان کے بھتیجے نے مدینے سے پہنچ کر اس طبیب کو شارع عام پر قتل کر دیا جب گرفتار ہو کر امیر معاویہؓ کے سامنے پیش کئے گئے اور انہوں نے پوچھا کہ تم نے کیوں میرے طبیب کو مار ڈالا تو کہا کہ ابھی میں نے مامور کو قتل کیا ہے آمر کا

قتل کرنا باقی ہے ۔ یہ سب اگرچہ مورخوں کے شبہات ہیں جن سے اصولاً کوئی ملزم نہیں قرار دیا جا سکتا مگر مشتبہ ضرور ہو جاتا ہے۔

(5) کوفہ کے کندلی قبیلہ کے نامور رئیس حجر بن عدی اور ان کے تیرہ ساتھیوں کو وہاں کے والی زیاد نے اس جرم میں پکڑ کر امیر معاویہؓ کے پاس بھیجا کہ یہ ان کی برائی کرتے ہیں اور بغاوت کے لئے آمادہ ہیں یہ لوگ جب مرج عذرا میں پہنچے تو وہاں امیر معاویہؓ کے حکم کے مطابق ان میں سے آٹھ آدمی قتل کر دیئے گئے جن میں حجر بھی تھے حضرت عائشہؓ نے حجر کی گرفتاری کا حال سن کر عبدالرحمن بن حارث کو امیر معاویہؓ کے پاس سفارش کے لئے بھیجا تھا مگر ان کے پہنچنے سے پہلے وہ قتل کئے جا چکے تھے ام المومنینؓ کو ہمیشہ اس کا افسوس رہا کیونکہ حجر بہت بزرگ اور عابد آدمی تھے۔

(6) ان کے ولاۃ بھی خون ناحق اور ظلم سے کم پرہیز کرتے تھے خاص کر عراق میں زیاد کی سختیاں نہایت جابرانہ تھیں ۔

(7) ان کی زندگی کے آخری واقعہ یعنی یزید کی ولی عہدی کی بیعت نے جو انہوں نے فوجی قوت کے دباؤ سے لی رہی سہی حکومت الہیٰ کی امید کا بھی خاتمہ کر دیا اور اسلامی اخوت و مساوات کو منہدم کر کے شہنشاہیت کی بنیاد ڈال دی ۔

بعض لوگ ان کی طرف سے یہ معذرت کرتے ہیں کہ اس زمانے میں سلطنت کے حدود بہت وسیع ہو گئے تھے اور ذرائع الحاق و اتصال موجود نہ تھے اس لئے خلافت کے امیدواروں کی جس قدر زیادتی ہوتی اسی قدر امت میں فتنہ اور تفرقہ کا زیادہ خوف ہوتا ایسی حالت میں امیر معاویہؓ نے اگر اس کو ایک خاندان میں محدود کر دیا تو کیا بے جا کیا لیکن یہ معذرت نہ صرف اسلام سے بلکہ حالات سے بھی ناواقفیت پر مبنی ہے اسلام کا اصل مقصد حکومت الہیٰ کا قیام ہے اگر وہ نہیں تو کچھ نہیں کیونکہ انفرادی اسلام سے اجتماعی فلاح ناممکن ہے اس لئے وہ کسی قیمت پر فروخت نہیں کی جا سکتی اور امیر معاویہ بجائے اپنے بیٹے کے امام حسینؓ یا حضرت عمرؓ کے بیٹے عبداللہ کو جن کو ابو موسیٰ اشعریؓ نے تحکیم کے موقع پر خلافت کے لئے موزوں قرار دیا تھا ولی عہد بنا دیتے تو غالباً نہ تو فتنہ ہوتا نہ فساد بلکہ امت ان کی ممنون ہوتی ۔

یزید کو ولی عہد بنانے میں امیر معاویہؓ نے حضرت ابو بکرؓ کے عمل سے نظیر لی تھی لیکن صدیق اکبرؓ نے حضرت عمرؓ کو اپنا ولی عہد بنایا تھا جو نہ ان کے ہم قبیلہ تھے نہ رشتہ دار اس لئے بلاشبہ ان کا مقصد جمہوری تھا جس میں کوئی شائبہ ذاتی یا خاندانی غرض کا نہ تھا اور

یہاں یزید کو ولی عہد بنانے میں غرض صرف یہ تھی کہ سلطنت اپنے خاندان میں رہے اور افسوس کہ یہ غرض بھی پوری نہ ہو سکی کیونکہ ان کے بعد یزید کل تین سال آٹھ ماہ تخت پر رہا جس کے بعد سفیانی خاندان سے حکومت نکل گئی اور بنی مروان کے ہاتھ میں آ گئی یہاں تک کہ 132 ھ میں عباسیوں نے ان ہی سے اس کو چھینا

## صحابہ کا سکوت

صحابہ کرام جو آنحضرت اور خلفاء راشدین کا زمانہ دیکھ چکے تھے بالعموم یہ سمجھتے تھے کہ کیا اس کے خلاف بھی کوئی طریقہ اسلامی حکومت کا ہو سکتا ہے اس لئے حضرت حسنؓ کے بجائے معاویہؓ خلیفہ ہو گئے تو کیا ہوا کیوں کہ شخصیتوں کی اہمیت ان کی نگاہوں میں زیادہ نہ تھی امیر معاویہؓ کا طریقہ یہ تھا کہ لوگوں کے ساتھ فیاضی اور مہربانی سے پیش آئے اگر کوئی سخت بات کہتا تو اس کو برداشت کرتے بلکہ اس کی اور مدارات کرتے احنف بن قیس بنی تمیم کے میر قبائل کوفہ کے سب سے بڑے رئیس اور سخاوت و مروت و دیگر صفات کی وجہ سے جملہ عربی رؤسا میں ممتاز تھے جب تلوار میان سے نکالتے تو بے چون و چرا ایک لاکھ تلواریں ساتھ دینے کے لئے نکل پڑتیں جنگ صفین میں حضرت علیؓ کے ساتھ تھے خلیفہ ہو جانے کے بعد امیر معاویہؓ کبھی کبھی ان کو دمشق میں بلاتے اور بہت اکرام کے ساتھ پیش آتے ایک بار اثنائے گفتگو میں ان سے کہا کہ صفین میں تمہاری شرکت کی خلش کبھی کبھی تازہ ہو جاتی ہے احنف نے جواب دیا کہ اب تک وہی دل ہمارے سینوں میں ہیں اور وہی تلواریں ہماری میانوں میں ہیں اگر تم جنگ کی طرف ایک بالشت بڑھنا چاہتے ہو تو ہم ایک ہاتھ بڑھنے کو تیار ہیں ۔ باوجود ان باتوں کے ان کی توقیر اس حد تک کرتے کہ جس والی کو وہ ناگوار سمجھتے اس کو فوراً بدل دیتے ۔ اس طرح پر انہوں نے اپنے استبداد کو حلم اور کرم سے چھپا رکھا تھا چنانچہ ان کے پورے عہد میں جو بیس سال رہا نہ کوئی فتنہ برپا ہوا نہ کوئی بغاوت ہوئی اور بجز خوارج کے کوئی ان کی مخالفت کے لئے نہ اٹھا ۔ بے شک صحابہ کرامؓ میں ایسے لوگ بھی تھے جو انسانی حکومت کے مظاہر آنکھوں سے دیکھتے تھے مگر ان کی قوت کے آگے اپنے آپ کو بے بس پاتے تھے اس وجہ سے لا یکلف اللہ نفسا الا وسعھا (اللہ کسی پر اس کی طاقت سے زیادہ بار نہیں ڈالتا) کے مطابق خاموش رہے۔

## واقعہ کربلا

امیر معاویہؓ کے بعد جب ان کا بیٹا یزید خلیفہ ہو گیا تو امام حسین جن کا رتبہ اس وقت صحابہ میں ممتاز تھا مقابلے کے لئے کھڑے ہوئے مگر اس مہم میں کامیاب نہ ہو سکے بظاہر

اس کا سبب یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس استبداد کو توڑنے کے لئے جس طاقت کی ضرورت تھی اس کو فراہم کرنے کی طرف انہوں نے کوئی توجہ نہیں کی مدینے سے مکے آجانے کے بعد پورا موقع حاصل تھا کہ کچھ عرصہ کوشش کر کے امت کے بہت سے افراد اور بڑے بڑے لوگوں کو اپنے ساتھ کر لیتے لیکن انہوں نے اسی کو کافی کھا کہ کوفہ میں جہاں سے ان کی طلبی کے خطوط آرہے تھے مسلم کو بھیج کر اپنی امامت کی بیعت کر لیں حالانکہ اہل کوفہ کی بیوفائی کا حضرت علیؓ اور امام حسنؓ کے زمانوں میں خود ان کو تجربہ ہو چکا تھا یہ بیعت بھی والیوں کے ڈر سے مخفی سازش کی طرح راتوں کو چھپ چھپ کر لی جاتی تھی ظاہر ہے کہ ایسی جماعت کیا کام دے سکتی چنانچہ جب مسلم ابن زیاد کے قصر پر حملے کے لئے بڑھے اور یا منصور کا نعرہ لگایا تو اٹھارہ ہزار آدمیوں میں سے جو ان کے ہاتھ پر بیعت کر چکے تھے کل چار ہزار جمع ہوئے اس وقت ابن زیاد کے پاس پچاس آدمیوں سے زیادہ نہ تھے انہیں کے خوف سے تقریباً وہ سارے کے سارے مسلم کا ساتھ چھوڑ کر بھاگ گئے آخر مسلم مع اپنے بیٹوں کے گرفتار کر کے قتل کر دیئے گئے اور جب امام حسینؓ وہاں پہنچے تو مدد کے لئے کوئی جماعت تیار نہ ملی۔

## بنی مروان

مروان اپنی خلافت مکمل کرنے سے پہلے ہی وفات پا گیا اس کے بیٹے عبدالمالک نے اپنے مخالفوں کو شکستیں دے کر پورے اسلامی ممالک پر تسلط حاصل کر لیا۔ اس کے عہد میں استبداد کا مظہر بہت نمایاں ہو گیا اپنے مقاصد کو پورا کرنے میں اس نے جن سختیوں سے کام لیا تھا ان کی معذرت میں کہا کرتا تھا کہ اگر شیخین کو بھی ایسے سرکش لوگوں سے پالا پڑتا جن سے ہم کو پڑا ہے تو لامحالہ وہ بھی یہی کرتے ای کا سب سے بڑا معتمد والی حجاج بن یوسف تھا جو اپنے ظلم و ستم میں چنگیز اور ہلاکو سے کم بدنام نہیں ہے عبدالملک کے بیٹے سلیمان نے خلیفہ ہو جانے کے بعد اس غصہ میں کہ حجاج نے اس کو ولی عہدی سے خارج کرانے میں ولید کی موافقت کی تھی اس کے تمام رشتہ داروں اور ماتحت عاملوں کو سزائیں دیں اور اس کے بھتیجے محمد بن قاسم فاتح سندھ کو بھی مروا ڈالا اسی طرح موسیٰ بن نصیر جیسے سپہ سالار سے جس نے اندلس فتح کیا تھا ناقابل برداشت جرمانہ وصول کیا۔

بالعموم مروانی خلفاء خاص کر ہشام بن عبدالملک نے اپنے شاہی اغراض کے لئے عربی قبائل میں زمانہ جاہلیت کی عصبیت کو جسے اسلام نے فنا کر دیا تھا پھر زندہ کر دیا اور ان کو باہم ایک دوسرے کا دشمن بنا کر لڑانا شروع کیا بیشک ان میں سے حضرت عمر بن عبدالعزیز کا عہد مستثنیٰ ہے انہوں نے خلیفہ ہوتے ہی رؤسائے بنی امیہ کی ملکیتیں اور جائیدادیں جن پر

انہوں نے زبردستی قبضہ کر رکھا تھا ان کے اصلی حقداروں کو واپس دلائیں بنی امیہ پر یہ امر نہایت گراں گزرا وہ ان کی پھوپی فاطمہ بنت مروان کو جن کا وہ بہت ادب کرتے تھے بلا لائے تاکہ ان کو سمجھائیں جب انہوں نے آکر سفارش کی تو عمر بن عبدالعزیز نے کہا۔

"اللہ تعالیٰ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو دنیا کے لئے رحمت بنا کر بھیجا تھا آپ نے ایک ایسا چشمہ چھوڑا جس میں سب کو یکساں پینے کا حق تھا آپ کے بعد ابو بکرؓ و عمرؓ نے بھی اس کو اسی حالت میں رکھا جب وہ یزید، مروان، عبدالملک، ولید اور سلیمان کے ہاتھوں میں آیا۔ انہوں نے اس سے نہریں نکالیں جن کے باعث وہ خشک ہو گیا۔ اب جب تک وہ اپنی اصلی حالت پر نہیں لایا جائے گا لوگ اس سے سیراب نہ ہو سکیں گے"۔

فاطمہ نے یہ سن کر کہا کہ تمہارے بھائیوں کے اصرار پر میں تم کو سمجھانے آئی تھی مگر جب تمہارا خیال ایسا ہے تو میں اب کچھ نہ کہوں گی ان کے بعد ولی عہد یزید تھا وہ چاہتے تھے کہ نہ صرف اس سے بلکہ بنی امیہ سے خلافت کو نکال دیں اور کچھ عجب نہیں کہ بعض مورخوں کا یہ بیان صحیح ہو کہ اسی خوف سے بنو امیہ نے عجلت کر کے ان کو زہر دے دیا جس سے وہ ہلاک ہو گئے ان کا کل زمانہ خلافت ڈھائی سال سے بھی کم رہا اس ڈھائی سال کے سوا بنی امیہ اپنی 92 سال کی خلافت میں بادشاہت کرتے رہے یہاں تک کہ حکومت الہیٰ کا مفہوم ہی لوگوں کے دماغوں سے جاتا رہا خلفاء راشدین نہ محافظ رکھتے تھے نہ دربان مگر خلفائے بنی امیہ کے لئے جامع مسجد میں بھی مقصورے بنائے جاتے تھے اور جب وہ نماز پڑھتے اس وقت دائیں بائیں مسلح سپاہی کھڑے رہتے خلافت راشدہ میں عمل کتاب و سنت پر تھا مگر عہد بنی امیہ میں جبر و قہر کی حکمرانی رہی خلفائے راشدین معمولی افراد کی طرح زندگی بسر کرتے تھے اور بیت المال کی خود اپنے مال سے زیادہ حفاظت کرتے تھے لیکن خلفائے بنی امیہ شاہانہ شان و شوکت سے رہتے تھے اور بیت المال کو اپنی ذاتی ملکیت سمجھتے تھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے خطبہ میں فرمایا تھا کہ جو شخص مجھ میں کوئی کجی دیکھے اس کو سیدھا کر دے اور عبدالملک نے برسر منبر کہا کہ آج سے جو کوئی اس مقام پر مجھ سے کہے گا کہ اللہ کا خوف کرو اس کو قتل کر دوں گا۔

خلفائے راشدین عام مسلمانوں کی طرح بازاروں میں پھرتے مسجدوں میں جا کر نماز پڑھاتے اور سب کے ساتھ مل کر بیٹھتے لیکن ولید جس وقت مسجد نبوی دیکھنے گیا ہے اس

وقت وہاں سے سب لوگ نکال دیئے گئے شیخ مدینہ سعید بن المسیب کی بزرگی کا اگر احترام نہ ہوتا تو وہ بھی اس میں رہنے نہ پاتے ۔ خلفائے راشدین کے لئے کوئی امتیازی علامت نہیں تھی لیکن بنی امیہ کے عہد ہم عصائے خلافت کا بھی ذکر پاتے ہیں نیز ان میں سے یزید بن عبدالملک اور ولید بن یزید کی نسبت مینوشی اور مغنیات کے راگ سننے کی روایتیں بھی ہمارے کانوں تک پہنچی ہیں ۔

الغرض جس دن سے امیر معاویہ کے ہاتھ پر بیعت ہوئی اسی دن سے حکومت الہٰی جو دین کا اصل مقصود تھی امت اسلامیہ جس کا ہر فرد آزاد اور صرف اکیلے اللہ کا بندہ تھا رفتہ رفتہ قوت و غلبہ سے انسانی حکومت کی تابعدار اور رعایا بنائی گئی اور بجز عمر بن عبدالعزیز کے بنی امیہ نے دینی قیادت ایک دن بھی نہیں کی جس میں امت میں مذہبی انتشار و تشتت پیدا ہو گیا ۔ بزرگان امت قرب عہد خلافت راشدہ کی وجہ سے ان سے خلفاء کا کام لینا چاہتے تھے مگر ان کی مخصوص سیاست سے قرآن خارج ہو چکا تھا اور خاندانی اغراض نے اس کی جگہ لے لی تھی اسی لئے دن بدن خرابیاں بڑھتی گئیں اگر حکومت الہٰی ہوتی تو ان کی تقریباً صد سالہ خلافت میں بلاشبہ ساری دنیا میں اسلام پھیل جاتا ۔

# بنو عباس

عباسیوں نے کسی شرعی استحقاق کی بناء پر نہیں بلکہ محض قرابت رسول کے دعوے پر خفیہ سازش اور کوشش سے خلافت حاصل کی صورت یہ ہوئی کہ شیعہ جو مخفی طور پر امت میں اہل بیت کی امامت کی تلقین کرتے تھے اور چاہتے تھے کہ بنی امیہ کا تختہ الٹ دیں ان میں سے ایک فرقہ کیسانیہ تھا جو ابو ہاشم محمد بن الحنفیہ کو اپنا امام مانتا تھا ابن الحنفیہ حضرت علیؓ کے بیٹے تھے جنہوں نے اگرچہ عبدالملک بن مروان کے ہاتھ پر بیعت کر لی تھی مگر ان کے شیعہ انہی کو خلافت کا حقدار سمجھتے تھے اور ان کے انتقال کے بعد ان کے بیٹے ابو ہاشم کو ۔
خلفائے بنی امیہ نے حضرت علی بن عبداللہ بن عباس کو ایک گاؤں حیمہ جاگیر میں دیا تھا جو مدینے سے دمشق کے راستے میں پڑتا تھا علی اسی گاؤں میں سکونت رکھتے تھے اتفاقاً ابو ہاشم کا وہاں گزر ہوا اور وہیں بیمار ہو کر وہ انتقال بھی کر گئے چونکہ انہوں نے کوئی بیٹا نہیں چھوڑا تھا اس وجہ سے بنی عباس نے دعوے کر دیا کہ وہ علی بن عبداللہ کو اپنے حق امامت کی وصیت کر گئے ہیں یہیں سے عباسیوں میں خلافت کا داعیہ پیدا ہو گیا اور فرقہ کیسانیہ نے ان کی حمایت شروع کی لیکن علی صرف نام کے وصی تھے کام جو کچھ کیا ان کے بیٹے محمد نے کیا اور وہی ان کے بعد امام بھی قرار پائے ۔

محمد نہایت عقیل اور دانشمند تھے انہوں نے صورت حال پر نظر ڈالی علویہ کی ناکامی کے اسباب پر غور کیا اور سوچا کہ خلافت و سلطنت کو ایک خاندان سے دوسرے خاندان میں منتقل کرنا صرف فوری جوش سے ممکن نہیں ہے تاوقتیکہ کثیر تعداد اور کافی وقت اس مقصد کے لئے تیار نہ کر لی جائے اس وجہ سے انہوں نے اپنے شیعہ میں سے داعیوں کی جماعت منتخب کی جو لوگوں میں صرف اہل بیت کی امامت کی تبلیغ کریں اور کسی خاص امام کا نام نہ لیں اس سے ایک فائدہ تو یہ تھا کہ شیعہ امامیہ کی محنت سے نفع اٹھائیں جو مدت سے اہل بیت کی امامت کی تبلیغ کر رہے تھے اور اس کے لئے راستے ہموار کر چکے تھے دوسرا یہ کہ امام کے نام کی تعیین سے خطرہ تھا کہ بنی امیہ کو خبر ہو گی تو قتل کر دیں گے تبلیغ کے لئے انہوں نے مختلف وجود سے خراسان کو زیادہ موزوں پایا اور دوسری صدی ہجری کے آغاز سے کام شروع کیا مسلسل 29 سال تک مخفی طور پر سوداگروں اور سیاحوں وغیرہ کے

بھیس میں ان کے دعاۃ وہاں تبلیغ کرتے رہے اور جب پورا اثر پیدا کر لیا اس وقت امام موصوف کے خاص معتمد ابو مسلم خراسانی نے پہنچ کر قوت سے کام لینا شروع کیا اور رفتہ رفتہ امراء بنی امیہ کو شکست دیتے ہوئے کوفہ پر پہنچ کر قبضہ کر لیا۔

## اعلان خلافت

12 ربیع الاول 132 ھ کو امام محمد کے بھائی سفاح کی خلافت کا اعلان کیا گیا سفاح نے منبر پر کھڑے ہو کر خطبہ میں حمد و ثنا کے بعد اپنی قرابت رسول پر فخر کیا پھر بنی امیہ کے ظلم و ستم کا ذکر کر کے کہا:

"ہم اہل خیر و صلاح ہیں ہم سے ظلم و فساد کا اندیشہ نہیں ہے اللہ کا شکر ہے کہ تم لوگوں کو ہمارا زمانہ مل گیا اور اس دولت کی سعادت حاصل ہو گئی"۔

اس کے بعد اس کے چچا داؤد نے کہا:

"ہم نے اس خلافت کو زر و جواہر جمع کرنے کے لئے نہیں حاصل کیا ہے نہ ہمارا مقصد یہ ہے کہ عالیشان محلات اور باغات بنائیں اور ان میں نہریں نکالیں بلکہ ہم نے دیکھا کہ ہمارے حقوق ہضم کئے جا رہے تھے ہمارے بنی اعمام کی تحقیر کی جاتی تھی امت کے جان و مال پر دست درازیاں ہوتی تھیں ان کو ہم برداشت نہیں کر سکے اب اللہ، رسول اور ان کے عم محترم عباس کا ذمہ ہے کہ ہم تمہارے ساتھ کتاب و سنت کے مطابق برتاؤ رکھیں گے اور وہی طریقہ رکھیں گے جو رسول اللہؐ کا تھا"

لیکن ہوا کیا اس کے چند سال بعد منصور نے انبار کو چھوڑ کر بغداد کو دارالخلافہ بنایا اور باوجود بخزرس ہونے کے اپنے اور اپنے بیٹے کے قصور و باغات کی تعمیر میں تقریباً دو کروڑ دینار خرچ کئے پھر ہارون رشید کے زمانے میں وہاں امیروں اور رئیسوں کے ایسے عالی شان محلات تعمیر ہونے جن کو دیکھ کر سیاح حیران ہو جاتے تھے قصر خلافت وزراء کے مکان بالخصوص برامکہ کی عمارتیں ایسی تھیں کہ اس وقت تمام عالم میں ان کی نظیر نہ تھی زر و جواہر بھی جمع کئے چنانچہ جب منصور نے وفات پائی تو خزانے اس قدر معمور چھوڑے کہ مہدی بے دریغ ان کو خرچ کرتا رہا اور کبھی یہ خیال نہیں کیا کہ یہ ختم ہو جائیں گے ان کے دربار دارا اور کیخسرو کے درباروں کا نمونہ بن گئے غناد شراب عیش و نشاط وغیرہ سے دلچسپی ہوئی اور

کتاب و سنت سے بس اتنا لگاؤ تھا کہ وہ مسلمان تھے ورنہ ان کی مخصوص سیاست میں نہ کتاب کو دخل تھا نہ سنت کو۔

## بنی امیہ سے انتقام

عباسیوں نے بنی امیہ سے جو ان کے ایک جدی بھائی تھے انتقام لینے میں جس قساوت قلبی اور بیرحمی کا اظہار کیا اس کی مثال اسلامی تاریخ میں نہیں ملتی داؤد نے مکہ اور مدینہ میں جس قدر بنی امیہ تھے سب کو قتل کر ڈالا اس کے بھائی سلیمان نے بصرہ میں یہی کیا جن کو قتل کرتا ان کو کھنچوا کر راستے میں ڈال دیتا عبداللہ بن علی نے شام میں ڈھونڈ ڈھونڈ کر بنی امیہ کے ایک ایک فرد کو مار ڈالا یہاں تک جوش انتقام میں ان کے خلفاء امیر معاویہ یزید اور عبدالملک وغیرہ کی قبریں کھدوا ڈالیں اور ان کی بوسیدہ ہڈیوں کو نکال کر پھینک دیا مورخوں کا بیان ہے کہ ہشام کی نعش صحیح سالم نکلی تھی صرف ناک گل گئی تھی اس کو کوڑوں سے پٹوا کر سولی پر چڑھا دیا پھر آگ میں جلا کر راکھ ہوا میں اڑا دی ۔ عراق میں سفاح نے خود بنی امیہ کے افراد کو قتل کیا حقیقت یہ ہے کہ استبداد کا مزاج شکی ہے چنانچہ ان کی یہ سخت گیری بنی امیہ تک ہی محدود نہ رہی بلکہ خود اپنے ارکان سلطنت پر بھی انہوں نے ہاتھ بڑھایا ابو سلمہ خلال جو وزیر آل محمد کے لقب سے مشہور تھا اور جس نے اس دولت کے قائم کرنے میں بڑی خدمات انجام دی تھیں اس سے سفاح اس بنیاد پر ناراض تھا کہ اس نے خلافت کو آل علی کی طرف منتقل کرنا چاہا تھا اس کہ حکم سے ابو مسلم نے اس کو قتل کرا دیا سلیمان بن کثیر خزاعی شیخ النقباء پر بھی جس نے اس سلطنت کو قائم کرنے میں ابو سلمہ سے کم کوشش نہیں کی تھی ابو مسلم نے یہی الزام لگایا کہ وہ آل علی کا خیر خواہ ہے اور اس کو بھی قتل کر دیا سفاح کے بعد جب منصور تخت خلافت پر آیا تو اس کو ابو مسلم کی طرف سے شک پیدا ہوا چنانچہ اس کو دربار میں بلوا کر قتل کرا دیا نیز اپنے چچا عبداللہ بن علی کی طرف سے بھی اس کے دل میں خطرہ پیدا ہو گیا تھا اس وجہ سے باوجود امان نامہ لکھ دینے کے بھی اس کو قید کر دیا جس میں وہ مر گیا

## علویہ پر سختی

اپنے بنی اعمام یعنی آل ابو طالب جن کے اوپر بنی امیہ کے مظالم دیکھ کر صبر نہیں کر سکے تھے اور ان کے انتقام کے لئے اٹھے تھے ان کی طرف سے بھی ان کے دلوں میں بدگمانیاں پیدا ہوئیں چونکہ منصور پہلے ان کی جماعت میں شریک رہا تھا اور ان کا راز دار اور ان کے منصوبوں سے اچھی طرح واقف تھا اس لئے ان کی طرف سے اس کو ہر وقت خطرہ تھا۔

## نفس زکیہ

اہل بیت میں سے محمد بن عبداللہ جو نفس زکیہ کے لقب سے مشہور تھے اپنی خلافت کے لئے بہت کوشاں تھے بنی امیہ کے آخری خلیفہ مروان کے زمانے میں اکثر رؤسا بنی ہاشم نے ان کی امامت کی بیعت کی تھی اور ان کو مہدی تسلیم کیا تھا اس بیعت میں سفاح اور منصور بھی شامل تھے اس وجہ سے جب عباسیوں نے خلافت قائم کی تو نفس زکیہ نے سفاح کے ہاتھ پر بیعت نہیں کی اور چاہا کہ خود اپنی خلافت کا اعلان کریں لیکن سفاح ان کے والد اور چچا کے ساتھ سلوک کرتا تھا اس لئے اس کے زمانے میں خاموش رہے نفس زکیہ کے دوسرے بھائی ابراہیم بن عبداللہ تھے جن کو خراسان کی ایک جماعت امام مانتی تھی اور ان کی حمایت کے لئے تیار تھی ۔

سفاح کے بعد جب منصور خلیفہ ہوا تو چونکہ اس کو ان دونوں بھائیوں کے ارادے معلوم تھے اس لئے ان کی طرف سے بھی بہت بدگمان تھا نفس زکیہ کا مرکز مدینہ منورہ تھا اور وہ اردگرد کے قبائل میں روپوش رہتے تھے منصور وہاں کے عاملوں کو سخت سخت تاکید لکھتا تھا کہ ان کا پتہ لگائیں مگر وہ قاصر رہے آخر اس نے رباح کو وہاں کا عامل بنا کر بھیجا اس کو معلوم ہوا کہ وہ مدینے میں چھپ کر اپنی جماعت میں آتے ہیں اس لئے اس نے بنی حسن میں سے تیرہ آدمیوں کو پکڑ کر منصور کے پاس بھیج دیا اس نے ان پر ایسی سختیاں کیں کہ ان میں سے اکثر ہلاک ہو گئے ۔ اب نفس زکیہ کو اپنے خاندان پر یہ مظالم دیکھ کر تاب نہ رہی یکم رجب 145 ھ کو مدینہ منورہ میں داخل ہوئے رباح کو گرفتار کر کے شہر پر قبضہ کر لیا منصور کو جب اطلاع ہوئی تو اس نے پہلے کوفہ کو محصور کر دیا کہ شیعہ کا تعلق ان سے منقطع رہے پھر ان کو لکھا:

> " از جانب ابو جعفر عبداللہ بن محمد (منصور) امیرالمومنین بنام محمد بن عبداللہ (نفس ذکیہ)
>
> قرآن میں اللہ نے فرمایا ہے کہ جو لوگ اللہ اور اس کے رسول سے لڑیں اور دنیا میں فساد پھیلائیں ۔ ان کی سزا یہ ہے کہ مار ڈالے جائیں یا سولی پر چڑھا دیے جائیں یا ان کے ہاتھ پاؤں برخلاف کاٹ لئے جائیں یا ملک بدر کر دیے جائیں ۔ اس لئے میں اللہ اور اس کے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے حق کا واسطہ دلا کر عہد و پیمان کرتا ہوں کہ اگر اس سے پہلے کہ میں تمھارے

اوپر قابو پاؤں تم توبہ کر لو گے تو میں تمہاری اور تمہارے تمام بھائیوں کی اور ساتھیوں اور معتقدوں کی جو اس بغاوت میں شریک ہیں جان بخشی کر دونگا نیز دس لاکھ درہم تم کو دوں گا کہ جہاں چاہو رہو ۔ اور تمہاری جو ضروریات ہونگی ان کو پورا کرتا رہوں گا ۔ تمہارے اہل بیت اور شیعہ میں سے جو لوگ میرے قید خانوں میں ہیں ان کو چھوڑ دونگا اور کسی قسم کی تکلیف نہیں دوں گا ۔ اگر تم اس پر راضی ہو تو اپنے کسی معتمد کو بھیجدو کہ آکر مجھ سے عہد نامہ لکھوا لے " ۔

اس کے جواب میں نفس زکیہ نے لکھا :۔

" ازجانب محمد بن عبداللہ مہدی امیر المومنین بنام عبداللہ بن محمد میں بھی تمہارے لئے اسی قسم کی امان پیش کرتا ہوں جس قسم کی تم نے پیش کی ہے ۔ تم جانتے ہو کہ خلافت ہمارا حق ہے اور ہمارے ہی شیعوں کی بدولت تم نے اس کو حاصل کیا ہے ۔ ہمارے باپ حضرت علی کرم اللہ وجہ وصی اور امام تھے ۔ ہم جو ان کے بیٹے ہیں ۔ زندہ ہیں پھر ہمارے ہوتے ہوئے تم کیسے اس کے وارث بن گئے ۔ تمہیں یہ بھی خوب معلوم ہے کہ جاہلیت اور اسلام دونوں میں بنی ہاشم میں سے جو نسبی فضائل و مفاخر ہم کو حاصل ہیں وہ کسی کو حاصل نہیں ہو سکے ۔ زمانہ جاہلیت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دادی فاطمہ بنت عمرو کے شکم سے ہم ہیں نہ کہ تم ۔ خاص ہاشم کی اولاد میں اس نسب میں سب سے بہتر اور ماں باپ کے لحاظ سے سب سے بڑھ کر ہوں ۔ میری رگوں میں امہات اولاد کا غیر عربی خون مطلق نہیں ہے ۔ میرے نسب کو اللہ نے ہمیشہ ممتاز رکھا ۔ دنیا میں سب سے افضل محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں ۔ میں ان کا بیٹا ہوں ۔ صحابہ میں میرے باپ حضرت علی اسلام میں سب سے اول علم میں سب سے فائق اور جہاد میں سب سے افضل تھے ، میری ماں حضرت خدیجہ ہیں جنہوں نے اس امت میں سب سے پہلے نماز پڑھی ۔ پھر حضرت

فاطمہ ہیں جو ان کی بیٹیوں میں سب سے بہتر اور جنتی عورتوں کی سردار ہیں ۔ زمانہ اسلام میں ہاشم کے بہترین فرزند حضرت حسن اور حسین ہیں جو بہشتی نوجوانوں کے سید ہیں ان میں سے بڑے کا میں بیٹا ہوں ۔ اب دیکھو حضرت علی والدین کی طرف سے ہاشم کے بیٹے ہیں امام حسن والدین کی طرف سے عبدالمطلب کے بیٹے ہیں اور میں والدین کی طرف سے رسول اللہ کا بیٹا ہوں ۔ اللہ نے ہمارا امتیاز ہمیشہ قائم رکھا یہاں تک کہ جہنم میں بھی اس نے اس کا لحاظ کیا ۔ یعنی میں اس شخص کا بیٹا ہوں جو جنت میں سب سے بڑا درجہ رکھتا ہے اور اس شخص کا بیٹا ہوں جو جہنم میں سب سے ہلکا عذاب پائے گا ۔ اس طرح پر نیکیوں میں سب سے بہتر نیک اور گنہگاروں میں سب سے کمتر گنہگار کا فرزند ہوں۔ میں اللہ کو گواہ کر کے تم کو ہر چیز کی سوائے کسی شرعی حد یا کسی مسلم یا معاہد کے حق کے جو تمہارے ذمہ ہو امان دیتا ہوں اور میں بہ نسبت تمہارے عہد کا زیادہ پابند ہوں ۔ تم نے مجھ کو جو امان دی ہے وہ کون سی ہے ؟ ابن ہبیرہ والی یا وہ جو تم نے اپنے چچا عبداللہ کو یا ابو مسلم خراسانی کو دی تھی " ۔ فقط

کس قدر عبرت کا مقام ہے کہ نسبی مفاخر جن کو رسول اللہ نے نخوت جاہلیت قرار دے کر فتح مکہ کے دن پاؤں سے روند ڈالا اور جس کو قرآن نے مٹا کر سارے مسلمانوں کو آپس میں بھائی بھائی بنا دیا انھیں کو یہ ائمہ اپنی امامت اور حق خلافت کے ثبوت میں کس کس طرح پیش کرتے تھے ۔ درحقیقت ان کے مقاصد شخصی تھے نہ کہ جمہوری ۔

منصور کو جب یہ خط پہنچا تو اس کے کاتب نے جواب لکھنے کی اجازت مانگی ۔ منصور نے کہا کہ یہ تمہارا کام نہیں ہے ۔ جب حسب نسب اور خاندان کے جھگڑے آ پڑے تو خود مجھے جواب لکھنا چاہیے ۔ اس نے لکھا :۔

از ابو جعفر عبداللہ بن محمد امیرالمومنین بنام محمد بن عبداللہ ۔

تمہارا خط مجھ کو ملا ۔ عوام کو برانگیختہ کرنے اور جہلا میں مقبول بننے کے لئے تم نے یہ نسب مفاخر جوڑ رکھے ہیں جن کی ساری بنیاد عورتوں پر ہے ۔ حالانکہ عورتوں کا وہ درجہ نہیں ہے جو چچا

کا ہے ۔ تم کو معلوم ہے کہ اللہ نے جس وقت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو مبعوث فرمایا تو اس وقت ان کے چچاؤں میں سے چار شخص زندہ تھے ۔ (حمزہ ، عباس ، ابوطالب ، اور ابولہب ) ان میں سے دو اسلام لائے جن میں سے ایک میرا باپ تھا اور دو کافر رہے جن میں سے ایک تمہارا باپ تھا ۔ تم نے عورتوں کا ذکر کر کے ان کی قرابت پر جو فخر کیا ہے ۔ یہ نادانی ہے ۔ اگر عورتوں کو نسبی فضیلت میں سے کوئی حصہ ملتا تو ساری فضیلت رسول اللہ کی والدہ کے لئے ہوتی ۔ لیکن اللہ تو جس کو چاہتا ہے اپنے دین سے سر بلند کرتا ہے ۔ تعجب ہے کہ ابوطالب کی والدہ فاطمہ بنت عمرو پر بھی تم نے ناز کیا ہے ۔ سوچو تو کہ ان کے بیٹوں میں سے کسی کو بھی اللہ نے اسلام کی ہدایت کی اور اگر کرتا تو اس کے زیادہ حقدار نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے والد ہو سکتے تھے لیکن وہ تو جس کو چاہتا ہے اسی کو ہدایات دیتا ہے ۔ تم نے اس پر بھی فخر کیا ہے کہ حضرت علیؓ والدین کی طرف سے ہاشمی ہیں اور حسن والدین کی طرف سے عبدالمطلب کے بیٹے ہیں اور تمہارا نسب والدین کی طرف سے رسول اللہ تک پہنچتا ہے ۔ اگر یہ واقعی کوئی فضیلت ہوتی تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم اس کے زیادہ مستحق ہوتے لیکن وہ تو صرف ایک ہی طرف سے ہاشمی ہیں ۔ پھر تم اپنے آپ کو رسول اللہ کا بیٹا کہتے ہو حالانکہ قرآن نے اس سے بالکل انکار کیا ہے ۔

ماکان محمد ابا احد من رجالکم

محمد تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہ تھے ۔

ہاں تمہارا یہ کہنا درست ہے کہ تم ان کی بیٹی کی اولاد ہو اور یہ بیشک ایک قریبی رشتہ ہے لیکن اس کے ذریعے سے کسی قسم کی میراث نہیں مل سکتی اور نہ اس سے تم امامت کے حقدار ہو سکتے ہو ۔ اسی قرابت کی بنیاد پر تمہارے باپ حضرت علی نے ہر طرح پر خلافت حاصل کرنے کی کوشش کی ۔ حضرت فاطمہ کو ابوبکر سے لڑا کر رنجیدہ کیا ۔ اسی غصہ میں ان کی بیماری کی بھی

کسی کو اطلاع نہیں کی اور جب انہوں نے انتقال فرمایا تو رات ہی کو لے جا کر ان کو دفن کر دیا ۔ مگر کوئی ابو بکر کو چھوڑ کر ان کی خلافت پر راضی نہ ہوا ۔ خود آنحضرت کی بیماری کے زمانے میں بھی وہ موجود تھے ۔ لیکن نماز پڑھانے کا حکم آپ نے ابو بکر کو دیا ۔ ان کے بعد حضرت عمر خلیفہ ہو گئے ۔ پھر خلافت اصحاب شوریٰ میں آئی اس میں بھی وہ انتخاب میں نہ آسکے اور حضرت عثمان خلیفہ ہو گئے ۔ ان کے بعد انہوں نے طلحہ اور زبیر پر سختی کی ۔ سعد بن ابی وقاص سے بیعت لینی چاہی ۔ انہوں نے اپنا پھاٹک بند کر لیا ۔ جب علی گزر گئے امام حسن ان کی جگہ پر آئے ۔ معاویہ نے شام سے لشکر کشی کی نتیجہ یہ ہوا کہ کچھ رقم ان سے لے کر اپنے شیعہ اور خلافت دونوں کو معاویہ کے سپرد کر دیا اور مدینہ چلے گئے ۔ لہذا اگر تمہارا کچھ حق بھی تھا تو اس کو فروخت کر چکے ۔ تمہارا یہ کہنا کہ اللہ نے جہنم میں بھی تمہارے امتیاز کا لحاظ رکھا تمہارے باپ ابوطالب کو اس میں سب سے کمتر عذاب ملے گا ۔ نہایت افسوسناک ہے ۔ اللہ کا عذاب خواہ کم ہو یا زیادہ مسلمان کے لئے فخر کی چیز نہیں ہے اور نہ اس میں کوئی فضیلت ہے ۔

یہ جو تم نے لکھا ہے کہ تمہاری رگوں میں عجمی خون مطلق نہیں ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ تم آنحضرت کے فرزند ابراہیم سے بھی بڑھ کر اپنے آپ کو سمجھتے ہو ۔ حالانکہ وہ ہر لحاظ سے تم سے افضل تھے ۔ خود تمہارے خاندان میں زین العابدین تھے وہ تمہارے دادا حسن بن حسن سے بہتر تھے ۔ پھر ان کے بیٹے محمد باقر تمہارے باپ سے بہتر اور ان کے بیٹے جعفر صادق تم سے بہتر ہیں ۔ حالانکہ ان سب کی رگوں میں عجمی خون ہے ۔ تم یہ بھی دعویٰ کرتے ہو کہ نسب اور ماں باپ کے لحاظ سے تم کل بنی ہاشم سے بہتر ہو ۔ بنی ہاشم میں سے رسول اللہ بھی ہیں تمہیں یہ تو پیش نظر رکھنا چاہیے کہ قیامت کے دن اللہ کو منہ دکھانا ہے ۔

صفین کے معاملے میں تمہارے باپ حضرت علی نے پنچوں سے پیمان کیا تھا کہ ان کے فیصلے پر رضامند ہو جائیں گے تم نے یہ سنا ہو گا کہ پنچوں نے ان کو خلافت سے معزول کر دیا تھا یزید کے عہد میں تمہارے عم حسین بن علی ابن زیاد کے مقابلہ کے لئے کوفہ میں آئے اور جو لوگ ان کے حامی تھے انھیں کے ہاتھوں قتل ہوئے ۔ ان کے بعد تمہارے خاندان کے کئی آدمی یکے بعد دیگرے خلافت لینے کے لئے اٹھے ۔ بنی امیہ نے ان کو قتل کیا اور سولی پر چڑھایا ۔ یہاں تک کہ ہم مستعد ہوئے اور ہم نے تمہارا اور اپنا سب کا انتقام ان سے لے لیا ۔ وہ نماز کے بعد تمہارے اوپر جو لعنتیں بھیجا کرتے تھے ۔ اس کو بند کیا ۔ تمہارے رتبے بڑھائے ۔ اب انھیں امور کو تم ہمارے سامنے بطور حجت کے پیش کرتے ہو ۔ کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ ہم نے حضرت علی کی فضیلت کا اظہار کیا تو ہم ان کو عباس و حمزہ رضی اللہ عنہما سے بھی بڑھ کر تسلیم کرتے ہیں ۔ وہ سب لوگ محفوظ گزر گئے اور حضرت علی ان جنگوں میں پڑے جن میں مسلمانوں میں خونریزی ہوئی ۔

تمہیں یہ بھی معلوم ہو گا کہ زمانہ جاہلیت میں سقاتیہ حج اور زمزم کے متولی حضرت عباس تھے نہ کہ ابوطالب ۔ حضرت عمر کی عدالت میں تمہارے باپ نے اس کا دعوی بھی پیش کیا ، مگر فیصلہ ہمارے حق میں ہوا ۔ رسول اللہ نے جس وقت وفات پائی اس وقت ان کے اعمام میں سے سوائے حضرت عباس کے اور کوئی زندہ نہ تھا ۔ اس لئے کل اولاد عبدالمطلب میں سے آنحضرت کے وارث وہی ہیں ۔ پھر بنی ہاشم میں سے بہت لوگ خلافت حاصل کرنے کے لئے اٹھے ۔ لیکن بنی عباس ہی تے اس کو حاصل کیا ۔ لہذا قدیم استحقاق اور جدید کامیابی حضرت عباس اور ان کی اولاد ہی کے حصہ میں آئی ۔ بدر کی لڑائی تمہارے چچا طالب اور عقیل کی وجہ سے مجبوراً حضرت عباس کو بھی آنا پڑا ۔ ورنہ وہ

بھوکوں مرجاتے یا عتبہ اور شیبہ کے پیالے چاٹتے ۔ ہمارے ہی باپ کی بدولت اس ننگ و عار سے بچے ۔ نیز آغاز اسلام میں قحط کے زمانے میں حضرت عباس ہی نے ابوطالب کی امداد کی ۔ پھر تمہارے چچا عقیل کا فدیہ بھی بدر میں انہوں نے ہی ادا کیا ۔ الغرض جاہلیت اور اسلام دونوں میں ہمارے احسانات تمہارے اوپر ہیں ۔ ہمارے باپ نے تمہارے باپ پر احسان کئے اور ہم نے تمہارے اوپر ۔ اور جن رتبوں پر تم خود اپنے آپ کو نہیں پہنچا سکتے تھے ان پر ہم نے تم کو پہنچایا اور جو انتقام تم نہیں لے سکے تھے وہ ہم نے لے لئے ۔ والسلام

ان خطوط کو پڑھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ حکومت الٰہی کا تصور دماغوں سے کس قدر بعید ہو چکا تھا کہ ابو جعفر منصور جیسا اہل سنت کا عظیم الشان خلیفہ اور نفس زکیہ جیسا اہل بیت کا مہدی تسلیم کیا ہوا امام اس کو وراثتی تسلیم کر رہے ہیں صرف جھگڑا یہ ہے کہ یہ وراثت بیٹی کی اولاد کو پہنچتی ہے یا چچا کی ۔ اسی قسم کی ایک بحث خلیفہ مامون الرشید اور امام علی رضا کی عین الاخبار میں منقول ہے ۔ مامون نے امام موصوف سے پوچھا کہ تم کس بنیاد پر خلافت کا دعویٰ کرتے ہو بولے کہ رسول اللہ سے حضرت علی اور فاطمہ کی قرابت پر ۔ مامون نے کہا کہ اگر حضرت علی کی قرابت کی بنیاد پر یہ دعویٰ ہے کہ تو آنحضرت نے ایسے ورثہ چھوڑے تھے جن میں سے بعض ان سے بھی زیادہ قریبی اور بعض انھیں کے درجے کے تھے اور اگر فاطمہ کے رشتہ کی بنیاد پر ہے تو ان کے بعد اس کے حقدار حسن اور حسین تھے ۔ ان کی موجودگی میں حضرت علی نے خلافت پر قبضہ کر کے ان کا حق کیوں غصب کیا ۔ امام علی رضا نے اس کا کوئی جواب نہیں دیا ۔

اس خط و کتابت کے بعد جس میں بجز فخر و مباہات اور خاندانی طعنے اور تشنے کے سوا اور کچھ نہ تھا ۔ منصور نے عیسیٰ بن موسیٰ ولی عہد کو فوج دے کر مدینے کی طرف بھیجا نفس زکیہ نے مقابلہ کیا مارے گئے اور ۱۴ رمضان ۱۴۵ھ میں ان کا سر کاٹ کر بغداد بھیجا گیا ۔ نفس زکیہ کے بھائی ابراہیم بصرہ میں تھے چند روز کے بعد انہوں نے بھی اپنی امامت کا جھنڈا بلند کیا اور بصرے سے اہواز تک قبضہ کر لیا ۔ عیسیٰ مدینے کی مہم سے فارغ ہو کر منصور کے حکم سے ان کی طرف آیا اور ۲۵ ذیقعدہ ۱۴۵ھ کو ان کا سر بھی کاٹ کر منصور کے پاس بھیجدیا

## امام مالک و ابو حنیفہ

نفس زکیہ اور ابراہیم دونوں بھائی آل علی میں شجاعت ، تقویٰ اور علم و عمل میں

ممتاز تھے لیکن تقدیر نے ان کا ساتھ نہیں دیا ۔ مورخین نے لکھا ہے کہ امام مالک نے مدینہ میں نفس زکیہ کی حمایت کا فتویٰ دیا تھا ۔ عباسیوں نے ان کو کوڑوں سے پٹوایا تھا اور عراق میں امام ابو حنیفہ ابراہیم کے طرفدار تھے ۔ منصور نے ان کو بغداد میں قید کر دیا اسی قید میں ۱۵۰ میں انہوں نے وفات پائی ۔ ان دونوں اماموں کی یہ نصرت و حمایت جہاں تک سمجھ میں آتا ہے کہ صرف اس وجہ سے تھی کہ عباسیوں کے استبداد سے مسلمانوں کو کسی طرح نجات مل جائے ۔ چنانچہ پہلے جب بنی امیہ کی شخصی حکومت اور انکے مظالم سے لوگ تنگ تھے ۔ اس وقت بھی ۱۲۲ھ میں ہشام بن عبدالملک کے مقابلہ میں امام زید کی ابو حنیفہ نے مدد کی تھی اور چار ہزار درہم ان کے پاس بھیجے تھے ۔

انقلاب حکومت کے بعد عباسیوں نے جیسا کہ انہوں نے وعدہ کیا تھا کہ کتاب و سنت کے مطابق عمل کریں گے امید تھی کہ امت کو فلاح نصیب ہوگی ۔ لیکن ان کا استبداد بنی امیہ سے بھی زیادہ سخت نکلا ۔ اس لئے جب نفس زکیہ اور ابراہیم نے ان کے خلاف خروج کیا تو ان دونوں اماموں نے ان کی حمایت کی ۔ اس سے یہ نہیں خیال کیا جا سکتا کہ یہ حضرت نسبی یا خاندانی بنیاد پر کسی کو امامت کا حقدار سمجھتے تھے ۔ بلکہ صرف یہ کہ ان کے زہد و تقویٰ کی وجہ سے ان سے بمقابلہ عباسیوں کے امت کی بہتری کی امید رکھتے تھے ۔

## منصور کے بعد

عباسیوں نے چونکہ قرابت رسول کے دعوے پر حکومت حاصل کی تھی اور علویہ ان سے زیادہ قریب تھے ۔ اس وجہ سے ان کو ہر وقت ان کی طرف سے خطرہ رہتا تھا ۔ چنانچہ منصور کے بعد بھی اہل بیت پر سخت نگرانی رکھی جاتی تھی ۔ مہدی نے ایک علوی کو اپنے وزیر یعقوب بن داؤد کے حوالے کیا کہ اس کو قتل کر دو مگر اس نے رات کو اس کو چھوڑ دیا اس جرم پر اس کو ایک کنویں میں قید کر دیا جس میں وہ پندرہ سال تک رہا ۔ یہاں تک کہ اس کی بینائی جاتی رہی ۔ ہادی کے زمانہ میں حسین بن علی نے جو امام حسن کی اولاد میں تھے مقام فخ میں خروج کیا ۔ بغدادی فوج نے پہنچ کر ان کا سر کاٹ لیا اور دربار میں بھیجا ۔ ہارون الرشید کے عہد میں امام یحیٰ اور موسیٰ دونوں اس کے قید خانے میں مرے ۔ جن کے متعلق مورخوں کے شبہات ہیں کہ اسی کے حکم سے ہلاک کئے گئے ۔ برمکیوں کو بھی اس نے اسی جرم میں تباہ کیا کہ اس کو شبہ ہو گیا تھا کہ یہ آل علی کے طرفدار ہیں ۔ رشید اور نیز متوکل کے یہاں سے کسی کو مال یا عطیہ نہیں ملتا تھا ۔ جب تک کہ وہ آل ابی طالب کو برا نہ کہے ۔

ان کے درباروں میں مروان بن حفصہ اور عبدالملک اصمعی جیسے ناصبیوں کی قدر تھی ۔ اور عبداللہ بن عمار برقی جیسے لوگ جو حضرت علی کی منقبت میں شعر کہدیں ان کی زبانیں کاٹ لی جاتی تھی ۔ الغرض عباسیوں کے ہاتھوں اہل بیت پر ایسے مظالم ہوئے کہ اب بنی امیہ کے عہد کو وہ جنت خیال کرنے لگے ۔ ان کے شاعر نے کہا

یالیت جو ربنی مروان عادانا
یالیت عدل بنی العباس فی النار
کاش بنی مروان کا ظلم پھر واپس آجاتا
اور بنی عباس کا عدل جہنم رسید ہوتا

اغانی میں ہے کہ ابو عدی شاعر نے منصور کے عہد میں بنی امیہ کا مرثیہ لکھا ۔ جب علویہ کو سنایا تو نفس زکیہ کی آنکھوں سے آنسو بہنے لگے ۔ ان کے چچا نے کہا کہ بنی امیہ تو ہمارے دشمن تھے ان پر تم کیوں روتے ہو ؟ بولے کہ بیشک ہم ان سے بیزار تھے مگر ان میں پھر بھی مکارم اخلاق اور اعلیٰ صفات تھے ۔ یہ عباسی تو ان سے بھی کم اللہ سے ڈرتے ہیں ۔

مجھے ڈر ہے کہ میرے وہ بھائی جو تاریخی شخصیتوں سے عقیدت رکھتے ہیں ۔ یہ نہ کہنے لگیں کہ یہ گزشتہ خلفاء کی فرد جرم ہے ۔ میرا ہرگز یہ مقصود نہیں ہے ۔ میں تو صرف یہ دکھانا چاہتا ہوں کہ حکومت الہیٰ کی مقدس امانت جو رسول اللہ نے امت کے سپرد کی تھی اور خلفا راشدین کے توسط سے اس کو ملی تھی اگر قائم رہتی تو نہ یہ مظالم ہوتے نہ خاندانی رقابتیں پیدا ہوتیں ۔ یہ سب کچھ نتیجہ ہے اس کا کہ مستبد خلفاء نے اس کو انسانی حکومت میں تبدیل کر دیا اور اپنے خاندان میں محدود رکھنا چاہتے تھے جس کے باعث ہر وہ فعل جو ان کے اس مقصد کے خلاف ہوتا جرم ٹھہرتا ۔ اسی لئے ان کی چند ایسی سختیاں دکھانی ناگزیر تھیں جو انہوں نے سلطنت کو اپنے خاندان میں محفوظ رکھنے کے لئے کیں ۔ ان کے دیگر مظالم کا ذکر میں نے قصداً چھوڑ دیا کہ یہاں اس کا موقع نہ تھا ۔ اکثر مسلمان مورخوں نے اموی اور عباسی خلفاء کے کارناموں کو فخر کے ساتھ بیان کیا ہے ۔ بلکہ ان میں سے بعض کو بطل (ہیرو) بنانے کی کوشش کی ہے اس کا سبب یہ ہے کہ یہ لوگ اسلامی خلافت کے صحیح مفہوم اور اس کے حقیقی رتبے سے واقف نہیں تھے اور اس کو بھی بادشاہت ہی سمجھتے تھے ۔ اس لئے دوسری قوموں کے بادشاہوں کے مقابلہ میں ان کی برتری دکھانے کوشش کی اور اس کو اسلام کی خدمت سمجھے ۔ اور یہ حقیقت ہے کہ شہنشاہیت کے لحاظ سے عبدالملک اور ولید یا منصور اور ہارون وغیرہ سے بہتر بادشاہ اور کونسی قوم پیش کر سکتی ہے ۔ مگر اسلام تو ابو بکر و عمر جیسے خلیفہ چاہتا ہے جو امت کو قرآن کے مطابق چلائیں ۔ اور صاف صاف کہتے رہیں کہ ہم

میں جو غلطی دیکھو اس کی اصلاح کرو۔

## نظام سلطنت

جس وقت عباسیوں نے بنی امیہ سے خلافت حاصل کی اس وقت اس کا مفہوم ہی بدل چکا تھا اور سوائے شخصی سلطنت کے حکومت الہٰی کا خیال تک بھی دلوں میں نہیں تھا اس لئے ان کا نظام بھی وہی رہا جو بنی امیہ کا تھا۔ ولی عہدی کا طریقہ بھی وہی رکھا گیا۔ جو بنی امیہ نے اختیار کیا تھا۔ یعنی اپنے عزیزوں اور بیشتر اپنے بیٹوں کو ولی عہد بناتے تھے۔ بلکہ اکثر ایک کے بجائے دو دو تین تین ولی عہد مقرر کرتے تھے۔ جن پر علماء، صلحاء، امراء، وزراء، حکام اور قضاۃ وغیرہ کے علاوہ اللہ رسول ملائکہ بلکہ جن بھی گواہ بنائے جاتے تھے۔ تاکہ یہ جائیداد خاندان ہی میں محفوظ رہے۔ لیکن بعد میں نزاعیں واقع ہوتی تھیں اور امت میں فساد بڑھتا تھا کیونکہ عہد کا احترام انہوں نے خود اپنی مثالوں سے اٹھا دیا تھا۔

یہ بھی صرف ایک صدی تک رہا۔ جب تک کہ ان میں قوت تھی جب ترکوں کا غلبہ ہو گیا تو خلفاء کا عزل و نصب ان کے ہاتھ میں آگیا۔ پھر بنی بویہ اور سلجوق کے زمانوں میں تو کل اختیارات سلاطین کے ہاتھوں میں تھے۔ خلفاء صرف نام کے لئے رکھے جاتے تھے۔ عباسیوں نے بھی بنی امیہ کی طرح ملک فوج اور خزانے پر قبضہ کے سوا امت کی دینی قیادت کبھی نہیں کی۔ بلکہ اس کو علماء ہی کے ہاتھوں میں چھوڑے رکھا۔ چونکہ ان کے عہد میں علوم دخیلہ مسلمانوں میں آئے تھے جن کا اثر خیالات اور عقائد پر بھی پڑا اس وجہ سے نئی نئی مذہبی بحثیں چھڑیں اور اختلافات بہت بڑھ گئے۔ مامون الرشید نے ان کو مٹانے کی کوشش شروع کی لیکن دین پر قبضہ علماء کا ہو چکا تھا۔ اس لئے اس کو عقلیت (اعتزال) کے دروازے سے داخل ہونا پڑا اور سخت ناکام ہوا۔

بنی امیہ کے عہد میں عربی حکومت اور سادہ زندگی ہونے کے باعث سلطنت کے لئے کسی خاص قانون کی ضرورت نہیں پڑی۔ لیکن بنی عباس نے ایک مرکزی قانون کی ضرورت محسوس کی جس پر سب چلائے جائیں۔ ابن المقفعین نے خلیفہ منصور کے سامنے حکمرانی کے متعلق جو تجاویز پیش کی تھیں ان میں بھی اس بات پر خصوصیت کے ساتھ زور دیا تھا کہ اجماعی اور متفق علیہ نصوص کے مطابق ایک ایسا قانون بنایا جائے جس سے جمہور اور قضاۃ سب واقف ہوں۔ پھر زمانے کی ضروریات کے مطابق اس کی اصلاح و ترمیم ہوتی رہے۔ منصور نے امام مالک سے درخواست کی کہ موطا کو سلطنت کا قانون عام قرار دیا جائے۔ (امام مالک کی موطا خیرالقرون کے عمل متواتر کا جملہ دینی کتب سے زیادہ اعتماد کے قابل مجموعہ ہے

کیونکہ مدینہ منورہ عہد رسالت و خلافت راشدہ میں اسلام کا مرکز رہا - اس میں علماء تاریخ کے اندازہ کے مطابق کم و بیش بارہ ہزار صحابہ تھے جن میں سے تقریباً دس ہزار وہیں رہے اور وہیں فوت ہوئے - بقیہ دو ہزار عراق، مصر، شام اور یمن وغیرہ میں پھیلے - اس لئے شریعت کا اصل اور صحیح ذخیرہ مدینے میں ہی ہو سکتا تھا - خوش قسمتی ہے کہ آج ہمارے ہاتھوں میں جس قدر دینی کتابیں ہیں ان میں سب سے پہلی کتاب جو مدون ہوئی وہ مدینے میں ہوئی یعنی یہی موطا - اس میں اہل مدینہ کے پاس اسوہ رسول و خلفا راشدین و صحابہ کرام، تابعین عظام کا جو کچھ سرمایہ تھا اور جس قدر مسائل اور فتاوے ان کے معمول پر تھے وہ سب جمع کر دیے گئے ہیں - یہ کتاب صحیح بخاری سے سو سال پہلے لکھی گئی ہے ) - انہوں نے کہا کہ مختلف حصوں میں لوگوں کا عمل مختلف طریقوں سے رائج ہو چکا ہے بولا کہ کیا مضائقہ ہے ہم بزور ان کو اس کے اوپر چلائیں گے - مگر وہ راضی نہ ہوئے - پھر ہارون الرشید نے بھی اپنے زمانے میں ان سے یہی درخواست کی - مگر انہوں نے قبول نہیں کی - آخر امام ابو یوسف جو امام ابو حنفیہ کے شاگرد رشید تھے - بغداد کے قاضی مقرر کئے گئے انہوں نے رفتہ رفتہ حنفی کو عباسی سلطنت کا قانون عام بنا دیا -

عباسی خلافت کی مدت چونکہ بہت طویل ہوئی ہے اور بغداد کا علمی اور ادبی اثر امت پر غالب رہا - اس وجہ سے رسماً اور تقلیداً یہ عقیدہ دلوں میں راسخ ہو گیا کہ خلافت کا حق صرف بنی عباس کو ہے - یہ دیکھ کر ۳۰۸ھ میں عبدالرحمن ناصر نے اندلس میں اپنی خلافت کا جھنڈا بلند کیا - مگر بالعموم امت عباسی ہی خلافت کو باوجود اس کی تمام کمزوریوں کے صحیح اور جائز سمجھتی رہی اور خود مختار سلاطین خلیفہ عباسی ہی سے فرمانروائی کی سند حاصل کرتے تھے اسی عقیدہ کی بنا پر زوال بغداد کے بعد مصر میں خلافت عباسی قائم کر دی گئی جو اگرچہ وہاں کے سلاطین کے ہاتھوں میں تھی - مگر اسلامی ممالک کے تاجداروں کو حکومت کی سند دیتی تھی صحیح مرکز کا تصور نہ سلاطین کے دماغوں میں تھا نہ علماء کے -

# خوارج

اس جماعت کا آغاز جنگ صفین میں واقعہ تحکیم سے ہوا ۔ امیر معاویہ نے جب شکست محسوس کی اس وقت ان کے حکم سے شامیوں نے نیزوں پر قرآن بلند کئے اور عراقی فوجوں سے پکار کر کہنے لگے کہ ہمارے اور تمہارے درمیان کتاب اللہ ہے ۔ اگر تم فنا ہو گئے تو مشرقی سرحدوں کی حفاظت کون کرے گا اور اگر ہم مٹ گئے تو مغربی حملوں کی مدافعت کے لئے لوگ کہاں سے آئیں گے ۔ سادہ دل عراقیوں نے یہ دیکھ کر لڑائی سے ہاتھ روک لیا کہ ہم کو کتاب اللہ کا فیصلہ منظور ہے ۔ حضرت علی نے کہا کہ اللہ کے بندو تم حق پر ہو اپنے ہاتھ نہ روکو فتح میں اب دیر نہیں ہے مگر وہ کہنے لگے کہ ہم سے یہ نہیں ہو سکتا کہ کوئی کتاب اللہ کی طرف بلائے اور ہم انکار کر دیں ۔ مسعرابن فدکی اور اس کے ساتھیوں نے تو یہاں تک کہہ دیا کہ آپ کتاب اللہ کے فیصلہ کو منظور کریں نہیں تو ہم ساتھ چھوڑ دیں گے ۔ مجبوراً حضرت علی کو لڑائی بند کر کے تحکیم پر راضی ہونا پڑا ۔ لیکن عراقی فوج کی ایک جماعت نے مخالفت کی اور کہا کہ حکم الہیٰ میں تم نے انسانوں کو کیوں ثالث مانا ۔ ہم سوائے اللہ کے کسی کا حکم نہیں مانیں گے ۔ چنانچہ ثالثی نامہ لکھے جانے کے بعد حضرت علی اپنی فوج لے کر جب واپس چلے تو رستہ بھر ان میں جھگڑے چلتے رہے ۔ کوفہ کے قریب پہنچ کر اس میں بارہ ہزار آدمی الگ ہو گئے اور مقام حروراء میں جا کر خیمے ڈالدیے ۔

حضرت علی نے پہلے حضرت عبداللہ بن عباس کو ان کی فہمائش کے لئے بھیجا پھر خود بھی پہنچ گئے اور پوچھا کہ تم لوگ ہماری جماعت سے کیوں الگ ہوئے ۔ خوارج نے جواب دیا اسلیئے کہ آپ نے اللہ کے حکم میں انسانوں کو ثالث بنایا ۔ حضرت علی نے جواب دیا کہ میں نے تو پہلے ہی سے اس کے قبول کرنے سے منع کیا تھا ۔ مگر تم لوگوں نے خود اصرار کر کے مجھے مجبور کر دیا ۔ علاوہ بریں یہ شرط لکھی گئی ہے کہ ثالث قرآن کے مطابق فیصلے کریں گے ۔ لہذا قرآن پر چلنے میں کیا قباحت ہے ۔ خوارج بولے کہ ہم اقرار کرتے ہیں کہ اس معاملہ میں ہمارا ثالثی قبول کرنا کفر تھا اور ہم اس کفر سے توبہ کرتے ہیں ۔ آپ بھی اگر تائب ہو جائیں تو ہم آپ کے ساتھ ہیں ۔

ان کے نظریہ کی توضیح یہ ہے کہ حضرت علی خلیفہ برحق تھے ۔ ان کی بیعت واجب تھی جن لوگوں نے اس سے انکار کیا اور مقابلہ کے لئے آئے وہ اللہ و رسول سے باغی ہیں جن کے لئے قرآن میں قتل کا حکم ہے ۔ اس لئے معاویہ کی جماعت از روائے قرآن واجب القتل ہے ۔ لہذا اللہ کا حکم موجود ہوتے ہوئے ان کی جماعت کے ساتھ مصالحت کرنے اور ان کے معاملے میں اشخاص کو ثالث بنانے کے کیا معنیٰ ہیں ۔ چونکہ حضرت علی اس جرم کے مرتکب ہوتے کہ انہوں نے قرآنی حکم میں اشخاص کو ثالث بنایا اس لئے ان کی خلافت ناجائز ہے ۔ اس وقت حضرت علی کے کہنے سے واپس آگئے ۔ غالباً انہوں تے خیال کیا کہ تحکیم کو جو ہم نے کفر سمجھا ہے اس میں حضرت علی بھی ہمارے ہم خیال ہیں لیکن فیصلہ ثالثی کے وقت جب حضرت علی نے ابو موسیٰ اشعری کو چار سو آدمیوں کے ہمراہ دومۃ الجندل کی طرف روانہ کیا تو خوارج مخالفت کے لئے کھڑے ہوگئے ۔ عبداللہ بن وہب راسبی کے مکان پر جمع ہو کر اس کو اپنا امیر بنایا اور طے کیا کہ اس شہر کو جہاں کے باشندے ظالم ہیں چھوڑ کر باہر نکل جانا اور امر بالمعروف کرنا چاہیے ۔ یا تو اس خروج یا امام کی اطاعت سے خروج کی وجہ سے یہ جماعت خارجی کے نام سے مشہور ہوئی ۔ یہ لوگ کوفہ سے نکل کر جسر نہروان پر جمع ہوئے وہاں سے بصرہ وغیرہ دوسرے مقامات میں بھی اپنی خروج کی اطلاع بھیجی ۔

ثالثوں نے حضرت علیؓ کو خلافت سے معزول کیا ۔ حضرت علیؓ نے اس کو قرآن کے خلاف قرار دے کر کوفیوں کو حکم دیا کہ شام کی روانگی کے لئے تیار ہو جائیں خوارج کو بھی لکھا کہ آکر جماعت میں شامل ہو جاؤ ۔ انہوں نے جواب دیا کہ ہم آپ کو امام نہیں مانتے ۔ اس لئے ان کی طرف سے مایوس ہو گئے ۔ چاہا کہ ان کو ان کے حال پر چھوڑ کر شام کی طرف لشکر کشی کریں ۔ باہر نکل کر نخیلہ میں خیمہ زن ہونے وہاں خبر ملی کہ خوارج لوگوں کو اس فوج میں شریک ہونے سے روکتے ہیں اور کئی آدمیوں کو انہوں نے قتل کر ڈالا ہے ۔ حضرت علی نے ان کے پاس قاصد بھیجا ۔ اس کو بھی مار ڈالا اور امراء فوج نے کہا کہ اگر ان کو یہاں چھوڑ کر ہم شام کی طرف روانہ ہو جائینگے تو یہ ہمارے گھروں کو لوٹ لیں گے ۔ لہذا بہتر یہ ہے کہ پہلے ان کا فیصلہ کر دیا جائے ۔ حضرت علی نے ان کی رائے کو مناسب سمجھ کر اسی طرف رخ کیا ۔ وہاں پہنچ کر ان سے کہا کہ تمہاری جماعت کے جن لوگوں نے ہمارے آدمی قتل کیے ہیں ان کو ہمارے سپرد کر دو ۔ اس پر خارجی یک زبان ہو کر بولے کہ ہم سب نے ان کو قتل کیا ہے اور ہم سب ان کے خون کو حلال سمجھتے ہیں ۔ حضرت علی نے ہر چند ان کو نصیحت کی مگر کچھ اثر نہ ہوا ۔ آخر حضرت ابو ایوب انصاری کو حکم دیا کہ امان کا جھنڈا لے کھڑے ہو جائیں ۔

پھر اعلان کرا دیا کہ سوائے ان لوگوں کے جنھوں نے ہمارے آدمیوں کو قتل کیا ہے جو شخص اس جھنڈے کے نیچے آجائے گا یا کوفہ وغیرہ کسی آبادی کی طرف چلا جائے گا ۔ اس کو امان ہے ۔ خارجیوں میں سے بہت سے لوگ جھنڈے کے نیچے آگئے اور کچھ کوفہ میں داخل ہو گئے ۔ ابن وہب کے ساتھ صرف ۲۸۰۰ آدمی رہ گئے ۔ ان سے جنگ ہوئی جس میں تقریباً وہ سب کے سب مارے گئے ۔ چار سو زخمی جو میدان جنگ میں پڑے تھے ان کو حضرت علی نے اٹھوا کر ان کے رشتہ داروں کے سپرد کیا کہ کوفہ میں لے جا کر علاج کرائیں ۔

اس کے بعد حضرت علی نے شام کی روانگی کی تیاری شروع کر دی اور کوفہ کو چلنے کا حکم دیا ۔ روزانہ پرجوش خطبے سنا سنا کر جہاد کے لئے ان کو آمادہ کرتے وہ اپنے گھروں میں جا کر بیٹھ رہے ۔ بالآخر مایوس ہو ان کو اس مہم کا ارادہ ترک کر دینا پڑا ۔ خوارج پہلے ہی ان کی خلافت کا انکار کر چکے تھے ۔ نہروان کی لڑائی نے ان کے دلوں میں ان کی طرف سے اور بھی نفرت پیدا کر دی ۔ ان وجوہات سے انھیں میں سے ایک شخص عبدالرحمن بن ملجم سرادی نے جس کی بیوی کے بہت کے بہت سے رشتہ دار نہروان میں مارے گئے تھے ان کو خنجر مارا جس سے وہ جانبر نہ ہو سکے ۔

## خوارج اور امیر معاویہ

یہ جماعت جس نے ثالث ماننے پر حضرت علی کا ساتھ چھوڑ دیا تھا ۔ امیر معاویہ کی حکومت کو جو تغلب پر مبنی تھی کیونکر جائز سمجھتی ۔ چنانچہ پوری قوت سے ان کے مقابلہ کے لئے کھڑی ہو گئی ۔ کوفہ میں امیر معاویہ کے ہاتھ پر بیعت ہوتے ہی فردہ بن نوفل اشجعی پانچ سو خارجیوں کے ساتھ علانیہ مخالفت کے لئے نکلا اور نخیلہ میں خیمہ زن ہوا ۔ اس کے مقابلہ کے لئے شامیوں کی فوج کا ایک دستہ آیا جو شکست کھا گیا ۔ امیر معاویہ نے روساء کوفہ سے کہا کہ یہ لوگ تمہارے ہی خاندان اور قبیلہ کے لوگ ہیں جا کر ان کو سمجھاؤ کہ کیوں امت میں خونریزی کرتے ہیں ان لوگوں نے جا کر بہت سمجھایا ۔ مگر وہ نہیں مانے اور کہنے لگے کہ معاویہ ہمارے اور تمہارے سب کے دشمن ہیں ۔ ہم کو ان کے ساتھ لڑنے دو ۔ اگر ہم نے شکست دیدی تو متفقہ دشمن تباہ ہوا نہیں تو ہم خود فنا ہو جائیں گے ۔ قبیلہ اشجع نے فردہ کو پکڑ کر زبردستی باندھ لیا اور اپنے ساتھ کوفہ میں لائے ۔ خوارج نے اس کی جگہ عبداللہ بن ابی الحوساء کو اپنا سردار بنا لیا ۔ وہ کوفیوں کے مقابلہ میں مارا گیا ۔ اب حوثرہ اسدی کو انہوں نے اپنا امیر بنایا ۔ امیر معاویہ نے حوثرہ کے باپ سے کہا کہ جا کر اپنے بیٹے کو سمجھاؤ ۔ وہ گئے مگر ان کی باتوں کا حوثرہ پر کچھ اثر نہ ہوا بولے کہ اب میں تیرے بچے کو لاتا ہوں ۔ جب تو اس

کو دیکھے گا تو اس کی محبت کی وجہ سے اس بغاوت سے باز آجائے گا۔ حوثرہ نے کہا کہ میں نے اپنے بچے کی بہ نسبت راہ حق میں اس نیزہ کی انی کا زیادہ شائق ہوں جو سیرے جگر سے پار ہو جائے اور جس کے زخم سے تڑپ تڑپ کر جان دیدوں۔ انہوں نے یہ کیفیت امیر معاویہ کو آکر سنائی۔ امیر معاویہ نے کوفہ سے ایک فوج گراں ان کے مقابلہ کے لئے بھیجی۔ حوثرہ نے کہا کہ ظالمو کل تک تم معاویہ کو باغی سمجھ کر ان کے خلاف جنگ کرتے تھے اور آج ان کی خلافت قائم کرنے کے لئے تلوار اٹھائی ہے۔ حوثرہ کے مقابلہ میں خود اس کے باپ گئے۔ اس نے ان کی طرف سے منہ موڑ کر دوسرے کوفیوں پر حملہ کیا۔ بنی طے کے ایک شخص نے اس کو قتل کر دیا مگر جب اس کی پیشانی پر سجدہ کا گہر داغ دیکھا تو بہت پچھتایا۔ خوارج کی جماعتیں اسی طرح سلسلہ وار نکلنے لگیں۔ یہاں تک کہ عراق پر ان کا خوف چھا گیا۔ امیر معاویہ نے یہ مناسب سمجھا کہ اس صوبہ میں کار آزمودہ مدبروں کو والی مقرر کر دیں جو حسن سیاست سے ان کا مقابلہ کر سکیں۔ چنانچہ مغیرہ بن شعبہ کو کوفہ اور زیاد کو بصرہ کے لئے نامزد کیا۔

## خوارج اور بنی مروان

خوارج کا زور بڑھتا گیا لیکن باہمی اختلاف کی وجہ سے ان کی دو جماعتیں ہو گئیں ایک مراق میں جس کا کز بصرہ کے علاقہ میں مقام بطائح تھا۔ انہوں نے کرمان سے فارس اور اہواز تک قبضہ کر لیا تھا۔ بصرہ پر بھی ان کا خوف غالب تھا ان کے نامی امراء میں سے نافع بن الازرق اور قطری بن الفجاۃ تھے۔ دوسری جماعت یمامہ سے حضر موت یمن اور طائف تک مستولی تھی۔ ان کے مشہور سرداروں میں سے ابو طالوت نجدہ بنعامر اور ابو فدیک گزرے ہیں۔

## مہلب بن ابی صفرہ

نافع بن ازرق تمام خوارج میں سخت تر تھا۔ اس کا عقیدہ تھا کہ جو لوگ دین کی مدد کے لئے تلوار لے کر کھڑے ہو جائیں۔ صرف وہی مسلمان ہیں اور باقی سب کافر۔ فتنہ سے کنارہ کشی کے بہانے سے الگ بیٹھ جانا اور تیغ بکف ہو کر دین کی خدمت کے لئے نکلنا کفر ہے۔ اس وجہ سے وہ اور اس کی جماعت جہاد، جانفروشی اور شجاعت میں انتہائی حد پر تھے۔ انہوں نے بصرہ کے قریب تک قبضہ کر لیا۔ اہل بصرہ میں سخت پریشانی پھیل گئی۔ وہاں کے اہل الرائے اور رؤسا، جمع ہو کر مہلب بن ابی صفرہ کے پاس گئے جو اموی فوج کا ایک نامور سپہ سالار تھا اور کہا کہ خوارج کی مہم بلا تمہارے سر نہیں ہو سکتی۔ اس نے چند شرطوں کے

ساتھ ان کی درخواست قبول کرلی۔ اور خوارج کے مقابلے میں آیا۔ مراوئی سلطنت کی پوری طاقت اس کے پس پشت تھی۔ جنگ کا سلسلہ برابر جاری رہا اور کسی فریق کو شکست نہیں ہوئی۔ جب حجاج بن یوسف عراق کا والی ہوا تو اس نے خلیفہ کے حکم سے کوفہ اور بصرہ سے مہلب کے لئے مسلسل کمک بھیجنی شروع کی۔ سالہا سال گزر گئے لیکن پھر بھی وہ کچھ نہ کر سکا تنگ آکر حجاج نے براء بن قبیصہ کو لشکر گراں کے ساتھ مدد کے لئے بھیجا اور مہلب کو لکھا کہ اس مہم کو جلد ختم کرنا چاہیے۔ مہلب ساری فوج لے کر خارجیوں کے مقابلہ میں صف آراء ہوا۔ اپنے ساتوں بیٹوں کو ایک ایک دستہ کا امیر بنایا۔ خود ایک ٹیلے پر بیٹھ کر احکام دیتا تھا سخت معرکہ آرائی ہوئی۔ رات کو فوجیں واپس آئیں براء نے کہا کہ تمہارے بیٹوں جیسے بہادر اور تمہارے سواروں جیسے سوار میں نے آج تک نہیں دیکھے۔ اور نہ اس قسم کی سخت لڑائی میری نظر سے گزری لیکن فتح آسمان سے اترتی ہے انسان کی کوشش پر موقوف نہیں ہے اس نے وہاں سے واپس آکر حجاج کو ساری کیفیت سنائی اور کہا کہ نہ مہلب کا قصور ہے نہ فوج کا بلکہ خوارج کی جماعت نہایت جانباز اور سرفروش ہے۔ ان سے عہدہ برا ہونا آسان نہیں ہے۔

آخر مہلب ان کو مغلوب نہ کر سکا۔ لیکن خود خوارج میں ایک خون کے معاملے میں اختلاف پڑ گیا جس کی وجہ سے ان میں دو جماعتیں ہو گئیں اور آپس میں لڑنے لگی۔ حجاج چاہتا تھا کہ اسی حالت میں ان پر حملہ کر دیا جائے۔ لیکن مہلب خاموش رہا۔ جب دونوں فریق خوب لڑ چکے اور قطری اپنے ساتھیوں کو لے کر طبرستان کی طرف چلا گیا اس وقت مہلب نے عبدربہ کی جماعت کی طرف اپنی فوج بڑھائی اور ان سب کو قتل کر دیا۔

اس فتح کے بعد بصرے میں آیا۔ حجاج نے عظیم الشان دربار کیا۔ اس کو اپنے برابر مسند پر بٹھایا۔ شعراءؔ نے ان کی مدح میں قصیدے پڑھے۔ جن لوگوں نے ان لڑائیوں میں بہادری کے جوہر دکھائے تھے ان کو انعامات دیے گئے اور ان کی تنخواہوں میں اضافہ کیا گیا۔ اب قطری کے پیچھے طبرستان میں فوجیں بھیجی گئیں۔ وہ ایک ٹیلے پر چڑھتے ہوئے گھوڑے سے گر کر ہلاک ہو گیا اور اس کے بھی تمام ساتھی مقتول ہوئے جس سے خوارج کا یہ فرقہ جو نافع بن ارزق کی پیروی کی وجہ سے ازارقہ کہا جاتا ہے ختم ہو گیا یہ واقعہ ۷۷ھ کا ہے۔

دوسرے فرقہ کے خوارج میں صالح اور شبیب نے ۷۶ھ میں سرزمین موصل میں سر اٹھایا۔ حجاج ان کی سرکوبی کے لئے بھی فوجیں بھیجتا رہا۔ جن کو وہ برابر شکست دیتے رہے۔ یہاں تک کہ شبیب ایک بار جرأت کر کے کوفہ میں گھس آیا۔ کئی دن وہاں رہا اور باشندوں

پر سختیاں کیں ۔ حجاج نے امراء و روسا کے قبائل کو جمع کر کے مقابلہ کی تیاری کی ۔ خوارج باہر نکل گئے ۔ ان کی تعداد صرف ایک ہزار تھی مگر پچاس ہزار عراقی فوجوں کو جو ان کے مقابلے کے لئے بڑھی تھیں شکست دیدی اور پھر کوفہ میں آگئے ۔ یہاں چارہزار شامی فوج تھی جس نے ان کو نیزوں پر رکھ لیا اور سب کو ختم کر دیا ۔ خارجیوں کے نزدیک حکومت الہیٰ کے سوا انسانی حکومت کو تسلیم کرنا کفر تھا اس وجہ سے مغلوب ہو جانے کی صورت میں بجز قتل ہو جانے کے ان کے لئے کوئی اور سبیل نہ تھی ۔

حضرت عمر بن عبدالعزیز کے عہد میں خارجیوں نے ان سے جاکر بحث کی ۔ گو ان کو عادل دیکھ کر مقابلہ کے لئے نہیں کھڑے ہوئے ۔ مگر ان کی جماعت بدستور اطاعت سے خارج رہی ۔ بنی امیہ کے آخری خلیفہ مروان ثانی کے زمانے میں عراق میں پھر انہوں نے سر اٹھایا اور ان کے سردار ضحاک نے موقع دیکھ کر موصل پر چڑھائی کر دی والیان صوبہ اس کے مقابلہ سے عاجز رہے ۔ خلیفہ کا بیٹا عبداللہ نصیبین کا حاکم تھا ۔ ضحاک نے اس کا محاصرہ کر لیا ۔ اس کی جماعت میں ایک لاکھ آدمی تھے اس لئے مراون خود اپنی کل فوج لے کر مقابلے کے لئے آیا ۔ ضحاک مقتول ہوا ۔ خارج نے سعید بن بہدل کو اپنا امیر بنا لیا ۔ اس نے شامی لشکر پر اس بے جگری سے حملہ کیا کہ قلب کو توڑتا ہوا خود مروان کے خیمے تک پہنچ گیا ۔ مگر وہاں مارا گیا ۔ مراون اور اس کے امراء اس جماعت کے ساتھ جنگ کرنے رہے ۔ یہاں تک کہ ۱۳۰ ھ میں ان کا خاتمہ ہوا ۔ اسی زمانے میں یمامہ اور حضر موت کے خارجیوں کو بھی اموی فوجوں نے شکستیں دیں ۔

## خوارج اور بنی عباس

بنی امیہ اور خاص کر مہلب اور مروان نے خارجیوں کی طاقت اگرچہ بہت کچھ توڑ دی تھی ۔ لیکن پھر بھی انہوں نے عباسیوں کے مقابلہ میں وہی جوش و خروش دکھایا ۔ ۱۳۴ ھ میں عمان میں جلبندی ایک جماعت لے کر اٹھا ۔ سفاح نے بحری فوج خازم بن خزیمہ کی ماتحتی میں بھیجی جس نے متعدد لڑائیوں کے بعد اس کو شکست دی ۔ دس ہزار حاجی مقتول ہوئے ۔ منصور کے عہد میں الجزیرہ میں دیبانی مقابلے کے لئے کھڑا ہوا خلافت کی طرف سے فوج پر فوج بھیجی جاتی تھی اور وہ سب کو شکست دیدیتا تھا ۔ آخر منصور نے بھی خازم ہی کو ان کے مقابلہ کے لئے بھیجا ۔ وہ مردود کے علاقہ کے آٹھ لاکھ آدمی لے کر آیا اور ۱۳۸ ھ میں ان کی فنا کیا ۔

افریقہ تونس میں خوارج صفریہ اور اباضیہ جماعت نے بغاوت برپا کر رکھی تھی جن

کے ساتھ کثیر تعداد میں بربر بھی شامل ہو گئے تھے اور قیروان پر قبضہ کر لیا تھا۔ منصور نے یزید بن حاتم کو اس مہم کے لئے منتخب کیا کہ وہ اپنے چچا مہلب کی طرح ان کو فنا کر دے۔ یزید ان کے ساتھ پورے پندرہ سال تک لڑتا رہا۔ جن میں ۳۷۵ معرکے ہوئے آخر میں ان کو مٹا کر چھوڑا۔

مہدی کے زمانے میں بھی یہ جماعت لڑتی رہی۔ آخری کوشش ہارون کے زمانہ میں ولید بن طریف شیبانی کی تھی جو نامور شجاع تھا۔ ہارون نے اس کے مقابلے کے لئے بار بار فوجیں بھیجیں وہ سب کو شکست دیتا رہا۔ جن کے باعث جزیرہ سے لے کر آرمینیہ تک اس کا اقتدار بڑھ گیا۔ اس لئے ہارون نے ایک کار آزمودہ سپہ دار یزید شیبانی کو اس مہم پر بھیجا۔ اس کو بھی کئی مہینے لگ گئے۔ برامکہ نے جو اس سے رنجش رکھتے تھے خلیفہ کے کان بھرنے شروع کئے کہ یہ بھی شیبانی وہ بھی شیبانی دونوں باہم ساز باز نہ کر لیں ہارون نے تہدید آمیز حکم بھیجا یزید نے پوری طاقت سے حملہ کیا ولید مارا گیا اور اس کی جماعت مقتول ہوئی اس کے بعد خوارج پھر اٹھنے کے قابل نہ رہے اور ان کی اجتماعی قوت ختم ہو گئی اب جب کہ امت میں کوئی جماعت " لا حکم الا اللہ " کہنے والی باقی نہیں رہ گئی استبداد نے اطمینان کا سانس لیا لیکن نتائج دور نہ تھے۔

### خارجی مذہب

اس جماعت کی پیدائش کا بنیادی نقطہ " لا حکم الا اللہ " ہے یعنی کسی کی حکومت نہیں سوائے اللہ کے صفین کے میدان میں جب ثالثی نامے کی مخالفت ہونے لگی اس وقت کسی نے یہی نعرہ لگا دیا جو بجلی کی سرعت کے ساتھ پھیل گیا کیونکہ اس میں ان کے مافی الضمیر کی پوری ترجمانی تھی چنانچہ یہی کلمہ ان کا شعار ہو گیا وہ جب کوئی مجمع کرتے یا ان کے جلسوں میں کوئی تقریر ہوتی تو آخر میں یہی نعرہ لگاتے اس لئے یہ فرقہ خالص سیاسی ہے عام مسلمانوں سے اس کا اختلاف صرف خلافت کے چند مسائل میں ہے ان کے نزدیک صحت خلافت کی شرط جمہور مسلمانوں کا انتخاب ہے قرشیت کی کوئی قید نہیں حبشی غلام بھی اگر منتخب ہو جائے تو اس کی اطاعت واجب ہے حضرت ابو بکرؓ و عمرؓ کے انتخاب کو جمہوری اور ان کی خلافتوں کو صحیح سمجھتے تھے نیز حضرت عثمانؓ کی خلافت کو بھی ابتدائی چھ سال تک مگر جب سے وہ بنی امیہ کی رائے میں آ گئے اور شیخین کے طریقے پر نہیں رہے ان کا عزل واجب تھا حضرت علیؓ کی خلافت کو بھی صحیح مانتے تھے مگر جب سے ثالثی نامہ لکھا اس وقت سے ان کی رائے میں کافر ہو گئے اصحاب جمل حضرت طلحہؓ و زبیرؓ وغیرہ کو اس بنا پر کہ خلیفہ برحق حضرت علیؓ سے لڑے

نیز ابو موسیٰ اشعریؓ اور عمرو بن العاصؓ کو بھی کافر قرار دیتے تھے غرض ان کا سارا اختلاف "حکومت الہیٰ" کے محور پر گھومتا تھا اور اسی نقطہ پر وہ تمام امت سے الگ ہو گئے تھے۔

## کلمہ حق

مورخوں کا بیان ہے کہ حضرت علیؓ نے جب ان کے نعرہ "لا حکم الا اللہ" کو سنا تو فرمایا کہ "کلمۃ حق ارید بہا الباطل" یعنی بات تو سچ ہے لیکن اس کا جو مطلب لیا گیا ہے وہ باطل ہے یہ سمجھتے ہیں کہ سوائے اللہ کے کوئی امیر نہیں حالانکہ انسانوں پر کسی کا امیر ہونا لازمی ہے جو نظام کو قائم رکھے۔

میرے نزدیک اس قول کی نسبت حضرت علیؓ کی طرف صحیح نہیں ہے کیونکہ خوارج خود ان کے ہاتھ پر بیعت کر چکے تھے اس لئے وہ جانتے تھے کہ یہ انسان کی امارت کے منکر نہیں ہیں بشرطیکہ اس کی امارت قرآن کے مطابق ہو لہذا ان کے کلمہ کی تاویل جو بداہتاً غلط تھی حضرت علیؓ کر ہی نہیں سکتے تھے۔ اصلیت یہ ہے کہ خوارج کی جماعت کل امت کے خلاف تھی اس لئے مخالف فرقوں نے ان کو بدنام کرنے کے لئے جہاں جہاں موقع پایا جھوٹی روایتیں گھڑیں ان کا سب سے بڑا حریف مہلب بن ابی صفرہ تھا وہ تلوار سے بھی لڑتا تھا اور ان کی مذمت میں جھوٹی حدیثیں بھی گھڑتا تھا اس کے کذب کی اس قدر شہرت تھی کہ بنی ازد کے لوگ جب اس کو دیکھتے تو کہتے۔

**انت الفتیٰ کل الفتیٰ لوکنت تصدق ما تقول**

تو بہادر بڑا بہادر جو تیری باتیں بھی سچی ہوتیں

علاوہ بریں خود حضرت علیؓ نے اپنے آخری ایام میں وصیت فرمائی۔

**لا تقاتلو الخوارج بعدی فلیس من طلب الحق فاخطاہ کمن طلب الباطل فادرکہ**

یعنی میرے بعد خوارج سے جنگ نہ کرنا کیونکہ جو حق کا طالب ہو گا۔ اس کو حاصل نہ کر سکے اس سے بہتر ہے جو باطل کا طلبگار ہو اور اس کو حاصل کر لے۔ اس سے ظاہر ہو جاتا ہے کہ حضرت علی خوارج کو حق کا طالب سمجھتے تھے اور شامیوں کو باطل پرست۔

## خوارج کے فرقے

اس جماعت کی ابتدائی مخالفت مسئلہ خلافت ہی تک محدود تھی مگر بعد میں بعض دیگر مسائل کا اضافہ ہوا جن میں جزوی اختلافات کے باعث اس کے بیس فرقے ہو گئے سب سے

بڑا فرقہ نافع بن ازرق کا تھا جو اس کے نام کی نسبت سے ازارقہ مشہور ہوا یہ لوگ شرعی اعمال نماز روزہ صدق اور عدل وغیرہ کو بھی ایمان کا جزو قرار دیتے تھے ان کے نزدیک کوئی شخص اللہ اور رسول کو دل سے مان کر اور زبان سے اقرار کر لینے پر بھی کافر ہے اگر ان کے احکام پر عمل نہ کرے گناہ کبیرہ کے مرتکب کو کافر مطلق سمجھتے تھے نیز اپنے سوا تمام مسلمانوں کو جو انسانی حکومت پر راضی ہو گئے تھے کافر قرار دیتے تھے جن کے ساتھ نہ مناکحت جائز تھی نہ ان کے ہاتھ کا ذبیحہ حلال۔ ظالم سلاطین کے مقابلے میں قوت کا اندازہ کئے بغیر تلوار لے کر اٹھ جانا فرض سمجھتے تھے جو کوئی باوجود قدرت کے ایسا نہ کرے خواہ انہیں کی جماعت کا کیوں نہ ہو کافر ہے۔

دوسرا گروہ نجدہ بن عامر کا تھا یہ جہالت کو عذر قرار دیتا تھا اور اجتہاد میں کسی سے غلطی ہو جائے تو اس کو معذور سمجھتا تھا ان امور میں نافع کے ساتھ اس کے مناظرے بھی ہوئے۔

تیسری جماعت اباضیہ تھی جو عبداللہ بن اباض تمیمی کی پیرو تھی یہ لوگ ازارقہ کے مقابلے میں بہت نرم تھے دعوت و اتمام حجت کے بغیر مخالفوں پر اچانک حملہ جائز نہیں سمجھتے تھے نہ دیگر مسلمانوں کو مرب جاہلیت کے بت پرستوں کی طرح قرار دیتے تھے۔ غالباً اسی صلح پسندی کی وجہ سے ان کے نام لیوا آج بھی شمالی افریقہ سواحل عمان۔ حضر موت اور زنجبار میں پائے جاتے ہیں اس نرمی کی وجہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ ابن اباض عہد عباسی میں پیدا ہوا تھا جب کہ خوارج کی قوت ٹوٹ چکی تھی اور صرف مذہبی حرکت باقی رہ گئی تھی۔ عبداللہ بن صفار ئیس خوارج کے پیرو جو صفریہ کہے جاتے تھے۔ ان لوگوں کو بھی برا نہیں سمجھتے تھے جو فتنہ سے الگ ہو کر بیٹھ جائیں۔ چنانچہ یہ ساری جماعت خانہ نشین ہو کر امت میں جذب ہو گئی۔

## خوارج کے صفات

خوارج عقائد و فرائض دونوں میں متشدد تھے اور عبادت میں سخت انہماک رکھتے تھے۔ شہرستانی نے ان کی جماعت کے متعلق لکھا ہے کہ اہل صوم و صلوۃ ہیں شب بیداری ان میں عام تھی۔ زیاد نے ایک خارجی کو قتل کیا پھر اس کے غلام سے اس کی کیفیت پوچھی۔ اس نے کہا کہ میں نے اس کے لئے نہ کبھی رات میں بستر بچھایا نہ دن میں کھانا لگایا۔ یعنی وہ قائم اللیل اور صائم النہار تھا حضرت عبداللہ بن عباسؓ کو جب حضرت علیؓ نے خوارج کے ساتھ مناظرے کے لئے بھیجا تو وہ ان کی پیشانیوں پر سجدوں کے داغ اور ان کے چہروں پر عبادت

کا نور دیکھ کر بہت متاثر ہوگئے۔ جھوٹ کو ان کا ہر فرقہ زنا و شراب سے بھی بدتر جانتا تھا اور تقیہ کو بجز اس خاص صورت کے جس میں قرآن نے اس کو مباح کیا ہے حرام سمجھتا تھا بغدادی نے اپنی کتاب " اصول الدین " میں لکھا ہے کہ " خوارج کے ایمان و عمل کی بنیاد خالص قرآن پر تھی روایات کو دین نہیں مانتے تھے "۔ ان کے نزدیک مخالفوں سے جہاد کرنا نجات کا بہترین ذریعہ اور دین کا اہم ترین فریضہ تھا جس میں ان کی عورتیں بھی شامل ہوتی تھیں وہ غیر قرآنی حکومت کو مٹانا لازمی سمجھتے تھے اور اس میں جانی و مالی کسی قربانی سے دریغ نہیں کرتے تھے دشمن کے مقابلے سے روگردانی ان کے نزدیک کفر تھی۔ لہو و لعب کو کسی حالت میں جائز نہیں رکھتے تھے اور نہ تمسخر و مذاق کو یہاں تک کہ ان کے اشعار بلکہ غزلوں میں بھی وہی دینی حمیت اور جہاد کے حماسی جذبات ہیں جن میں وہ پرورش پاتے تھے ان کی نگاہوں میں صرف تقوی تھا اور دین اور انہیں کی مدافعت میں سربکف رہتے تھے۔ ان لوگوں کو انسانیت سے گرا ہوا سمجھتے تھے جنہوں نے دنیاوی مال و جاہ کے لئے اپنی حریت ضمیر کو نام نہاد خلفاء کے ہاتھ فروخت کر رکھا تھا اور انسانی حکومت پر راضی ہوگئے تھے۔ خلفاء اور امراء کے درباروں میں بھی دعوت و تبلیغ کے لئے برابر اپنے وفود بھیجتے تھے اور ان کی دولت و حشمت سے ذرا بھی متاثر نہ تھے۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز نے ان کی گفتگو سن کر فرمایا۔ " میں جانتا ہوں کہ تم دنیا یا دولت کی طلب کے لئے نہیں نکلے ہو۔ تمہارا مقصود آخرت ہے مگر تم نے راستہ غلط اختیار کیا "۔

ان کی ساری تاریخ شجاعت سے مزین ہے اور ان کے جنگی کارنامے بے نظیر ہیں شبیب خارجی ایک ہزار آدمیوں سے کوفہ کی پچاس ہزار فوج کو شکست دے کر شہر میں داخل ہو گیا تھا۔ ابن زیاد نے ابو بلال خارجی کے مقابلے کے لئے ابن زرعہ کو دو ہزار سپاہیوں کے ساتھ بھیجا تھا مقام آسک میں جنگ ہوئی جس میں صرف چالیس خارجیوں نے ان دو ہزار کو مار بھگایا اس پر ایک خارجی شاعر نے کہا۔

الفا مومن فی ما زعمتم
دیہز مہم بآسک اربعونا
کذبتم لیس ذاک کما
زعتم ولکن الخواج مومنونا

یعنی " تمہارے گمان کے مطابق وہ دو ہزار مومن تھے جن کو آسک میں چالیس آدمیوں نے شکست دے دی دراصل تمہارا گمان

ہی غلط ہے خوارج ہی مومن ہیں "

اس واقعہ کے بعد ابن زرعہ جب کوفہ کے بازاروں میں یا سڑکوں پر نکلتا تو بچے اس کا مذاق اڑانے کے لئے آوازے کستے کہ "اہ تمہارے پیچھے ابو بلال آرہا ہے۔"

خوارج کے دلوں میں خلوص تھا اور زبانوں میں صداقت اسی وجہ سے ان کی باتیں صاف ، بے لاگ اور پر اثر ہوتی تھیں اور ان کے فقرے دلوں تک نفوذ کرتے تھے۔ ابن زیاد نے ان سے قید خانے بھر رکھے تھے اور کسی کو چھوڑتا نہ تھا۔ کہتا تھا کہ ان کے خطبے ان آتشیں شعلوں کی مانند ہیں جو نیستان میں آگ لگا دیتے ہیں۔ عبدالملک بن مروان کے سامنے ایک خارجی لایا گیا گفتگو سے معلوم ہوا کہ اس میں عقل و فہم ہے سمجھانے لگا کہ خروج سے باز آجاؤ خارجی نے اپنے عقائد و خیالات اس فصاحت و خوبی سے بیان کئے کہ عبدالملک نے کہا کہ میں یہ خیال کرنے لگا کہ جنت انہیں لوگوں کے لئے بنائی گئی ہے اور جو جہاد یہ کرتے ہیں وہ خود ہمارا فریضہ ہے۔

ابو حمزہ خارجی نے اپنی جماعت کے وصف میں لکھا ہے " وہ جوانی میں بزرگانہ صفات رکھتے ہیں برائی کی طرف سے ان کی آنکھیں بند ہیں باطل کی سمت قدم نہیں اٹھتے عبادت گزار اور شب زندہ دار راتوں کی تاریکی میں اللہ ان کو دیکھتا ہے کہ سر نیچا کئے ہوئے اس کے کلام کی تلاوت کر رہے ہیں جنت کا بیان آتا ہے تو شوق میں رو پڑتے ہیں اور جہنم کے ذکر پر خوف سے کانپنے لگتے ہیں گویا کہ اس کو دیکھ رہے ہیں سجدوں کی کثرت سے ان کے گھٹنوں ، ہتھیلیوں ، ناکوں اور پیشانیوں پر گٹے پڑ گئے ہیں پھر جب کمانیں کھینچتی ہیں نیزے نکلتے ہیں۔ تلواریں چمکتی ہیں اور میدان جنگ میں سپاہیوں کے نعروں سے موت کی آوازیں آنے لگتی ہیں اس وقت بلاخطر آگے بڑھتے ہیں مارتے ہیں اور مرتے ہیں گھوڑوں سے گرتے ہیں خون میں لتھڑے ہوئے درندے ان کی وہ کلائیاں چباتے ہیں جن پر ٹیکے لگا کر مدتوں وہ اپنے رب کو سجدے کرتے رہے اور پرندے ان کی وہ آنکھیں نکالتے ہیں جو شب ہائے دراز کی تاریکیوں میں اللہ کے خوف سے آنسو بہایا کرتی تھیں " ۔

## جماعت خوارج

خوارج جو دعویٰ لے کر کھڑے ہوئے تھے یعنی " لا حکم الا اللہ " وہ قرآن کی کھلی ہوئی تعلیم ہے اور جس زمانے میں ان کا ظہور ہوا اس زمانہ میں صحابہ اچھی تعداد میں موجود تھے۔ مگر بجز حضرت انس بن مالکؓ کے جو مدینہ میں رسول اللہؐ کے خادم تھے اور بصرہ آباد ہونے کے بعد اس میں آکر سکونت اختیار کر لی تھی اور کسی صحابی کا نام ان کی جماعت میں نہیں ملتا

میرے خیال میں اس کے حسب ذیل وجوہ ہو سکتے ہیں۔

(1) ان کا خروج سب سے پہلے حضرت علیؓ کے مقابلے میں ہوا جن کے عالیشان رتبے سے سب واقف تھے۔ ان کو چھوڑ کر خارجیوں کا ساتھ کیسے دیتے۔

(2) صحابہ جماعت کا ساتھ چھوڑنا جائز بھی نہیں سمجھتے تھے۔ چنانچہ جب یزید کی بیعت ہوئی اس وقت حضرت عبداللہ بن عمرؓ اور عبداللہ ابن عباسؓ نے جو باوجود اس کے کہ پہلے سے اس کے خلاف تھے بیعت کر لی اور جماعت سے الگ ہونا گوارہ نہ کیا۔

(3) خوارج میں انہوں نے بدویت قساوت اور کوتاہ نظری دیکھی اس لئے ان کے ساتھ شامل ہونا پسند نہ کیا۔

(4) خوارج فنا ہو گئے اور ان کی تاریخ مکمل نہ ہو سکی۔ ادباء میں سے مبرد نے الکامل میں اور ابن ابی الحدید شیعی نے شرح نہج البلاغۃ میں اگر ان کے کچھ حالات نہ لکھ دیئے ہوتے تو ہم تک صرف ان کا نام ہی نام پہنچتا اس لئے خوارج کی جماعت کے متعلق ہمارا علم بھی محدود ہے شروع میں اس جماعت میں زیادہ تر وہ عرب شریک ہوئے جو بصرہ اور کوفہ کی چھاؤنیوں میں تھے۔ ان میں بھی بنی تمیم کی تعداد زیادہ تھی جو سخت جنگجو تھے اور جن پر سادگی اور بدویت غالب تھی بعد میں اور لوگ بھی شامل ہوتے گئے خاص کر موالی (عجمی نو مسلم) جو بنی امیہ کے مظالم سے تنگ تھے۔ انہوں نے خوارج میں آغاز اسلام کی سادگی اخوت مساوات اور جمہوریت دیکھی اس وجہ سے ساتھ دیا۔

تابعین میں سے عکرمہ مولے ابن عباس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ خوارج کے ہم خیال تھے۔ امام حسن بصری بھی تحکیم کے معاملہ میں خوارج کی رائے کو صحیح سمجھتے تھے۔

وہ جب اپنی مجلس میں بیٹھتے اور حضرت علیؓ کا ذکر کرتے تو افسوس کے ساتھ کہتے:

"فتح و ظفر برابر امیر المومنین کا ساتھ دے رہی تھی یہاں تک کہ انہوں نے ثالث مان لیا۔ ثالث کیوں مانا تم تو حق پر تھے۔ آگے کیوں نہ بڑھے حق تو تمہارے ساتھ تھا"۔

عہد عباسی میں بعض نامور علماء بھی ان کے ہم خیال ملتے ہیں ابن خلکان نے ابو عبیدہ معمر بن مثنیٰ کے متعلق لکھا ہے کہ خارجیوں کے موافق تھے ایسی ہی روایتیں ابو حاتم سجستانی اور ہیثم بن عدی کے بارے میں ہیں لیکن یہ لوگ صرف نظری حیثیت سے ان کی بعض باتوں کو صحیح سمجھتے تھے عملی طور پر کبھی ان میں شریک نہیں ہوتے بلکہ خلفا و امراء کی تابعداری کرتے رہے عقائد نگاروں نے بیشتر انہیں لوگوں کے خیالات کو خارجیوں کی طرف سے منسوب کیا ہے محض اس وجہ سے کہ وہ اس نام سے مشہور ہو گئے تھے حالانکہ خارجیوں

کی نظر میں یہ سب کافر تھے۔

## تباہی کے اسباب

خوارج کی تاریخ جیسا کہ میں کہہ چکا ہوں نہیں لکھی گئی۔ جو کچھ ان کے بارے میں ملتا ہے علاوہ اس کے کہ جو بہت تھوڑا ہے غیروں کی زبان سے ہے اور یکطرفہ ہے اس لئے ان کی تباہی کے صحیح اسباب کا پتہ لگانا مشکل ہے میرے قیاس کے مطابق حسب ذیل وجوہ ہیں۔

(1) خوارج اپنے عقیدے اور عمل میں نہایت متشدد تھے ذرا ذرا سی بات پر ان میں مخالفت ہو جاتی اور الگ الگ جھنڈے کھڑے کر کے آپس ہی میں لڑنے لگتے 75 ھ میں جبکہ ازارقہ کے مقابلے میں مہلب پوری طاقت سے سابور میں جما ہوا تھا خارجیوں میں سے ایک نامی شہسوار مقعطر نے کسی جھگڑے کی بلیاد پر اپنی ہی جماعت کے ایک آدمی کو مار ڈالا مقتول کے ورثا اپنے امیر قطری کے پاس گئے اور کہا کہ قاتل کو قصاص کے لئے ہمارے حوالے کر دو اس نے انکار کیا اور کہا کہ مقعطر فاضل اور دیندار شخص ہے اس نے شرعی تاویل کی بناء پر قتل کیا ہے اگر اس کا جرم ثابت ہو سکتا ہے تو زیادہ سے زیادہ یہ کہ اس نے تاویل میں غلطی کی ہو ایسی حالت میں میں قصاص کو لازم نہیں سمجھتا۔ اس فیصلے کو مدعیوں نے نہیں مانا اور قطری کی بیعت کو فسخ کر کے عبدربہ الکبیر کو اپنا امیر بنا لیا بہت سے لوگ ان کے ساتھ ہو گئے دونوں جماعتوں میں لڑائی ہونے لگی جو تقریباً ایک مہینے جاری رہی آخر میں قطری شکست کھا کر اپنے ساتھیوں کو لئے ہوئے طبرستان کی طرف چلا گیا مہلب نے جو سالہا سال کی کوشش کے باوجود ان کو شکست دینے سے عاجز رہا تھا اب موقع پا کر پہلے عبدربہ کی جماعت کو قتل کر دیا۔ پھر قطری کے پیچھے فوجیں بھیجیں جنہوں نے ان کا اور اس کے ساتھیوں کا خاتمہ کر ڈالا۔ ایک آدمی کے خون کے جھگڑے میں یہ پوری جماعت جو عظیم الشان طاقت تھی بالکل تباہ ہو گئی۔ اس سے پہلے نجدہ بن عامر کی جماعت بعض معمولی اختلافات پر ان سے الگ ہو کر یمامہ اور حضر موت کی طرف چلی گئی تھی اس لئے یہ کہا جا سکتا ہے کہ ان کو قیادت اچھی نہیں ملی یا یہ کہ غیر معمولی دینی حمیت اور جوش تہور کے باعث افراد میں اطاعت کامل نہ تھی ورنہ اگر اس جماعت نے مل کر ہم آہنگی سے کام کیا ہوتا تو بنی امیہ کی خلافت کا قائم رہنا مشکل تھا۔

(2) ان کی طبیعتوں میں بدویت اور قساوت اس قدر تھی کہ مخالفوں کے بوڑھوں، بچوں اور عورتوں کے قتل کو بھی جائز رکھتے تھے اور ان کو عرب جاہلیت کے بت پرستوں کے

برابر قرار دیتے تھے جن کے ساتھ کسی قسم کا تعلق حرام تھا جب تک اسلام نہ لائیں جو غیر خارجی ان کو مل جاتا اس کو جان سے مار دیتے ایک بار واصل بن عطاء معتزلہ کا مشہور امام معہ اپنے چند ساتھیوں کے ان کے ہاتھ میں پڑ گیا جان بچنے کی کوئی صورت نہ تھی لیکن وہ جانتا تھا کہ ان کا عمل ظاہر نصوص پر ہے جس سے بال برابر بھی ہٹنا کفر سمجھتے ہیں اس وجہ سے اس نے اپنے ساتھیوں سے کہا کہ تم میں سے کوئی ایک حرف نہ بولے جو کچھ وہ سوالات کریں گے ان کے جوابات میں ہی دوں گا جب خارجیوں نے پوچھا کہ تم لوگ کون ہو اس نے کہا کہ ہم مشرک ہیں آپ کے پاس پناہ لینے آئے ہیں کہ قرآن سنیں انہوں نے قرآنی آیات سنائی اس نے کہا کہ اب ہم کو ہمارے گھر بھی پہنچا دیجئے کیونکہ قرآن میں ہے

**و ان احد من المشرکین استجارک فاجرہ حتیٰ یسمع کلام اللہ ثم ابلغہ مامنہ (6/9)**

اگر کوئی مشرک تیرے پاس پناہ لینے آئے تو اسے پناہ دے تاکہ وہ اللہ کا کلام سنے پھر اس کو اس کے ٹھکانے پر پہنچا دے۔

انہوں نے آدمی ساتھ کر دیئے جنہوں نے آبادی تک پہنچا دیا۔

ان کے عدم تفقہ کی بابت مورخین لکھتے ہیں کہ ان کے نزدیک کسی یتیم کا ایک پیسہ بھی ناجائز طریقے سے کوئی کھا لے تو جہنمی ہے کیونکہ یہ قرآن میں ہے لیکن اگر اس کو مار ڈالے یا اس کا پیٹ چاک کر دے تو جہنمی نہیں ہے اس لئے کہ کوئی آیت اس کی تصریح نہیں کرتی اسی طرح کسی مشرک کے درخت کا ایک پھل بھی بلاقیمت کھانا حرام تھا مگر اس کو قتل کر دینا حلال۔

(3) انہوں نے اپنے سوا تمام امت کو کافر اور مشرک اور سارے اسلامی خطوں کو دار الحرب قرار دیا اور سب کے مقابلے میں جنگ کے لئے کھڑے ہو گئے دین و دنیا کی اصلاح کا مدار صرف تلوار پر رکھا اور اسی سے سارے مسائل کو سلجھانے کی کوشش کی اس لئے ان کی تحریک تعمیری سے زیادہ تخریبی تھی جو کمتر کامیاب ہوا کرتی ہے امت پوری قوت سے ان کو مٹانے کے لئے آمادہ ہو گئی اور بالآخر کم و بیش ڈیڑھ سو سال تک لڑتے بھڑتے اور اسلام کی قوت کو کمزور کرتے ہوئے فنا ہو گئے اور افسوس یہ ہے کہ ان تمام خونریزیوں سے حکومت الہیٰ کا عنوان جس کے لئے وہ اٹھے تھے ذرا بھی رنگین نہ ہو سکا بلکہ نگاہوں سے اور بھی اوجھل ہو گیا یہاں تک کہ ساری امت کے دل و دماغ پر استبداد ایک حقیقت مسلمہ بن کر چھا گیا۔

# شیعہ

شیعہ کا اختلاف بھی جمہور امت سے خلافت ہی کے مسئلہ میں ہے اور یہ فرقہ بھی خوارج کی طرح خالص سیاسی ہے جس پر بعد میں دینی رنگ چڑھا دیا گیا۔

شیعیت کا پہلا تخم صحابہؓ میں سے وہ جماعت تھی جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد حضرت علیؓ کو خلافت کا زیادہ حقدار سمجھتی تھی مثلاً حضرت عباسؓ ابوذر غفاریؓ مقداد بن اسودؓ عمار بن یاسرؓ اور سلمان فارسیؓ وغیرہ لیکن یہ خیال سادہ تھا جس میں نہ نبی کی طرح امام کی تقدیس شامل تھی نہ اس کے منصوص ہونے کا عقیدہ تھا بلکہ صرف حضرت علیؓ کی محبت عظمت اور قرابت رسول کی خصوصیت کی وجہ سے ان کو خلیفہ دیکھنا زیادہ پسند کرتے تھے۔ لیکن انتخاب حضرت ابوبکرؓ کا ہو گیا اور تاریخ شاہد ہے کہ حضرت علیؓ نے ان کی بیعت کر لی اور اپنی خلافت کا نہ دعویٰ کیا نہ اپنے حق کی کوئی نص پیش کی اس کے بعد حضرت عمرؓ جب خلیفہ ہوئے تو ان کے ہاتھ پر بھی بیعت کی اور ان کی زندگی بھر ان کے حامی و مطیع رہے پھر حضرت عثمانؓ کی خلافت کو بھی تسلیم کیا۔

حضرت عثمانؓ خلیفہ ہو جانے کے بعد اپنے خاندان بنی امیہ کے اثر میں آگئے اور بڑی بڑی ولایات کی حکومتیں ان کو دے دیں جس سے حریفوں کی نگاہوں میں ان کی خلافت کا انداز اموی حکومت کا معلوم ہوا اس وقت مخفی جمعیتیں قائم کی گئیں اور عبداللہ بن سبا کی سازش سے جو صنعا کا یہودی تھا عراق سے لے کر مصر تک ان کے خلاف بغاوت پھیلائی گئی اس کا انجام یہ ہوا کہ ان مقامات کے لوگوں نے مدینہ میں آکر حضرت عثمانؓ کو قتل کر ڈالا اور حضرت علیؓ کے ہاتھ پر بیعت کی۔

اس سبائی تحریک میں شیعیت میں وصی کا عقیدہ داخل کیا گیا یعنی مشہور کیا گیا کہ رسول اللہؐ نے اپنے بعد حضرت علیؓ کی خلافت کی وصیت کی ہے اور وہ ان کے وصی ہیں۔ بعد میں اس کی تشریح یہ کی گئی کہ امام جمہور کے انتخاب سے نہیں ہوتا کیونکہ امامت دین کا رکن ہے اور ان عام مصالح میں سے نہیں ہے جو امت سے تعلق رکھتی ہیں اس لئے خود نبی کا فریضہ ہوتا ہے کہ اپنے بعد امام کو متعین کر جائے پھر ہر امام دوسرے امام کی تعیین کرتا ہے۔

اماموں کا انتخاب اللہ کے ہاتھ میں رکھ دینے کی وجہ سے ان کی عظمت کا یہ دعویٰ کیا گیا کہ وہ ہر قسم کے گناہ بلکہ غلطی و خطاء سے بھی معصوم ہیں پھر اس سے آگے بڑھ کر امام منصوص کی معرفت اصول ایمان میں سے قرار دی گئی اور یہی نقطہ مومن اور کافر کے درمیان حد فاصل رکھا گیا پھر یہ تلقین کی گئی کہ یہ امامت صرف حضرت علیؓ اور ان کی اولاد کا حق ہے اسی طرح بتدریج خاندانی حکومت کا سیاسی دعویٰ مذہب بنا لیا گیا۔

اس جماعت سے خوارج سے بھی زیادہ فرقے ہوئے کچھ تو دینی مبادی میں اختلاف کی وجہ سے اور کچھ ائمہ کی تعیین میں لیکن اکثر منقرض ہو گئے اب ان کے بڑے فرقے دو باقی رہ گئے ہیں زیدیہ و امامیہ

## زیدیہ

یہ جماعت امام زید بن علی بن حسین بن علی بن ابی طالب کی پیرو ہے اور شیعہ میں سب سے زیادہ معتدل اور اہل سنت سے قریب تر ہے غالباً اس کی وجہ یہ ہے کہ امام زید رئیس معتزلہ واصل بن عطاء کے شاگرد تھے اور اس کی تعلیم کا اثر ان کے اوپر پڑا تھا وہ فاضل کے ہوتے ہوئے مفضول کی خلافت کو جائز سمجھتے تھے اس وجہ سے حضرت علیؓ کو جملہ صحابہ میں سے افضل مان کر بھی شیخین کی خلافت کو صحیح سمجھتے تھے امام کی تعیین کے لئے وحی الہیٰ یا نص کے قائل نہ تھے بلکہ بنی فاطمہ میں سے جو بھی عالم زاہد سخی شجاع ہو اور اہلیت رکھتا ہو اور امامت کا دعویٰ لے کر کھڑا ہو جائے وہ امام ہے۔

ان کے نزدیک امامت محض نظری شے نہیں تھی بلکہ عملی تھی جس کے لئے خروج لازمی تھا 122 ھ میں انہوں نے جب ہشام بن عبدالملک کے مقابلے میں خروج کیا تو شیخین کی خلافت کے قائل ہونے کی وجہ سے شیعہ امامیہ نے ان کا ساتھ چھوڑ دیا اور الگ ہو گئے اور اسی دن سے رافضی کہے جانے لگے آخر وہ مقتول و مصلوب ہوئے ان کے بعد ان کے بیٹے یحییٰ اپنی امامت کا دعویٰ لے کر اٹھے وہ بھی 125 ھ میں مارے گئے آج یمن کے مسلمانوں میں بڑی تعداد اس فرقہ کی ہے اہل سنت سے ان کے اختلافات اصول و فروع میں بہت تھوڑے ہیں۔

## امامیہ

ان کا نام امامیہ اس لئے رکھا گیا کہ ان کی تمام مذہبی تعلیمات کا مرکزی نقطہ امام ہے ان کا عقیدہ یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد خلافت حضرت علیؓ کا حق ہے نہ صرف اہلیت و صلاحیت کے باعث بلکہ بطریق النص پھر ان کے بعد امامت انہیں کی فاطمی اولاد میں

محصور ہے جو یکے بعد دیگرے متعین ہیں اور ان کی معرفت اصول ایمان میں سے ہے۔

ان کے دو فرقے ہیں اسماعیلیہ اور اثناء عشریہ اسماعیلیہ یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ امام سادس جعفر صادق کے بیٹوں میں سے امامت موسیٰ کاظم کی طرف منتقل نہیں ہوئی جیسا کہ اثناء عشریہ کا خیال ہے بلکہ اسماعیل امام ہوئے اسی نسبت سے اس جماعت کا نام اسماعیلی رکھا گیا یہ ضروری سمجھتے ہیں کہ امام کے پاس جب قوت نہ ہو تو وہ مستور رہے اور صرف اس کے دعاہ تبلیغ کریں چنانچہ ان کے ائمہ برابر مخفی رہے یہاں تک کہ عبداللہ المہدی قوت حاصل کرنے کے بعد ظاہر ہوا اور 295 ھ میں اس نے افریقہ میں فاطمی خلافت قائم کی غالباً اسی وجہ سے یہ جماعت باطنی کہی جاتی ہے۔

اثنا عشری بارہ امام کے قائل ہیں جو سلسلہ بہ سلسلہ حضرت علی سے امام غائب تک ہیں توضیح کے لئے ان کا مختصر شجرہ لکھ دیتا ہوں۔

شجرہ نسب سامنے کے صفحہ پر ہے۔

1 ۔ حضرت علی ابن ابی طالب ۔

2 ۔ امام حسن متوفی 50 ھ

حسن

عبداللہ بن المحض ۔

محمد نفس زکیہ ۔ ابراہیم

اسماعیل

محمد

اسماعیل ۔

محمد

احمد

عبداللہ

احمد

حسین

۔ عبداللہ المہدی بانی دولت فاطمیہ متوفی 362 ھ ۔

3 ۔ امام حسین مقتول 61 ھ

4 ۔ علی (زین العابدین) متوفی 94 ھ

5 ۔ ابو جعفر محمد باقر متوفی 113 ھ

6 ۔ ابو عبداللہ جعفر صادق متوفی 148 ھ

7 ۔ موسیٰ کاظم متوفی 183 ھ

8 ۔ ابو الحسن علی رضا متوفی 202 ھ

9 ۔ ابو جعفر محمد جواد متوفی 220 ھ

10 ۔ علی ہادی متوفی 254 ھ

11 ۔ ابو محمد حسن عسکری متوفی 260 ھ

12 ۔ محمد (مہدی منتظر) 260 ھ میں غائب ہوئے ۔

محمد بن الحنفیہ

ابو ہاشم ۔ بنی عباس نے انہی کے وصی ہونے کا دعویٰ کر کے خلافت حاصل کی ۔

## منصب امامت

شیعہ کے مخصوص عقائد کا مرکزی نقطہ امام ہے اس لئے یہاں امام کے متعلق اس جماعت کے عقائد کو نہایت اختصار کے ساتھ مذہب شیعہ کی سب سے معتبر کتاب کافی سے التقاط کر کے لکھتا ہوں جو محمد بن یعقوب کلینی بغدادی متوفی 329 ھ کی تالیف ہے اور شیعوں میں اس کی صحت و مقبولیت کا وہی درجہ ہے جو سنیوں میں صحیح بخاری کا ہے

ابو حمزہ کہتے ہیں کہ امام جعفر نے فرمایا کہ اللہ کی بندگی وہی کرتا ہے جو اس کی معرفت رکھتا ہے اور جو معرفت نہیں رکھتا وہ یونہی گمراہی سے اس کا پرستار بنا ہوا ہے میں نے پوچھا کہ معرفت الہیٰ کیا ہے؟ فرمایا اللہ عزو جل کی تصدیق حضرت علی کی موالات اور ان کی پیروی ائمہ ہدیٰ علیہم السلام کی پیروی اور ان کے دشمنوں سے اللہ کے سامنے براءت یہ ہے اللہ کی معرفت امام رضا نے کہا کہ جملہ انسان اطاعت میں ہمارے غلام ہیں اور دین میں ہمارے محب۔

امام بوجعفر نے فرمایا ہم علم الہیٰ کے خزانے دار ہیں اور وحی الہیٰ کے ترجمان جو لوگ زمین کے اوپر اور آسمان کے نیچے ہیں ان سب پر ہم اللہ کی حجت ہیں۔

امام رضا سے ایک طویل کلام ائمہ کی توصیف میں مروی ہے جس میں یہ فقرے بھی ہیں۔

امام گناہوں سے پاک اور عیبوں سے بری ہوتا ہے علم کے ساتھ مخصوص اور علم کے ساتھ موصوف لوگوں نے سخت غلطی کی اور جھوٹ گھڑا کہ جان بوجھ کر اہل بیت کو چھوڑا اور اللہ و رسول کے انتخاب کئے ہوئے سے منہ موڑا نسک و زہد علم و عبادت قدس و طہارت کے معدن رسول کی دعاؤں میں مخصوص اور بتول مطہرہ کی اولاد۔

امام ابو جعفر نے فرمایا" ہم شجر نبوت ہیں اور رحمت کا گھر حکمت کی کنجیاں ہیں اور علم کے معدن رسالت کا موضع ہیں اور ملائکہ کی آمد و رفت کا مقام اللہ کے بندوں کے پاس ہم اس کی امانت ہیں ہم اس کے حرم اکبر ہیں اور ہم اللہ کا ذمہ اور اس کا عہد ہیں جس نے

ہمارا عہد پورا کیا اس نے اللہ کا عہد پورا کیا اور جس نے ہمارا عہد توڑا اس نے اللہ کا عہد توڑا۔"

" ائمہ کے پاس وہ ساری کتابیں ہیں جو اللہ کی طرف سے نازل ہوئیں اور وہ ان سب کو باوجود زبانوں کے اختلاف کے سمجھتے ہیں پھر اللہ نے ائمہ کو اس کتاب کا وارث بنایا جس میں ہر شے کی تشریح ہے مکمل قرآن سوائے ائمہ کے کسی کے پاس نہیں اور وہ اس کا پورا علم رکھتے ہیں جو شخص یہ دعویٰ کرے کہ اس نے پورا قرآن جمع کر لیا وہ جھوٹا ہے کسی نے اس کو جس طرح پر وہ نازل ہوا نہ جمع کیا نہ حفظ کیا سوائے علیؑ ابن ابی طالب اور ان ائمہ کے جو ان کے بعد ہیں ائمہ کے پاس اسم اعظم ہے اور وہ جفر بھی رکھتے ہیں جو چمڑے کا ایک تھیلا ہے جس میں انبیاء اور اوصیاء نیز گزشتہ علماء بنی اسرائیل کے علوم ہیں ان کے پاس مصحف فاطمہ ہے جو تمہارے قرآن سے تین گنا ہے اور اس میں تمہارے قرآن کا ایک حرف بھی نہیں ہے۔"

" اللہ عز و جل کے دو علم ہیں ایک وہ جس کو سوائے اس کے کوئی نہیں جانتا اور ایک وہ جس کو اس نے ملائکہ اور انبیاء کو سکھلایا اس کو ہم جانتے ہیں۔" " ائمہ جب کسی شے کا علم چاہتے ہیں تو اللہ ان کو بتلا دیتا ہے وہ جانتے ہیں کہ کب مریں گے اور جب مرتے ہیں تو اپنے اختیار سے مرتے ہیں۔"

" جو کچھ ہوا یا ہونے والا ہے ائمہ سب کا علم رکھتے ہیں اور ان کے سامنے کوئی چیز مخفی نہیں رہتی اللہ نے رسول کو کوئی علم نہیں سکھلایا مگر یہ کہ ان کو حکم دیا کہ امیر المومنین علی کو سکھلا دیں اس لئے وہ علم میں نبی کے شریک تھے پھر یہ علم ائمہ کو ملا۔" " اللہ نے ائمہ کی اطاعت کا حکم دیا ہے اور ان کی نافرمانی سے منع کیا ہے وہ بمنزلہ رسول کے ہیں بجز اس کے کہ نبی نہیں ہیں۔"

" ہر امام اپنے بعد آنے والے امام کو کتابیں علوم اور اسلحہ سپرد کر دیتا ہے اور ائمہ کوئی کام بلا حکم اور بلا عہد الہیٰ نہیں کرتے اور اس کے حکم سے ذرا بھی آگے قدم نہیں بڑھاتے۔" " اللہ اور رسول نے ہر ایک امام کی یکے بعد دیگرے تصریح کر دی ہے ہر امام

اپنے بعد کے امام کو امامت سپرد کرتا ہے اور اس کے لئے ایک لفوف کتاب اور پاک وصیت نامہ چھوڑ جاتا ہے جس میں آدم کی تخلیق سے لے کر فنائے عالم تک جو ضرورتیں پیش آنے والی ہیں سب کا حل ہے امام کے لئے غیبت بھی ہے جب اس کے غیبت کی خبر سنو تو انکار نہ کرو اور بارھویں امام غائب ہیں وہ ہی مہدی ہیں جو روئے زمین کو جب کہ وہ ظلم و ستم سے بھر جائے گی عدل و انصاف سے بھر دیں گے ۔" جو شخص امامت کا اہل نہ ہو اور اس کا دعویٰ کر بیٹھے وہ کافر ہے ۔"

" امام ابو جعفر سے مروی ہے کہ اللہ نے کہا ہے کہ جو رعیت امام ظالم کی تابع ہو گی جو اللہ کی طرف سے نہ ہو اگر اپنے اعمال میں نیک اور پرہیزگار ہو گی میں اس کو عذاب دوں گا اور جو رعیت اسلام میں امام عادل کی تابع ہو گی جو اللہ کی طرف سے ہو اگرچہ بدکار اور گنہگار ہو گی میں اس سے درگزر کروں گا" (اللہ کا قول قرآن میں کہیں نہیں ہے) ۔ " امام کو امام ہی غسل (میت) دیتا ہے"

" امام جعفر نے فرمایا "اللہ جب کسی امام کو پیدا کرنا چاہتا ہے تو ایک فرشتہ بھیجتا ہے جو عرش کے نیچے سے شربت لے کر اس کو پلاتا ہے وہ چالیس دن تک ماں کے شکم میں کوئی کلام نہیں سنتا جب اس کی پیدائش ہوتی ہے تو وہی فرشتہ جس نے شربت پلایا تھا اس کے دائیں بازو پر آکر لکھتا ہے ۔

**وتمت کلمت ربک صدقاً و عدلا لا مبدل لکالماته**

(تیرے رب کا کلمہ سچائی اور عدل کی رو سے پورا ہے اس کو کوئی بدلنے والا نہیں) جس وقت وہ امام اپنے منصب پر پہنچتا ہے اللہ ہر ملک میں اس کے لئے ایک منارہ کھڑا کر دیتا ہے جس کی روشنی میں وہ تمام بندوں کے کام دیکھتا ہے ۔"

" فرشتے اماموں کے گھروں میں آتے ہیں ان کے فرش پر بیٹھتے ہیں اور ان کے پاس خبریں لاتے ہیں لوگوں کے پاس وہی بات حق ہے جو امام کے ذریعے سے ملی ہو اور جو بات امام کے ذریعے سے نہ ملی ہو وہ باطل ہے ۔"

" ساری زمین امام ہی کی ہے یہ اہل بیت ہیں جن کو اللہ نے زمین کا وارث بنایا ہے ۔"

" مال غنیمت کا خمس چھ حصوں میں تقسیم کیا جائے گا اللہ رسول، قرابت دار، یتامیٰ، مساکین اور مسافر، ان میں سے پہلے تین حصے امام کے ہیں اس لئے امام کا حصہ خمس میں سے نصف یعنی کل مال غنیمت کا دسواں حصہ ہوتا ہے مال فیئے (غنیمت بلا جنگ) نیز جنگل معدن اور سمندر وغیرہ اکیلے امام کے ہیں ۔"

میں نے ائمہ اہل بیت کی تعلیمات اور ان کے دعادی میں سے یہ تھوڑی سی باتیں لی ہیں ظاہر ہے کہ ان اقوال کو وہی تسلیم کر سکتا ہے جو ان ائمہ پر ایمان رکھتا ہو ورنہ یہ سب کے سب بخط مستقیم قرآن کے خلاف ہیں اور غالباً اسی احساس کی بناء پر اس قرآن کو جس پر امت ایمان رکھتی ہے ناقص قرار دینے کی کوشش کی گئی ہے اور کامل قرآن ائمہ کے پاس محفوظ کیا گیا ہے پھر اس کے علاوہ مصحف فاطمہ بھی ان کے ہاتھوں میں ہے جو اس قرآن سے تگنا اور تعلیمات کے لحاظ سے بالکل جداگانہ ہے۔

یہ دعادی اگرچہ مذہبی رنگ میں ہیں لیکن اہل نظر سمجھ سکتے ہیں کہ یہ سب کے سب استحقاق خلافت کے سیاسی منصوبے کے ارد گرد چکر کاٹ رہے ہیں اور ان کا اصل مقصود صرف اپنی کھوئی ہوئی حکومت حاصل کرنے کے لئے امت کو ہموار کرنا ہے اور حکومت بھی علی الاطلاق !! ۔

اہل سنت کی نگاہ میں خلیفہ بھی دوسرے انسانوں جیسا انسان ہے انہیں کی طرح پیدا ہوتا ہے پرورش پاتا ہے اور سیکھتا ہے اس کو دوسرے مسلمانوں پر کوئی فضیلت نہیں سوائے اپنی ذاتی لیاقت کے جس کی وجہ سے اس کا انتخاب ہوا نہ اس پر وحی آتی ہے نہ اس کا تسلط روحانی ہے وہ صرف قانون الہیٰ کو نافذ کرنے کا مجاز ہے اور اس پر امت کو احتساب کا حق ہے بلکہ غلط روی پر معزول کر دینے کا بھی ۔ اور شیعوں کا امام تو اپنی سرشت و فطرت میں انسانوں سے بالاتر ہے ماں کے پیٹ ہی میں عرش کے نیچے سے شربت کا پیالہ پینے لگتا ہے تشریع کا حق رکھتا ہے اس پر تنقید گمراہی ہے اس کا قول و فعل حق و باطل اور خیر و شر کا معیار ہے وہ ایسا روحانی رہنما ہے کہ نماز اور روزہ وغیرہ دینی اعمال بھی بلا اس پر ایمان لائے ہوئے بیکار ہیں ۔

یہ باتیں قرآن کی حسین و جمیل، سادہ و بسیط، فطری و جمہوری تعلیمات کے بالکل

متضاد ہیں جو تمام بنی نوع انسان کو ایک ہی ماں باپ کی اولاد کہتا ہے اور نسبی بنیاد پر کسی کو کوئی حق نہیں دیتا نہ پیدائشی طور پر کسی انسان کی دینی فضیلت کو مانتا اور نہ صلاح و تقویٰ کی وراثت کا قائل ہے بلکہ ہر شخص کی قیمت کا مدار خود اس کے ایمان اور عمل پر رکھتا ہے چنانچہ صدر اول کے لوگ ان باتوں سے جو ان ائمہ سے مروی ہے بالکل ناآشنا تھے خود حضرت علیؓ اور حسینؓ بھی خلیفہ یا امام کے متعلق وہی سادہ نظریہ رکھتے تھے جو اہل سنت کا ہے نہ اس کو معصوم سمجھتے تھے نہ تنقید سے بالاتر چنانچہ اسی کافی میں روایتیں ہیں۔

حضرت علی نے فرمایا۔

**لاتکفوا عن مقالۃ بحق او مشورۃ بعدل فانی لست امن ان اخطی**

(سچی بات یا انصاف کے مشورہ سے نہ رکو کیونکہ مجھے ڈر ہے کہ کوئی غلطی نہ کر بیٹھوں)۔

نیز امام حسینؓ اپنے بھائی امام حسنؓ کی صلح کو جو انہوں نے معاویہ کے ساتھ کی تھی ناپسند کرتے تھے اور کہا کرتے تھے۔

**لو جزا نفی کان احب الی مما فعلہ اخی**

اگر میری ناک کاٹ لی جاتی تو میں اس کو اس سے بہتر سمجھوں گا جو میرے بھائی نے کیا۔

بعض مورخوں کا خیال ہے کہ جب سے ایرانی اس جماعت میں شامل ہوئے جو اپنے بادشاہوں کے تقدس اور خطا سے بالاتر ہونے کا خیال رکھتے تھ اس وقت سے یہ باتیں شیعیت میں داخل ہوئیں اور بعض یہ کہتے ہیں کہ جب عباسی تخت خلافت پر آگئے اس وقت سے علویہ میں اپنے حق کے احساس کی تلخی بڑھ گئی اور وہ قرابت قریبہ کی خصوصیت کی بناء پر اپنی فضیلت اور عظمت کو زیادہ زور کے ساتھ پیش کرنے لگے۔ اسی زمانے کی دوسری عظیم الشان شخصیت امام جعفر کی ہے انہیں سے بیشتر یہ روایتیں مروی ہیں مگر میرے نزدیک ان روایات کا انتساب ہی ائمہ اہل بیت کی طرف مشکوک ہے کیونکہ شیعہ کی پہلی کتاب یہی کافی ہے جو چوتھی صدی ہجری میں مدون ہوئی اس مدت مدید میں شیعہ راویوں کے لئے ان روایات میں تغیر و تبدل بلکہ اضافہ اور الحاق کا پورا موقع تھا لیکن چونکہ شیعہ ان روایات کو صحیح مانتے اور ان کے اوپر عقیدہ رکھتے ہیں اس لئے تاریخی حیثیت سے مجھ کو اپنے کلام کی بنیاد ان کے مسلمات پر رکھنی پڑی ورنہ میں اس کو بالکل نظر انداز کر دیتا۔

## دیگر شیعی عقائد

مہدی منتظر کے عقیدے کی طرف ضمناً اشارہ ہو چکا ہے یہ عقیدہ شیعوں سے پیدا ہوا اور اس کی اتنی اشاعت ہوئی کہ سنیوں میں بھی مقبول ہو گیا اگرچہ بخاری و مسلم جو اہل سنت میں حدیث کی سب سے زیادہ صحیح کتابیں تسلیم کی گئی ہیں مہدی کی روایتوں سے خالی ہیں مگر ترمذی ابو داؤد اور ابن ماجہ نے ان کو لیا ہے ان سب کا خلاصہ یہ ہے کہ آخری زمانے میں اہل بیت میں سے ایک شخص کا ظہور ہو گا جس کی پیروی ساری امت کرے گی اور وہ اسلامی ممالک میں تسلط حاصل کر کے دین اور عدل پھیلانے گا۔ ان روایات کے اسناد میں بعض بزرگوں خاص کر ابن خلدون نے بسط کے ساتھ کلام کیا ہے اور سب کو ضعیف یا موضوع قرار دیا ہے مگر شیعہ کے یہاں یہ عقیدہ ارکان دین میں داخل ہے۔

بعضوں کے نزدیک اس کا اصلی سبب یہ ہوا کہ کربلا کے حادثہ کے بعد جب اہل بیت کی خلافت کی امید منقطع ہو گئی اس وقت رؤسا شیعہ نے اس مایوسی کو دور کرنے اور جماعت کو زندہ رکھنے کے لئے مہدی غائب کا عقیدہ پھیلایا اسی زمانے میں ابوسفیان کی شاخ سے خلافت نکل کر مروان کے ہاتھ میں چلی گئی علویہ کی تقلید میں خالد بن یزید نے جس کو اپنے گھر سے خلافت نکل جانے کا سخت قلق تھا سفیانی کا خیال پیدا کیا یعنی ایک شخص اس خاندان کا ظاہر ہو کر ابوسفیان کی اولاد میں خلافت کو واپس لائے گا یہ روایتیں کتب حدیث میں ہیں عباسیہ نے جب اپنے دور میں دیکھا کہ علوی اور اموی دونوں گھرانوں میں ایک ایک آنے والے مہدی کا خیال ہے تو عباسی مہدی کی روایتیں تیار کرائیں جو طبرانی اور حاکم وغیرہ نے اپنی کتابوں میں درج کی ہیں یہ بھی ممکن ہے کہ خلیفہ منصور عباسی نے اسی خیال سے اپنے بیٹے کا نام مہدی رکھا ہو ابو الفرج اصفہانی لکھتا ہے کہ مطیع بن ایاس جو خطباء میں سے تھا اس کی مہدویت کی حدیثیں تراشا کرتا تھا اس طرح پر مسلمانوں کی اکثر جماعتوں میں مہدی کا عقیدہ پیدا ہو گیا جو امت کے لئے ایک زندہ عذاب اور مستقل تعزیر بن گیا سلسلہ وار مدعیان مہدویت کھڑے ہونے لگے اور دونوں طرف سے مسلمانوں کا خون پانی کی طرح بہنے لگا جہاں تک معلوم ہو سکا ہے صرف زیدیہ باوجود اس کے کہ وہ بھی شیعہ ہیں اس عقیدے سے ہمیشہ منکر رہے۔

## رجعت

قرآن نے اگرچہ صاف صاف تصریح کر دی ہے۔

الم یروکم اھلکنا قبلھم من القرون انھم الیھم لا

یرجعون و ان کل لما جمیع الدینا محضرونا
(32/36)

کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ان سے پہلے کتنی نسلیں ہم نے ہلاک کی ہیں جو ان کی طرف پلٹ کر نہیں آتی ہیں اور وہ سب کی سب ہمارے پاس حاضر رکھی گئی ہیں۔

مگر شیعہ میں مہدی کے عقیدے کے ساتھ رجعت کا بھی عقیدہ ہے یعنی ظہور مہدی کے بعد حضرت علیؑ حسنؓ حسینؓ وغیرہ جملہ ائمہ دنیا میں دوبارہ واپس آئیں گے اور ان کے مخالفین ابو بکرؓ و عمرؓ و عثمانؓ و معاویہؓ و یزید وغیرہ بھی لائے جائیں گے اور ان کو سزائیں دی جائیں گی شریف مرتضیٰ نے لکھا ہے کہ ابو بکرؓ و عمرؓ کو مہدی کے زمانہ میں ایک درخت پر سوئی دی جائے گی۔

## تقیہ

یہ بھی امامیہ کے عقائد کا جزو ہے اس کا مطلب ہے اپنے عقیدے کو چھپائے رکھنا اور عمل سے اس کے خلاف ظاہر کرنا کہ کسی کو شیعیت کا شبہ نہ ہو سکے کافی میں امام جعفر سے مروی ہے کہ "دین کا 9/10 حصہ تقیہ میں ہے اور جو تقیہ نہ کرے وہ بے دین ہے" امام رضا سے کسی نے تقیہ کی بابت سوال کیا فرمایا کہ "تقیہ میرا دین ہے اور میرے باپ کا دین ہے جس میں تقیہ نہیں اس میں ایمان نہیں" کوئی شیعہ سنیوں کے ساتھ نماز پڑھ لے تو بڑے ثواب کا مستحق ہو جاتا ہے بعض ائمہ اہل بیت سے مروی ہے کہ "جس نے تقیہ سے کسی سنی کے پیچھے نماز پڑھ لی اس نے گویا نبی کے پیچھے نماز پڑھی۔"

بہت سے تاریخی واقعات کو بھی اس جماعت نے تقیہ پر محمول کیا ہے مثلاً حضرت علیؑ نے ابو بکر و عمر و عثمان رضی اللہ عنہم کی بیعتوں میں تقیہ سے کام لیا امام حسنؓ نے معاویہؓ کے ساتھ تقیہ سے صلح کی وغیرہ اسی تقیہ سے بعض شیعہ بظاہر سنی بن گئے اور انہوں نے اپنے کو سنی علماء مثلاً ابن جریر اور ابن قتیبہ وغیرہ کے ناموں سے مشہور کر کے اپنی روایتیں اہل سنت میں پھیلائیں۔

## تبرا

شیعہ اپنے عقیدے میں ائمہ اہل بیت کو خلافت رسول کا حقدار سمجھتے ہیں اس لئے وہ خلفاء ثلاثہ خاص کر شیخین رضی اللہ عنہما کو ظالم اور غاصب قرار دیتے ہیں اور ان سے نفرت اور عداوت رکھتے ہیں اور تبرا کرتے ہیں کافی میں امام جعفر صادق سے روایت ہے کہ تین قسم کے

لوگ ہیں جن سے اللہ نہ کلام کرے گا نہ ان کے گناہ بخشے گا بلکہ ان کو دردناک عذاب دے گا ایک وہ جس نے امامت کا دعویٰ کیا اور اس کا اہل نہ تھا دوسرا وہ جس نے اللہ کے متعین کیئے ہوئے امام کا انکار کیا تیسرا وہ جو خیال رکھتا ہے کہ ابو بکرؓ و عمرؓ میں اسلام کا کوئی شائبہ بھی تھا۔" ان کے عقیدے میں سوائے شیعہ کے سارے مسلمان کافر ہیں اور رسول اللہؐ کے بعد بجز چند صحابہ کے (جو حضرت علی کی خلافت کے خواہاں تھے) جملہ صحابہ مرتد ہو گئے انہیں وجوہات سے وہ خلفاء ثلاثہ نیز ام المومنین حضرت عائشہؓ و حفصہؓ سے تبرا کرتے ہیں اور اس کو قرب و ثواب کا ذریعہ سمجھتے ہیں کافی کی روایات میں ان حضرات پر لعنت بھیجنے کے لئے خاص خاص ماثورہ دعائیں ہیں۔

## جماعت شیعہ

شروع شروع میں حضرت علیؓ کی خلافت کے خواہاں جیسا کہ ہم لکھ چکے ہیں چند مخلص اور نیک دل صحابہ تھے پھر رفتہ رفتہ ان کے حامیوں کی تعداد بڑھنے لگی سبائی تحریک نے جس قدر حضرت عثمانؓ کے مخالف پیدا کیئے اسی قدر حضرت علیؓ کے طرفدار واقعہ کربلا سے بھی بنی امیہ کی طرف سے بہت سے دلوں میں نفرت پیدا ہو گئی جو اہل بیت کے حامی بن گئے نو مسلم عجمی قومیں جو بنی امیہ کے استکبار و استبداد سے تنگ آگئی تھیں اپنی فروتری کو دیکھ کر اس جماعت میں شریک ہو گئیں کیونکہ یہ بنی امیہ کے مخالف تھے ایرانی امراء و رؤساء اس خیال سے ان ائمہ کے حامی ہو گئے کہ ان کے ہاں سلطنت کی وراثت شاہی نسل میں چلتی تھی حکومت الٰہیٰ ان کی سمجھ میں نہیں آسکی اور انہوں نے رسول اللہ کو بھی کسریٰ خیال کیا جن کے بعد ان کی نظر میں ان کی جانشینی کے حقدار صرف ان کے اہل بیت ہو سکتے تھے۔ الغرض مختلف اسباب سے مختلف جماعتیں اس فرقے میں شامل ہوئیں جن میں بعض لوگ ایسے بھی تھے جو ابن اسباء کی طرح اسلام سے انتقام لینے کے لئے محب اہل بیت بن گئے تھے

## شیعہ پر سختیاں

خوارج اور شیعہ دونوں اس بارے میں متفق تھے کہ بنی امیہ اور بنی عباس ظالم اور غاصب ہیں اگرچہ دونوں کی عداوت کے اسباب مختلف تھے خوارج ان کی خلافت کو اس لئے ناجائز سمجھتے تھے کہ وہ حکومت الٰہیٰ نہ تھی بلکہ شخصی اور استبدادی سلطنت تھی اور شیعہ اس لئے کہ انہوں نے ان کے ائمہ کا حق غصب کر کے ان کو خلافت سے محروم کر دیا تھا اور خود اس پر قابض ہو گئے تھے اس وجہ سے دونوں فرقے ان کے دشمن تھے اور ان کے تسلط کو

مٹانا چاہتے تھے۔ خوارج اپنے عقیدے کا اظہار کر کے کھلے میدان میں مقابلہ کرتے تھے جس کے باعث خلفاء کو آسانی ہوئی کہ قوت سے رفتہ رفتہ ان کو فنا کر دیا لیکن شیعہ کے پاس تقیہ کا حربہ تھا وہ جب موقع پاتے کھلے میدان میں لڑتے ورنہ تقیہ کے نقاب میں روپوش ہو جاتے اس وجہ سے ان کا مٹانا آسان نہ تھا چنانچہ باوجود تمام سختیوں کے بھی آخر کار یہ زندہ رہ گئے غالباً یہی علت تھی جو ائمہ اہل بیت اپنے معتقدوں کو تقیہ کی سخت تلقین اور تاکید کیا کرتے تھے اور اس کو دین کا 9/10 حصہ کہتے تھے۔

بنی امیہ نے ابتداء ہی سے ان پر سختی شروع کی امیر معاویہؓ نے اپنے تمام عمال کو حکم بھیجا کہ "جو شخص حضرت علی اور ان کے اہلبیت سے تولا رکھے یا ان کے مناقب روایت کرے اس کا نام وظائف کے دفتر سے کاٹ دو اور اس کی شہادت ساقط الاعتبار کر دو صرف شیعہ عثمانؓ کو اپنے پاس آنے دو اور ان کے فضائل میں جو روایتیں بیان کی جائیں ان کو معہ ان کے راویوں کے ناموں کے مجھے بھیجتے رہو۔ کوفہ شیعوں کا مرکز تھا جس کا عامل زیاد تھا وہ چونکہ حضرت علی کے زمانہ میں شیعہ رہ چکا تھا اس وجہ سے اس جماعت کے لوگوں سے واقف تھا اس نے جہاں جہاں ان کو پایا قتل کیا اس کے بعد جو کچھ رہ گئے ان کو اس کے بیٹے عبداللہ بن زیاد نے ختم کیا ان دونوں باپ بیٹوں نے ان کو کھجوروں کے درختوں پر لوگوں کی عبرت کے لئے سولیاں دیں ہاتھ اور پاؤں کاٹے آنکھوں میں سلائیاں پھیریں اور ڈھونڈ ڈھونڈ کر مارا حجاج بن یوسف جب عراق کا والی ہوا تو اس نے بھی وہی برتاؤ رکھا اس کو کافر یا زندیق سے اتنی نفرت نہ تھی جتنی شیعہ سے تھی عربی کے مشہور ادیب اصمعی کے دادا نے ایک دن اس سے کہا کہ میرے والدین نے میرے اوپر بڑا ظلم کیا اس نے پوچھا کیا؟ بولا کہ میرا نام علی رکھ دیا حجاج مسکرایا اور اس کو ایک ناحیہ کا عامل مقرر کر دیا۔ جملہ اموی عمال کا یہی حال تھا وہ شیعیت کی تہمت پر بھی ہاتھ پاؤں کاٹ لیتے یا قید کر کے مال و متاع ضبط اور مکان منہدم کر دیتے۔

عباسی اور بھی زیادہ اہل بیت کی طرف سے پرحذر تھے کیونکہ وہ خود ان کے شریک کار رہ چکے تھے اس وجہ سے ان کے عہد میں شیعوں پر اور بھی سختیاں بڑھ گئیں اور ابو مسلم خراسانی نے سینکڑوں سپاہی اسی لئے مقرر کر رکھے تھے کہ جہاں کسی شیعہ کو پا جائیں قتل کر دیں عباسی خلفاء میں سب سے زیادہ ان کا دشمن متوکل تھا اس نے امام حسینؓ کی قبر 237 ھ میں معہ تمام ملحقہ عمارتوں کے منہدم کرا دی جس پر ہل چلا کر کاشت ہونے لگی۔ لیکن باوجود ان تمام سختیوں کے شیعہ اپنے عقیدہ اور عمل سے نہیں ہٹے اور ان کے آخری خلیفہ

مستعصم تک کبھی پنہاں کبھی آشکار امقابلہ کرتے رہے۔

کاش یہ ساری جماعتیں سیاسی مقصد میں متحد ہوتیں اور سنی خارجی اور شیعہ سب اسلام کو پیش نظر رکھتے اور ایک دوسرے کو مٹانے کی کوشش میں اپنی قوتیں برباد نہ کرتے تو آج اسلام کی تاریخ ہی کچھ اور ہوتی یہ قریشی خانوادوں کی حکومت کا سودا تھا جس نے ہیجان برپا کیا اور ان کی باہمی رقابتوں نے امت کا شیرازہ بکھیرا ورنہ مسئلہ نہایت سادہ اور صاف تھا کہ خلافت کامدار انتخاب عام پر رکھ دیا جائے شیعہ جو امام منصوص کے قائل ہیں انہوں نے یہ کبھی نہیں سوچا کہ اللہ کسی کو ماں کے شکم سے خلافت کے لئے تیار کرتا تو اس کا تخت خلافت پر آجانا لازمی تھا اور جب نہ آسکا تو سمجھنا چاہیئے کہ انتخاب جمہوری کا حق ہے۔

# معتزلہ

اس جماعت کی ابتدا بصرہ میں ہوئی بانی واصل بن عطاء تھے اور عمرو بن عبید یہ دونوں موالی میں سے تھے اور امام حسن بصری کے شاگرد بصرہ سے اس کی شاخ بغداد میں پہنچی

بصری سلسلہ یہ ہے

حسن بصری
- واصل بن عطاء متوفی بیت ھ
  - عثمان الطویل
    - ابو ہذیل علاف
      - ابراہیم نظام
        - جاحظ
      - ابو علی
    - ابو بکر اصم
      - ابو یعقوب
        - ابو علی جبائی
    - معمر بن عباد
      - ہشام
        - عباد بن سلیمان
      - بشر بن المعتمر (راس البغدادین)
  - حسن بن ذکوان
- عمرو بن عبید متوفی 143 ھ
  - خالد بن صفوان
  - ابراہیم بن یحییٰ

ابو علی جبائی کے شاگرد تھے امام ابو الحسن اشعری راس المتکلمین بغدادی شاخ یہ ہے

بشر بن المعتمر متوفی 210 ھ
- ابو موسیٰ مردار
  - جعفر بن حرب
    - ابو جعفر اسکافی
    - عیسیٰ بن ہشیم صوفی
- احمد بن ابی دو کرد
- ثمامہ بن الاشرس
  - جعفر بن مبشر
    - ابو الحسین خیاط
      - ابو القاسم بلخی

عراق متعدد اہل مذاہب کا گہوارہ تھا ۔ یہودی ، نصرانی ، مجوسی ، مانوی ، زردشتی ، صابی ، دیصانی اور دہری وغیرہ ۔ اسلامی فتوحات کے بعد جب ان میں سے لوگ مسلمان ہونے لگے اس وقت ان قوموں نے مسلمانوں کے ساتھ بحثیں شروع کیں ۔ اہل علم کی ایک جماعت اسلام کی تائید اور ان کی تردید کے لئے کھڑی ہوئی اس نے پہلے ان کے مذہبی حقائق کو سمجھا پھر انہیں کے اصول پر ان کے جوابات دینے کی کوشش کی ان میں سے بعض مذاہب مثلاً یہودیت و عیسائیت یونانی فلسفہ سے بھی مسلح تھی اس لئے اس جماعت نے اس سے بھی واقفیت پیدا کی تاکہ ان کے اعتراضات کی مدافعت کر سکے اس کے لئے یہ بھی لازم تھا کہ عقلیت کی راہ سے ان بحثوں میں گھسے کیونکہ منقولی دلائل سے کام نہیں چل سکتا تھا اس وجہ سے اس جماعت کا طریق فکر محدثوں سے الگ ہو گیا اور یہ معتزلہ کے نام سے مشہور ہوئی ۔

## اصول خمسہ

معتزلہ میں باہم بعض امور میں اختلافات ہیں لیکن اصل مبادی میں سب کے سب متفق ہیں اور وہ پانچ ہیں ۔

1 ۔ توحید ، 2 ۔ عدل ، 3 ۔ وعدو وعید ، 4 ۔ بین بین ،
5 ۔ امر بالمعروف و نہی عن المنکر ۔

توحید ہر مسلمان کا ایمان ہے لیکن اس جماعت نے اس کی مخصوص تفسیر کی یعنی ذات الہیٰ کو صفات سے منزہ قرار دیا ۔ اس کے نزدیک قدرت ، ارادہ ، سمع ، بصر ، حیات و کلام وغیرہ صفات الہیٰ جو قرآن میں بیان کئے گئے ہیں بذات خود قائم نہیں ہیں ورنہ قدماء کا تعدد لازم آئے گا بلکہ عین ذات الہیٰ قادر سمیع اور بصیر وغیرہ ہے اہل سنت صفات کو عین ذات نہیں مانتے بلکہ قائم بالذات کہتے ہیں ۔

اسی طرح عدل کے بھی تمام مسلمان قائل ہیں کہ اللہ عادل مطلق ہے کسی ظلم نہیں کرتا لیکن معتزلہ اس میں اور آگے جاتے ہیں وہ کہتے ہیں۔

(1) اللہ نے مخلوق کو ایک نتیجہ کے لئے پیدا کیا ہے جو اس کے لئے سر تا سر خیر ہے

(2) اللہ مخلوق کے لئے نہ شر کا ارادہ کرتا ہے نہ حکم دیتا ہے اسی بناء پر وہ اشیاء کے حسن و قبح کو اہل سنت کی طرح شرعی نہیں بلکہ ذاتی قرار دیتے ہیں۔

(3) انسان سے اچھے یا برے جو افعال صادر ہوتے ہیں ان کا خالق وہ خود ہے اور انسانی

ارادہ افعال کی تخلیق میں آزاد ہے اسی وجہ سے اس کو ان کے اوپر سزا و جزا ملتی ہے۔

وعدہ وعید سے ان کی مراد یہ ہے کہ جس عمل پر جو وعدہ یا وعید ہے اس کا مترتب ہونا لازمی ہے اور ایمان قلبی تصدیق کا نام نہیں ہے بلکہ ادائے واجبات بھی اس کا جزو ہے اگر کوئی اللہ و رسول کو مان لے اور اعمال شرعیہ ادا نہ کرے تو مومن نہیں ہے ہر عمل خواہ فرض ہو یا نفل ایمان کا جزو ہے جس قدر عمل بڑھتا ہے اسی قدر ایمان بڑھتا ہے گناہ کبیرہ کا مرتکب نہ مومن ہے نہ کافر بلکہ فاسق ہے جو ان دونوں کا درمیانی درجہ ہے اسی کا نام بین بین رکھتے ہیں جو ان کے الفاظ میں "منزلہ بین منزلتیں" کہا جاتا ہے۔

امر بالمعروف کو بھی فرض سمجھتے ہیں لیکن خوارج کی طرح فرض عین نہیں بلکہ فرض کفایہ اور خروج بالسیف اس وقت ان کے نزدیک جائز ہے جب کامیابی کی پوری امید ہو۔

ان اصول پر یہ جماعت کھڑی ہوئی پھر ان اصول سے بہت سے مسائل پیدا ہوئے جن میں دوسری اسلامی جماعتوں سے مخالفت ہو گئی مگر علمی عقلی اور ادبی لحاظ سے ان لوگوں نے اس وقت کی جملہ اسلامی جماعتوں پر نمایاں فوقیت حاصل کر لی یونانی علوم نیز دیگر مذاہب کے عقائد اور ان کی تاریخوں سے بھی باخبر تھے قرآن میں بھی ان کو توغل تھا اگرچہ آیات کی تاویلیں اپنے اصول کے مطابق کرتے تھے حدیثوں کو خواہ محدثین کے نزدیک وہ کتنی ہی قوی ہوتیں اپنے اصول کے خلاف پاتے تو موضوع کہہ دیتے یعنی عقل کو حدیث پر حاکم سمجھتے تھے حدیث کو عقل پر نہیں بلکہ عمرو بن عبید اور ابراہیم نظام جن کی شخصیتیں ان میں نہایت ممتاز تھیں بجز قرآن اور عقل کے کسی شے پر دین کا مدار نہیں رکھتے تھے۔

## صفات معتزلہ

معتزلہ عقائد میں پختہ اعمال شرعیہ میں متشدد روزہ نماز کے سخت پابند اور حج کے عاشق تھے دین کی حفاظت مخالفوں سے مقابلہ اور اسلامی تعلیمات کے عقلی ثبوت کو اپنا فریضہ سمجھتے تھے جس مقام پر اس کی ضرورت دیکھتے گرمی یا سردی اور سفر کی مشقتوں کا خیال کئے بغیر پہنچتے۔ زبانوں میں طلاقت تھی فصاحت میں ممتاز تھے اور اس زمانے کے عقلی علوم سے مسلح اس لئے بحثوں میں غلبہ حاصل کرتے۔ ملحدوں، دہریوں اور دیگر اہل مذاہب کی تردید اور اپنے عقائد کی اثبات میں کتابیں اور رسالے لکھتے۔ اور مجامع اور مجالس میں دین کی حمایت میں تقریریں کرتے جو دلنشیں اور بلیغ ہوتیں غیر مذاہب کے مجادلوں پر ان کی دھاک بیٹھی ہوئی تھی۔ زہد و تقویٰ اور اخلاق و عادات کے لحاظ سے اس قدر مقبول تھے کہ جہاں جاتے ہزاروں آدمی ان کے ساتھ ہو جاتے امت کی ہدایت اور رہنمائی یعنی امر بالمعروف و نہی

عن المنکر ان کے اصول میں داخل تھی جس کے لئے اپنے آپ کو وقف سمجھتے تھے واصل بن عطاء نے اپنے خاص شاگردوں میں سے عبداللہ بن حارث کو مغرب میں حفص بن سالم کو خراسان میں ایوب کو جزیرہ میں حسن بن ذکوان کو کوفہ میں اور عثمان الطویل کو آرمینیہ میں بھیجا تھا ان میں سے ہر ایک کے ساتھ مقامات مذکورہ میں بڑی بڑی جماعتیں بن گئی تھیں جو امر بالمعروف کرتی تھیں اور امت کا ایک طبقہ ان کے اثر میں تھا خاص کر وہ لوگ جو اس وقت کی علمی تحریکوں میں حصہ لیتے تھے یاقوت نے معجم البلدان میں تاہرت کے تحت میں لکھا ہے کہ یہاں واصلیہ یعنی اصحاب واصل بن عطاء کے کم و بیش تیس ہزار آدمی ہیں جو خیموں میں رہتے ہیں اور جابجا دین کی تلقین اور تبلیغ کرتے پھرتے ہیں۔

اسی قسم کی جماعتیں ان کی مغرب سے مشرق تک پھیلی ہوئی تھیں اور ان کے باہمی تعلقات بمقابلہ دوسری اسلامی جماعتوں کے زیادہ مخلصانہ تھے عقلیت کی وجہ سے توہم پرستیوں سے آزاد تھے جن[1] کے قائل تھے کہ وہ اللہ کی مخلوق ہیں مگر آیت۔

**انه یراکم هو و قبیله من حیث لا ترونهم ا(27/7)**

وہ اور اس کا قبیلہ دیکھتا ہے تم کو جہاں سے کہ تم ان کو نہیں دیکھتے۔

کے مطابق یہ نہیں مانتے تھے کہ وہ انسانوں کو نظر آتے ہیں اس لئے ان کے بچوں نیز ان کی عورتوں میں بھوتوں اور چڑیلوں کا خوف بالکل نہ تھا۔

## معتزلہ اور خلفاء

بنی امیہ کے زمانے میں معتزلہ کا حلقہ زیادہ نہیں پھیلا تھا مگر ان کی جماعت قائم ہو چکی تھی خلیفہ ولید بن یزید نے جب لہو و لعب اور شراب و غناء میں وقت کو برباد کرنا شروع کیا اس وقت سب سے زیادہ اس کی مخالفت میں اسی جتھے نے حصہ لیا اور یزید ثالث کی جو ان کا ہم خیال تھا پوری امداد کی یہاں تک کہ ولید مارا گیا اور یزید اس کی جگہ تخت پر آ گیا بعض معتزلہ اس کو حضرت عمر بن عبدالعزیز سے بھی بہتر قرار دیتے تھے۔

عباسی عہد میں عمرو بن عبید راس المعتزلہ ابو جعفر منصور کے دربار میں بہت عزت رکھتا تھا یہاں تک کہ اس پر تنقید بھی کرتا اور اس کے مظالم اس کے سامنے گناتا۔ منصور نے ایک دن کہا کہ یہ شاہی مہر لو اور تم اور تمہارے ساتھی اس کام کو سنبھالو اس نے کہا کہ نہیں آپ کے دروازے پر ہزار قسم کے مظالم ہیں پہلے ان کو دور کیجئے پھر ہم کو بلائیے تو ہم سمجھیں گے کہ آپ سچے دل سے بلا رہے ہیں۔ محمد (نفس زکیہ) نے اپنے خروج سے پہلے عمرو کو خط لکھا تھا جس میں غالباً اس سے نصرت چاہی تھی منصور کو اس کا پتہ لگ گیا عمرو سے پوچھا

کہ کیا تمہارے پاس محمد کا کوئی خط آیا ہے؟ کہا کہ ایک خط ہے جو انہیں کے خط سے ملتا جاتا ہے پوچھا پھر کیا جواب دیا؟ بولا کہ تم کو میری رائے معلوم ہے کہ میں مسلمانوں میں تلوار کے استعمال کو جائز نہیں سمجھتا کہا ہاں لیکن قسم کھاؤ اس نے کہا کیا فائدہ میں نے اگر تقیہ سے کہا ہے تو تقیہ سے قسم بھی کھا لوں گا منصور نے کہا نہیں نہیں تم بالکل سچے ہو۔

اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ اگرچہ منصور کی خلافت سے بیزار تھا لیکن اس کے خلاف تلوار اٹھانا جائز نہیں سمجھتا تھا اور یہی بات تھی جس کی وجہ سے خلفاء عباسیہ نے معتزلہ کو سیاسی حیثیت سے کبھی نہیں چھیڑا کیونکہ یہ لوگ ان کے حامی نہ تھے تو ان کے دشمنوں کے بھی حامی نہ تھے۔ منصور نے اس سے اپنی تائید کی خواہش ظاہر کی اس نے انکار کر دیا دروازے پر ابو ایوب موریانی وزیر ملا اور کہا کہ تم نے خلیفہ کو مایوس کر دیا عمرو نے کہا کہ تم کس لئے ہو؟ اس کی مدد کرو ملت کی بدنصیبی ہے کہ اس کے مہمات تم جیسے لوگوں کے ہاتھوں میں ہیں۔

ہارون الرشید کے عہد میں ان کا زور کم رہا کیونکہ وہ ان کے جدلیات کو ناپسند کرتا تھا اور اس نے حکم دے رکھا تھا کہ عقائد میں بحثیں نہ کی جائیں لیکن اس کے بیٹے مامون الرشید نے جب اعتزال کو اختیار کیا اس وقت معتزلہ کا ستارہ چمک اٹھا جو معتصم اور واثق کے زمانوں میں عروج پر رہا اور متوکل کے زمانہ ڈوب گیا۔

## مامون عباسی

مامون جب مرو سے 204 ھ میں بغداد آیا تو اس نے اپنے علمی ذوق کی وجہ سے قاضی القضاۃ یحییٰ بن اکثم کو حکم دیا کہ پایہ تخت کے علماء کو دربار میں بلائیں انہوں نے مختلف جماعتوں کے چالیس علماء چن کر حاضر کئے مامون نے مجلس مناظرہ قائم کی جو ہر منگل کو منعقد ہوتی تھی اس میں وہ خود بھی شریک ہوتا اور ہر ہر فرقہ کے اہل علم آزادی کے ساتھ بحث کرتے یہاں تک کہ امامیہ اور زیدیہ بھی مسئلہ امامت پر بیباکی کے ساتھ دلیلیں لاتے اور معتزلہ اپنے عقائد کا ثبوت پیش کرتے۔

اس سے پہلے اصحاب حدیث کے غلبہ کی وجہ سے کوئی شخص اعلانیہ کسی امر میں ان کی مخالفت کی جرات نہیں کر سکتا تھا لیکن اس مجلس مناظرہ نے ان کا راستہ کھول دیا۔ مامون کا مقصد غالباً یہ تھا کہ باہمی مناظرات سے اختلافات مٹ جائیں گے اور تمام فرقے ہم خیال ہو کر متحد ہو جائیں گے لیکن نتیجہ بالکل برعکس نکلا کیونکہ اس نے خود اپنے آپ کو ان بحثوں سے بالاتر نہیں رکھا بلکہ معتزلہ کی تائید کی خاص کر مسئلہ خلق قرآن میں اس وجہ سے

محدثین اور فقہا اور ان کے اثر سے جمہور اہل سنت اس کے مخالف ہو گئے اور یہی اور صرف یہی ایک مسئلہ تھا جو اعتزال کی تباہی کا موجب ہوا اس لئے اس کو کسی قدر تفصیل کے ساتھ بیان کرنے کی ضرورت ہے۔

## فتنہ خلق قرآن

معتزلہ نے جب تنزیہ ذات اور نفی صفات کا عقیدہ نکالا اس وقت اس بحث کے سلسلہ میں ذات باری سے صفت کلام کی نفی کے بعد قرآن کے مخلوق یا غیر مخلوق ہونے کی بحث درمیان میں آئی سب سے پہلے دوسری صدی ہجری کے آغاز میں جعد بن درہم نے قرآن کے مخلوق ہونے کا دعویٰ کیا پھر جہم بن صفوان نے اس کی پیروی کی محدثین نے اس قول کو اسلام کے خلاف قرار دیا چنانچہ جعد کو خالد بن عبداللہ قسری والی عراق نے عیدالاضحیٰ کے دن بطور قربانی کے ذبح کیا اور جہم کو سلمہ بن احوز نے مرو میں قتل کر ڈالا ۔ لیکن اس خیال کے پیرو باقی رہ گئے اور جہم کی نسبت سے ان کی جماعت فرقہ جہمیہ کے نام سے موسوم ہوئی ۔

مامون الرشید کے زمانہ میں اس مسئلہ نے بہت اہمیت اختیار کر لی کیونکہ خود وہ اور اس کے درباری علماء اسی خیال کے ہو گئے اب انہوں نے محدثین کے خلاف قوت سے کام لینا شروع کیا بہت سے محدثوں کو کافر قرار دے کر قتل کیا اور سینکڑوں کو قید کی سزائیں دیں اور ابتلا و امتحان میں ڈال کر اذیتیں پہنچائیں اکثر علماء نے مجبوراً قرآن کو مخلوق کہہ کر اپنی جانیں بچائیں مگر امام احمد بن حنبلؒ اس ابتلاء میں ثابت قدم رہے 218 ھ میں جبکہ مامون طرسوس میں تھا اس کے حکم سے اسحاق بن ابراہیم امیر بغداد نے امام احمد کو بیڑیاں پہنا کر سپاہیوں کی حراست میں اس کے پاس روانہ کیا مقام رقہ میں پہنچے تھے کہ مامون کے مرنے کی خبر آ گئی اس لئے پھر بغداد میں واپس لا کر قید کر دیئے گئے ۔

مامون اپنے بھائی معتصم کو جو اس کا جانشین ہوا سخت تاکید کر گیا تھا کہ میرے بعد کوشش کر کے اس "مشرکانہ" عقیدے کو مٹا دینا بھائی کی وصیت نیز احمد بن دواد راس الاعتزال کے اثر سے جو یحییٰ بن اکثم کی جگہ قاضی القضاۃ بھی تھا اور وزیر بھی معتصم نے 220 ھ میں مجلس مناظرہ منعقد کی امام احمد بن حنبلؒ پابجولاں لائے گئے خلیفہ اور وزیر دونوں جاہ و جلال کے ساتھ جلوس فرما تھے دیگر علماء معتزلہ بھی جمع تھے قضاۃ فقہا امراء و رؤسا سے دربار بھرا ہوا تھا وہ معتصم کے سامنے بٹھائے گئے ۔

معتصم: قرآن کی بابت کیا کہتے ہو؟

امام احمد: کوئی آیت یا روایت پیش کی جائے اس کے مطابق کہنے کو تیار ہوں

ایک معتزلی: قرآن میں ہے " **ما یاء تیهم من ذکر من ربهم محدث** " کیا محدث مخلوق نہیں ہے؟

امام: قرآن کے لئے الذکر کا لفظ آیا ہے الف لام کے ساتھ اس آیت میں ذکر بغیر الف لام کے ہے اس لئے اس سے قرآن مقصود نہیں

دوسرا معتزلی: قرآن میں ہے " **الله خالق کل شیی ء** " کیا قرآن شی ء نہیں ہے؟

امام: اللہ نے اپنے لئے قرآن میں کئی جگہ نفس کا لفظ استعمال کیا ہے مثلاً " **کتب علی نفسه الرحمة** " پھر فرماتا ہے " **کل نفس ذائقة الموت** ۔ " کیا تمہارے خیال میں نفس الہٰی کے لئے بھی موت ہے؟

تیسرا معتزلی: عمران بن حصینؓ سے روایت ہے کہ ان اللہ خلق الذکر

امام: اس روایت کا صحیح لفظ ہے " **ان الله کتب الذکر** "

چوتھا معتزلی: حضرت ابن مسعود سے مروی ہے " **ما خلق الله من جنة و لا سماء و لا ارض اعظم من اية الکرسی** ۔ "

امام: خلق کا فعل جنت، نار، سماء اور ارض سے متعلق ہے نہ کہ آیۃ الکرسی سے

پانچواں معتزلی: کلام اللہ کو غیر مخلوق کہنے سے اس کی مشابہت اللہ کے ساتھ لازم آتی ہے

امام: اللہ احد ہے صمد ہے نہ کوئی اس کا شبیہہ ہے نہ عدیل ۔

**لیس کمثله شیئی ا**

معتصم: ہاں تم کیا کہتے ہو؟

امام: کوئی آیت یا روایت دیجئے تو اس کے مطابق کہوں ایک معتزلی نے عقلی دلائل پیش کرنے شروع کئے ۔

امام: میں اس کو نہیں جانتا نہ یہ روایت ہے نہ آیت ۔

معتزلی: (خلیفہ سے مخاطب ہو کر) امیر المومنین! جب ان کو کوئی دلیل نظر آتی ہے تو ہمارے اوپر جھپٹ پڑتے ہیں اور جب ہم کچھ کہتے ہیں تو بول اٹھتے ہیں کہ میں اس کو نہیں جانتا۔

احمد بن داؤد: امیر المومنین! یہ گمراہ ہے گمراہ کن ہے اور بدعتی

اس بحث کے بعد قید خانے واپس بھیج دیئے گئے دوسرے دن پھر لائے گئے اور مناظرہ ہوا تیسرے دن جب اہل دربار تھک کر مایوس ہو گئے اس وقت معتصم نے تازیانہ مارنے کا حکم دیا مسعودی کے قول کے مطابق 38 کوڑے لگائے گئے تھے کہ ان کے جسم سے خون جاری ہو گیا اور بے ہوش ہو گئے معتصم نے قید خانے میں بھیج دیا اور ایک طبیب مقرر کر دیا جس کے علاج سے اچھے ہوئے۔ معتصم ان لوگوں کو جو قرآن کو غیر مخلوق کہتے تھے قتل کر دیتا تھا

اس دن بھی جس دن امام کو دربار میں بحث کے لئے طلب کیا تھا دو شخصوں کو اسی جرم میں قتل کر چکا تھا لیکن امام موصوف کے قتل کی جرات اس لئے نہیں کی جس کے حسب ذیل اسباب تھے۔

(1) امام احمد کے ساتھ جمہور کی عقیدت بہت زیادہ تھی اس لئے وہ ڈرا کہ ان کے قتل سے فتنہ عام برپا ہو جائے گا جس کا مٹانا نہایت دشوار ہو گا۔

(2) معتصم خود شجاع تھا اور شجاعت کا قدر دان امام موصوف کے مناظرہ سے ان کے استقلال اور ثبات کا نقش اس کے دل پر بیٹھ گیا جس کی وجہ سے ان کو قتل کرنا گوارا نہ کیا۔

(3) اس نے ان کے بشرہ سے ان کی راست بازی اور خلوص نیت کو دیکھا اور سمجھ گیا کہ وہ صرف اس وجہ سے قرآن کو غیر مخلوق کہتے ہیں کہ مخلوق کہنے کی کوئی دلیل نہیں پاتے۔

آخر کار ان کو چھوڑ دیا اس کے بعد سات سال تک وہ زندہ رہا مگر پھر ان سے کچھ نہیں بولا 227 ھ میں اس کے مرنے پر واثق خلیفہ ہوا وہ بھی خلق قرآن کے عقیدہ کی حمایت کرتا رہا یہاں تک کہ احمد بن نصر کو اس کی مخالفت پر خود اپنے ہاتھ سے قتل کیا لیکن امام احمدؒ سے کبھی کچھ تعرض نہیں کیا۔ جب متوکل خلیفہ ہوا اور اس نے دیکھا کہ اس فضول فتنہ سے نہ خلافت کو کوئی فائدہ ہے نہ امت کو بلکہ دن بدن نفرت کی خلیج وسیع ہوتی جا رہی ہے تو 234 ھ میں تمام صوبوں میں حکم بھیج دیا کہ کوئی قرآن کو مخلوق نہ کہے اس پر سارے ملک میں خوشی منائی گئی اور لوگ جو معتزلہ کی سختیوں سے تنگ تھے خوش ہو گئے بلکہ رائے عامہ ان کے خلاف اس قدر بھڑک اٹھی کہ جمہور نے ان سے انتقام لینا شروع کیا متوکل نے محدثین کی مدارات کے لئے ان کو سامراء میں بلا کر انعامات دیئے اور صفات اور رویت کی احادیث روایت کرنے کی آزادی عطا کی چنانچہ ان کی مجالس میں غیر معمولی مجمع ہونے لگا امام احمد بن حنبلؒ جو اس امتحان میں پورے اتر گئے تھے محدثوں کے سردار مانے گئے یہاں تک کہ یہ اصول مسلم ہو گیا کہ جس کو وہ ثقہ کہہ دیں وہ ثقہ ہے اور جس کو ضعیف کہہ دیں ضعیف۔ لوگ متوکل کے شکریہ کے ساتھ اس کے لئے دعاء خیر کرنے لگے اور اس قدر تعریف کی کہ بعض حنابلہ نے اس بد تدبیر اور عیاش خلیفہ کو جس کے محل میں بقول ابو بکر خوارزمی بارہ ہزار حرم تھیں خلفاء راشدین کے ہم رتبہ قرار دیا۔ حنبلیوں کا زور اس قدر بڑھ گیا کہ انہوں نے بغداد میں احتساب اپنے ہاتھ میں لے لیا معتزلہ خوف سے چھپ گئے اور جماعتی لحاظ سے ان کا وجود ختم ہو گیا۔

## توضیح مسئلہ

خلق قرآن کا فتنہ جس نے نہ صرف امت بلکہ عباسی سلطنت میں تزلزل ڈال دیا تھ محض فلسفیانہ غلو اور قرآن کی ناواقفیت سے پیدا ہوا تھا معتزلہ سمجھتے تھے کہ غیر مخلوق کہہ دینے سے قرآن قدیم ہو جاتا ہے جس سے قدماء کا تعدد لازم آتا ہے اس لئے یہ عقیدہ مشرکانہ ہے لہذا خلیفۂ اسلام کا یہ فرض ہے کہ ایسے عقیدے کو جو توحید کے خلاف ہے قوت سے مٹائے دوسری طرف محدثوں کے پاس بھی غیر مخلوق کہنے کے دلائل اس قدر واضح نہ تھے کہ معتزلہ کی تشفی کر سکتے نتیجہ یہ ہوا کہ تعصب درمیان میں آیا اور معاملہ بہت بڑھ گیا محدثین کے لئے اس کے سوا کیا چارہ تھا کہ آنحضرتؐ کی حدیثیں سنا سنا کر عوام کے ایمان کو جو ایمان کی قوت تھے تازہ رکھیں چنانچہ متعدد حدیثیں اس مضمون کی کہ "القرآن کلام اللہ غیر مخلوق" مختلف پیرایوں میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی گئیں اور وعظ و تذکیر کے ذریعے سے لوگوں میں پھیلائی گئیں لیکن اگر قرآن میں زیادہ غور کیا جاتا تو یہ مسئلہ بالکل واضح ہو جاتا اور روایات کی مطلق ضرورت نہ پڑتی۔

امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے رسالہ رد جہمیہ میں سورہ اعراف کی آیت **الا له الخلق والامر** سے یہ استدلال کیا ہے کہ " خلق اور امر دو مختلف چیزیں ہیں کیونکہ قرآن میں یہ اصول عام ہے کہ جب وہ ایک ہی چیز کا مختلف الفاظ میں ذکر کرتا ہے تو ان کے درمیان فصل کے لئے واؤ نہیں لاتا مثلاً سورہ حشر میں ہے **الملک القدوس السلام المومن المهيمن العزيز الجبار المتكبر** " اور جب دو مختلف چیزیں ہوتی ہیں تو ان کے درمیان واؤ عاطفہ داخل کرتا ہے جیسے سورہ فاطر میں ہے۔

**و ما يستوى الاعمىٰ والبصير ولا الظلمات ولا النور ا ولا الظل ولا الحرور ا وما يستوى الاحياء ولا الاموات .** " سورہ تحریم میں ایک ہی آیت میں دیکھو **ازواجاً خيراً منكن مسلمت مومنات قانتات تائبات عابدات ثيبات و ابكاراً** ا جہاں تک ایک ہی چیز کے مختلف اسماء اور صفات تھے وہاں تک بلا فصل رکھا لیکن ثیبہ اور بکر دو مختلف صفتیں ہیں جن کا باہم اجتماع نہیں ہو سکتا اس لئے ان میں واؤ لا کر فصل کر دیا لہذا خلق کا اطلاق امر پر اور امر کا اطلاق خلق پر نہیں ہو سکتا قرآن امر ہے۔ سورہ طلاق میں ہے۔ **ذالک امرالله انزله اليكم** اس لئے اس کو خلق نہیں کہہ سکتے یہ استدلال ان کا صحیح ہے لیکن عالم امر کی مزید حقیقت ان کے اوپر منکشف نہیں تھی کہ وہ عالم خلق کی طرح حادث ہے اور محدث کا لفظ اس کے لئے بولا جا سکتا ہے اس وجہ سے

معتزلہ کے استدلال ما یاء تیھم من ذکر من ربھم محدث ۔ کا ٹھیک جواب وہ نہ دے سکے۔

اصلیت یہ ہے کہ امر کا لفظ جس طرح قرآن میں جابجا بہت سے معنوں میں مستعمل ہوا ہے اسی طرح اس کی متعدد نوعیتیں بھی قرآن سے ثابت ہوتی ہیں۔

امر تکوینی یعنی اشیا کی تخلیق کا حکم ۔ سورہ یسین میں ہے۔ انما امرہ اذا اراد شیئا ان یقول لہ کن فیکون

اس کا حکم جب وہ کسی شے کی تخلیق کا ارادہ کرتا ہے یہی ہے کہ اس سے کہتا ہے کہ ہو جا وہ ہو جاتی ہے۔

امر تدبیری یعنی عالم خلق کے انتظامی اور تدبیری احکام سورہ یونس میں ہے۔

خلق السموات والارض فی ستۃ ایام ثم استویٰ علی العرش یدبر الامرا

آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں میں پیدا کیا پھر عرش پر براجا تدبیر کرتے ہوئے امر کی۔

آیت زیر بحث " الا لہ الخلق والامر " میں جو امر مذکور ہے وہ تدبیری ہے آسمانوں اور زمین کو پیدا کرنے کے بعد اللہ نے ان کے انتظام کی تدبیر کے لئے اپنے اوامر نافذ فرمائے سورہ حم سجدہ میں تفصیل کے ساتھ بتایا ہے کہ ہم نے دو دن میں زمین پیدا کی پھر دو دن میں پہاڑ اور زمین کے جملہ اندرونی ذخیرے بنائے پھر دونوں دن میں ساتوں آسمان کھڑے گئے اس کے بعد " اوحیٰ فی کل اسماء امرھا " ساتوں بلندیوں میں ان کے تدبیری اور انتظامی اوامر نافذ کئے ایسا ہی ساتوں پستیوں کے متعلق سورہ طلاق میں فرمایا۔

خلق سبع سموات ومن الارض مثلھن ینزل الامر بینھن

سات بلندیاں پیدا کیں اور ویسی ہی سات پستیاں جن میں اوامر اترتے ہیں۔

اس طرح بلندیوں اور پستیوں سب میں اوامر تدبیری نافذ ہیں سورہ سجدہ میں ہے۔

یدبر الامر من السماء الی الارض

وہ امر کی تدبیر کرتا ہے بلندی سے پستی تک۔

اب واضح ہو گیا کہ عالم امر عالم خلق کے بعد ہے جس کی ان آیات کے علاوہ بھی متعدد آیتوں میں تصریح ہے سورہ سجدہ میں ہے

خلق السموات والارض وما بینھما فی ستۃ ایام ثم استویٰ علی العرش

پیدا کیا آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ ان کے درمیان ہے چھ دنوں میں

پھر عرش پر مستولی ہوا۔

عرش اسی کا نام رکھا جہاں سے اوامر تدبیری نافذ ہوتے ہیں اور جن کا نفاذ رحمت کی تجلی سے ہوتا ہے " الرحمن علی العرش استویٰ " اس لئے عرش استواء علی العرش اور تنفیذ اوامر تدبیری سب خلق کے بعد کی چیزیں ہیں اور عالم خلق اور عالم امر دونوں حادثات ہیں اور دونوں کی ہر شے پر محدث کا لفظ بولا جا سکتا ہے۔

اسی امر تدبیری کے ذیل میں امر تشریعی ہے وہ بھی حادث اور محدث ہے بنی اسرائیل کے بارے میں سورہ جاثیہ میں ہے

**وایتنا ھم بینات من الامر**

اور ہم نے کھلی دلیلیں امر (شریعت) کی ان کو دیں

خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی سورہ میں خطاب ہے

**ثم جعلنک علیٰ شریعۃ من الامر**

پھر ہم نے تجھ کو عالم امر سے ایک شریعت پر لگا دیا

وحی اور کلام الٰہی اسی امر تشریعی میں داخل ہے سورہ طلاق میں ہے۔

**ذلک امر اللہ انزلہ الیکم**

یہ امر الٰہی ہے جس کو اس نے تمہاری طرف اتارا

سورہ شوریٰ میں ہے

**وکذالک اوحینا الیک روحاً من امرنا**

ایسا ہی ہم نے تیری طرف اپنے امر کی ایک روح (قرآن) کی وحی کی

اس لئے قرآن جو امر تشریعی ہے حادث اور محدث ہے مگر عالم امر سے ہے عالم خلق سے نہیں ہے لہذا اس کو مخلوق کہنا قرآن کے خلاف ہے

## فنا کے اسباب

معتزلہ کے مٹنے کے اسباب خود ان کے اصول اور اعمال میں غور کرنے سے واضح ہو جاتے ہیں اور وہ حسب ذیل ہیں

1) یہ جماعت دین میں ایمان اور عقلیت (دلائل علمی) دونوں کی راہ سے داخل ہوئی تھی ور اعتزال کے قوام ماہیت میں فلسفہ شامل تھا اس وجہ سے اس کا راستہ امت سے نمایاں طور پر الگ ہو گیا

یمان کے اجزاء:۔ اللہ، رسول، ملائکہ، کتاب، یوم آخر۔

اسلام کے ارکان:۔ کلمہ طیبہ، نماز، روزہ، حج، زکوۃ۔

اعتزال کے عناصر:۔ توحید، عدل، وعدہ وعید، بین بین، امر بالمعروف ۔
یہی وجہ ہے کہ جو پختگی محدثین کے دل میں تھی وہ معتزلہ میں نہیں پیدا ہو سکی ۔

(2) معتزلہ اگرچہ عقلیت پرست تھے اور حدیثوں کے راویوں تابعین عظام بلکہ صحابہ کرام پر بھی بے تحاشا تنقید کرتے تھے مگر عوام کی طرح ان مذہبی جھگڑوں میں بھی حصہ لیتے تھے جو روایتوں سے پیدا ہوئے تھے خاص کر ابو بکرؓ و علیؓ کی بحث میں بصری جماعت کی بڑی تعداد حضرت ابو بکرؓ کو افضل سمجھتی تھی اور بغدادی شاخ تمام تر حضرت علیؓ کو ان کی عقلیت شخصیت پرستی سے ان کو نکال نہیں سکی تھی یہاں تک کہ استبدادی خلافتوں کو بھی صحیح سمجھتے اور ان کے ساتھ موالات رکھتے رہے ۔

(3) قرآن میں وہ تدبر اور تفکر کرتے تھے لیکن اس سے زیادہ تر غرض ہوتی تھی اپنے مخصوص عقائد کی دلیل یا آیات اور معجزات کی تاویل اس لئے قرآن کے پاس بھی نہ پھٹک سکے اور پہلا ہی قدم جو اس میں انہوں نے رکھا غلط پڑا ۔ اس کی توضیح یہ ہے کہ قرآن نے اپنی آیات کو محکمات اور متشابہات میں تقسیم کیا ہے اور متشابہات کے متعلق تصریح کر دی ہے کہ ان کی تاویل اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا ان کو صرف مان لینا چاہیئے جو لوگ علم میں پختہ ہیں ان پر ایمان لاتے ہیں مگر جن کے دلوں میں کجی ہے وہ ان کی تاویلوں کے پیچھے پڑتے اور فتنے برپا کرتے ہیں یہ متشابہات اللہ کی ذات صفات جنت نار اور میزان عمل وغیرہ ہیں جن کا بیان تمثیل و تشبیہہ کے طور پر ہے اور جن کی حقیقت سمجھنے سے انسان اس دنیا میں قاصر ہے معتزلہ نے سب سے پہلے متشابہات ہی کو لیا اور اللہ کی ذات کو صفات سے منزہ ثابت کرنے کی کوشش شروع کی اور اسی کو اپنا اولین اصول " توحید " قرار دیا ۔ نتیجہ یہ ہوا کہ اسی سے خلق قرآن کا مسئلہ نکلا جس سے فتنہ برپا ہو گیا اور آخر اسی فتنے کی موجیں خار و خس کی طرح ان کو بہالے گئیں ۔

(4) غلطی پر غلطی انہوں نے یہ کی کہ اس فلسفیانہ عقیدہ میں عوام کو شریک کرنا چاہا اور اپنی جماعت میں سے ٹولیاں بنا بنا کر اطراف ممالک میں تبلیغ کے لئے بھیجنے لگے اور کوشش شروع کی کہ اعتزال کو حکومت کا رسمی مذہب بنا دیں خلیفہ مامون اور وزیر احمد بن ابی داؤد دونوں ان کے ہم خیال تھے اس وجہ سے کامیابی کی امید بھی قوی تھی ۔

(5) آخر میں سب سے بڑی غلطی یہ کی کہ اس عقیدے کو اپنے حریفوں سے منوانے کے لئے قوت سے کام لیا اور اس عقلیت پرست جماعت نے جس کو وسیع القلب ہونا چاہیئے تھا ایسی تنگ دلی اختیار کی کہ بڑے بڑے محترم بزرگان امت کو سزائیں دلوائیں قید و بند میں ڈالا

اور قتل کرایا آخر مکافات کے اصول نے ان کو جڑ بنیاد سے اکھاڑ پھینکا۔

احمد بن ابی داؤد جو مامون کے زمانے سے واثق کے عہد یعنی 217 ھ سے 222 ھ تک نہ صرف قاضی القضاۃ بلکہ عملاً وزیر بھی تھا اس تمام فتنہ کا بانی تھا 233 ھ میں اس پر فالج گرا متوکل نے اس کی جگہ اس کے بیٹے ابو الولید کو مقرر کیا تھا پھر معزول کر دیا اور دونوں باپ بیٹوں کی ساری ملکیت ضبط کر لی سخت مصیبتیں اٹھا کر نہایت نامرادی کے ساتھ یہ دونوں 239 ھ میں مرے اور امام احمد بن حنبل نے 241 ھ میں جس دن وفات پائی اس دن بغداد میں سارا کاروبار بند ہو گیا ان کے جنازہ میں جس قدر خلقت تھی اس کا شمار تیرہ لاکھ سے زائد تھا اور بالاخانوں اور شہرپناہ کے اوپر مستورات کم سے کم ساٹھ ہزار تھیں۔ حنابلہ کہتے تھے **بیننا و بینکم یوم الجنائز** (ہمارے اور تمہارے درمیان جنازہ کے دن فرق ظاہر ہوتا ہے)۔

## معتزلہ کے بعد

معتزلہ اگرچہ اپنی تباہی کے ذمہ دار آپ ہیں مگر ان کے فنا ہو جانے سے امت کا عقلی اور دینی نقصان ہوا محدثوں نے منقولات سے جو جمود پیدا کیا تھا اس کے مقابلہ میں ان کی عقلیت نے توازن قائم کر رکھا تھا ان کے مٹ جانے سے پھر دینی جمود عود کر آیا اب جو لوگ علوم عقلیہ کو لے کر اٹھے مثلاً فارابی ابن سینا اور ابن رشد وغیرہ وہ محدثین کے سامنے سر نہیں اٹھا سکتے تھے اور اسی کو غنیمت سمجھتے تھے کہ وہ ان کو اپنے افکار میں آزاد رہنے دیں ان کی زندگیوں کا ماحصل فلسفہ تھا اور معتزلہ دین کو ہر شے پر مقدم رکھتے تھے اس لئے یہ لوگ ان کی جگہ پر نہ کر سکے اور متکلمین نے تو شروع ہی سے علم کلام کی بنیاد اہل سنت کے عقائد پر رکھی اور دینی لحاظ سے ہمیشہ محدثوں کے تابع رہے

# مرجیہ

عہد صحابہؓ میں جب فتنہ برپا ہوا اور مصریوں اور عراقیوں نے آکر مدینے میں حضرت عثمانؓ کو قتل کر ڈالا اور حضرت علیؓ کے ہاتھ پر بیعت کر لی اس وقت امت میں دو مختلف الخیال جماعتیں ہو گئیں جن کو سیاسی فرقے کہنا زیادہ صحیح ہے مگر اس زمانہ میں جذبہ دینی اس قدر قوی تھا کہ ہر اختلاف دینی اختلاف بن جاتا تھا چنانچہ شیعہ علیؓ اور شیعہ عثمانؓ کے دو متحارب گروہ ہو گئے۔

حضرت علیؓ کو پہلے بصرہ میں اصحاب جمل سے لڑنا پڑا پھر معاویہؓ سے صفین کے میدان میں اسی میں تحکیم کے موقع پر خود ان کے مخلص حامیوں میں سے ایک جماعت ان سے منحرف ہو گئی یعنی خوارج اور ان کو اور ان کے شیعہ کو کافر کہنے لگے نہروان میں ان کے ساتھ مقابلہ پیش آیا ان مخالفتوں سے شیعہ خلفاء ثلاثہ بلکہ سوائے چند کے جملہ صحابہ کو خوارج حضرت علیؓ اور ان کے شیعہ کو اور دونوں گروہ بنی امیہ کو کافر کہنے لگے ہر فریق صرف اپنے کو حق پرست اور دوسروں کو باطل پرست سمجھتا تھا۔

اس باہمی مخالفت اور تکفیر کو امت کے ارباب بصیرت اور حقیقت شناس لوگوں نے نفرت کی نظر سے دیکھا وہ خلفاء ثلاثہ کی تکفیر کیسے سن سکتے تھے جن کے ایمان اور اسلامی کارنامے سورج سے بھی زیادہ روشن تھے نہ صحابہ کرام خاص کر ام المومنین حضرت عائشہؓ اور طلحہؓ و زبیرؓ نیز امیر معاویہؓ کے ایمانوں میں شک کر سکتے تھے نہ خوارج اور شیعہ کو جو اللہ و رسول پر ایمان رکھتے تھے اسلام سے خارج کر سکتے تھے اور نہ بنی امیہ کو جو امت اسلامیہ کا علم اپنے کندھوں پر سنبھالے ہوئے تھے باطل پرست کہہ سکتے تھے اس لئے انہوں نے سب کو مسلمان قرار دیا اور ان کے اعمال کے محاسبہ کو حشر کے دن پر مؤخر کر کے اللہ کے حوالے کیا ارجاء کے معنی تاخیر کے ہیں اسی وجہ سے یہ مذہب ارجاء کے نام سے موسوم ہوا اور اس کے پیرو مرجیہ کہلائے۔

صحابہ کبار میں بھی بعض حضرات مثلاً عبداللہ ابن عمرؓ سعد بن ابی وقاصؓ اور عمران بن حصینؓ وغیرہ ہم کو نظر آتے ہیں جو نہ صرف ان فتنوں سے خود کنارہ کش رہے بلکہ لوگوں کو تلقین کرتے رہے کہ ان سے الگ تھلگ رہیں یہی وہ نمونہ تھا جس پر مرجیہ کی جماعت

قائم ہوئی۔

## بنیادی بحث

خارجیوں نے "لا حکم الا اللہ" کا نعرہ لگا کر اپنے سوا جملہ مسلمانوں کو جو حکومت کے لئے تلوار نہ اٹھائیں یا گناہ کبیرہ کے مرتکب ہوں کافر کہا معتزلہ نے بھی مرتکب گناہ کبیرہ کو اگر کافر نہیں تو فاسق ٹھہرایا شیعہ نے امام کی معرفت اور اس کی اطاعت کو ایمان کا جزو بنا دیا اس لئے ان کے نزدیک ائمہ اہل بیت پر ایمان لانے بغیر کوئی مسلمان ہی نہیں ہو سکتا تھا۔ مرجیہ نے ان تمام باتوں کو غلو قرار دیا انہوں نے ایمان کی بنیاد صرف "لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ" پر رکھی اور اعمال کو اس سے خارج کر دیا ان کے نزدیک ہر وہ شخص جو کلمہ گو ہے مسلمان ہے خواہ نیکوکار ہو خواہ گنہگار اعمال کا محاسبہ قیامت کے دن اللہ کے ذمہ ہے انہوں نے خارجی، شیعہ، اور بنی امیہ سب ہی کو مسلمان تسلیم کیا اور کسی کی تکفیر کر کے اس کو امت سے نکال دینا روا نہ رکھا۔ یہاں تک کہ بعض مرجیئہ نے اس سے بھی آگے قدم بڑھایا اور کہہ دیا کہ دل سے ایمان لانے کے بعد کوئی زبان سے خواہ یہودی ہو جائے یا عیسائی بت پرستی کرے یا صلیب پوجے اور اسی پر مر جائے تب بھی اس کا حشر مسلمانوں ہی کے ساتھ ہو گا۔ الغرض دوسرے فرقوں نے ایمان اور اسلام کے دائرہ کو جس قدر تنگ کر دیا تھا مرجیئہ نے اسی قدر اس کو وسیع کر دیا انہوں نے امت پر رحمت اور شفقت کی نظر ڈالی اور آپس میں لڑ لڑ کر فنا ہو جانے سے اس کو بچانے کی کوشش کی۔

مرجیئہ میں بھی دو فریق تھے ایک صرف دلی تصدیق کو ایمان قرار دیتا تھا دوسرا تصدیق بالجنان کے ساتھ اقرار باللسان کو بھی جزو سمجھتا تھا مگر عمل بالارکان دونوں کے نزدیک ایمان سے خارج تھا۔ یہ مسئلہ بساط بحث پر آیا اور معتزلہ اور خوارج نے جو اعمال کو اجزاء ایمانی شمار کرتے تھے سختی کے ساتھ مخالفت کی فریقین نے اپنے اپنے دعوے پر آیات و روایات سے استدلال کیا۔ میں یہاں ان کو چھیڑوں تو اپنے موضوع سے باہر نکل جاؤں گا اگر کوئی اس بحث کو دیکھنا چاہے تو امام ابو الحسن اشعری کی مقالات الاسلامیین کا مطالعہ کرے۔

تحدید ایمان کے بعد اس سے دوسرے مسائل بھی پیدا ہوئے مثلاً وہ گھٹتا بڑھتا ہے یا نہیں اعمال کو خارج کر دینے کے بعد مرجیئہ عام طور پر اسی کے قائل ہوئے کہ ایمان میں کمی اور زیادتی نہیں ہوتی۔ مرتکب کبیرہ کو خارجی اور معتزلی ابدی جہنمی سمجھتے تھے مرجیئہ نے اس سے انکار کیا وہ بڑے سے بڑے گنہگار کو بھی کافروں کی طرح مخلد فی النار نہیں قرار دیتے بلکہ اس کی بخشش کی امید رکھتے ہیں۔

متکلمین نے اس عقیدے کی اہمیت کا پورا اندازہ کیا لیکن ان کے دل میں یہ بات کھٹکتی تھی کہ اس سے اعمال شرعیہ کی حیثیت کم ہو جائے گی اور عوام جب سن پائیں گے کہ بلا عمل کے بھی نجات کی امید ہے تو اسی پر بھروسہ کر کے سستی کرنے لگیں گے اگرچہ خواص کو اس سے ضرر نہیں کیونکہ وہ جانتے ہیں کہ یہ شرعی فرائض ہیں جن کے اوپر سخت محاسبہ ہو گا۔ مگر مشکل یہ تھی کہ اس کے سوا کوئی دوسرا راستہ نہ تھا اس وجہ سے سورہ زمر کی آیت

**قل یا عبادی الذین اسرفوا علی انفسھم لا تقنطوا من رحمة الله ا ان الله یغفرالذنوب جمیعاا انه ھوالغفور الرحیم ا**

کہدے کہ اے میرے بندو جنہوں نے اپنے اوپر (گناہ کر کے) زیادتی کی ہے اللہ کی رحمت سے ناامید نہ ہو وہ سارے گناہوں کو بخش دے گا بیشک وہ بخشنے والا مہربان ہے۔

کا سہارا لے کر اسی راہ پر چل پڑے لیکن جو اندیشہ تھا وہ صحیح نکلا یعنی امت سے ذوق عمل جاتا رہا اور جب عمل نہیں تو نجات کہاں سورہ اعراف میں ہے۔

**و نودو ان تلکم الجنة اورثتموھا بماکنتم تعملون**

اور ان سے پکار کر کہہ دیا جائے گا کہ یہ جنت ہے جس کے تم وارث بنائے گئے ہو اپنے اعمال کے بدلے میں۔

دراصل دین کا مقصود عمل ہی ہے خود ایمان بھی عمل ہے اعمال قلوب میں سے زیادہ قریب الفہم الفاظ میں اس طرح کہا جا سکتا ہے کہ ایمان اساس ہے جس پر تعمیر عمل صالح سے ہوتی ہے اگر عمارت نہ ہو تو خالی بنیاد کیا کام دے سکتی ہے۔

مگر امت کی بے عملی کی علت محض ارجاء نہیں ہے بلکہ لا مرکزیت اور مذہبی انفرادیت کو بھی اس میں دخل ہے مرکز نہ ہونے کی وجہ سے اجتماعی عمل مفقود ہوا اور جب کوئی قوت مطالبہ کرنے والی نہیں رہی تو انفرادی عمل بھی رضاکارانہ رہ گیا۔

اس مذہبی انفرادیت میں بہت سے لوگوں نے جب ظاہری مہمات ملت کو سلاطین و امراء کے ہاتھوں میں دیکھا اور اپنے اوپر ان کے دروازے بند پائے تو باطن کی طرف رخ کیا اور درود و وظیفہ اور ذکر و فکر سے اس کے تزکیہ میں مصروف ہو گئے اسی راہ میں آگے بڑھ کر عجمی تصوف سے دلچسپی ہوئی جس کا اثر رفتہ رفتہ ملت کے بڑے حصہ پر چھا گیا گوشہ نشینی اور عزلت گزینی نے خانقاہی ذہنیت پیدا کی جس سے عملی قوت اور بھی مسلوب ہو گئی اور رضائے الہیٰ اور حصول جنت کا مدار صرف چند انفرادی اعمال پر رکھ لیا گیا۔ (1)

### مرجیۂ اور سیاست

مرجیۂ صلح پسند جماعت تھی کسی مسلم کو نہ کافر قرار دیتی تھی نہ کسی پر تلوار اٹھانا جائز سمجھتی تھی اس وجہ سے غیر ارادی طور پر وہ سیاست کی خدمت گزار تھی عہد صحابہ و نیز اس کے بعد کے متحارب فریقوں کے متعلق اس کا قول یہ تھا کہ دونوں میں سے کسی ایک نے اجتہاد میں غلطی کھائی جس کی تنقیح ہمارے ذمہ نہیں ہے ہر فریق اپنے وجوہ رکھتا تھا جن کو وہ اللہ کے سامنے پیش کرے گا وہاں فیصلہ ہو گا۔

خلفاء بنی امیہ کو مومن اور ان کے ساتھ تعاون کو صحیح سمجھتے تھے یہی وجہ تھی کہ ان کی طرف سے کبھی کوئی گرفت نہیں ہوئی عباسیہ کے ساتھ بھی ان کا رویہ یہی رہا مامون الرشید کہا کرتا تھا کہ " الارجاء دین الملوک " یعنی ارجاء بادشاہوں کا مذہب ہے غالباً اس کا مقصد یہ تھا کہ بادشاہوں کو ایسا صلح کل مذہب پسند ہے اس لئے یہ جماعت پھیلی مجھے ان مورخوں کے بیان پر تعجب ہے جو کہتے ہیں کہ مرجیۂ بالآخر ختم ہو گئے حالانکہ وہ ختم نہیں ہوئے بلکہ جملہ اہل سنت نے ان کے اکثر عقائد قبول کر لئے اس لئے یہ کہنا زیادہ صحیح ہے کہ امت نے ان کو اپنے اندر جذب کر لیا اور اس نام سے کوئی مخصوص فرقہ باقی نہیں رہا۔

### امام ابو حنیفہؒ

امام ابو الحسن اشعریؒ نیز شیخ عبدالقادر جیلانیؒ وغیرہ متعدد بزرگوں نے لکھا ہے کہ امام ابو حنیفہ اور ان کے اصحاب مرجیۂ تھے لیکن اس الزام سے امام موصوف اور ان کے اصحاب کو ضرر کیا ہے وہ یہی تو کہتے تھے " لا نکفر اہل القبلہ " یعنی ہم کسی قبلہ رخ ہونے والے مسلمان کو کافر نہیں کہتے علماء اہل سنت میں سے کون صاحب بصیرت ایسا ہے جو اس سے انکار کر سکے ہاں ایمان کے نہ گھٹنے اور بڑھنے کا مسئلہ جو مذہب ارجاء نے پیدا کیا تھا اس کی نسبت جو ائمہ حنفیہ کی طرف کی جاتی ہے وہ مزید ثبوت کی محتاج ہے کم از کم امام اعظم کے متعلق میں اس قول کو صحیح نہیں سمجھتا کیونکہ آیات میں جابجا ایمان کی کمی اور زیادتی کا ذکر ہے اور امام ابو حنیفہؒ سے بڑھ کر کون قرآن کا راز داں ہو گا۔

# علوم اسلامیہ

میں یہ پہلے لکھ چکا ہوں کہ خلفاء راشدین میں امت کی سیاسی مرکزیت بھی تھی اور دینی مرکزیت بھی ہر قسم کے اجتماعی مقاصد کی تشکیل وہی کرتے تھے اور جملہ دینی مہمات انہیں کے یہاں طے کئے جاتے تھے اس وجہ سے امت میں نہ سیاسی تفریق تھی نہ مذہبی لیکن ان کے بعد خلفاء بنی امیہ نے ملک فوج خزانہ پر قبضہ کر کے سیاسی باگ ڈور اپنے ہاتھوں میں رکھی اور دینی قیادت چھوڑ دی جو علماء کے ہاتھوں میں آگئی ہر مقام کے اہل علم وہاں کے لوگوں کی رہنمائی کرنے لگے ان میں اختلافات واقع ہونے شروع ہوئے جن کے فیصلے کے لیے کوئی مرکز نہ تھا اس لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات مرکز بنائی گئی اور ہر مسئلہ اور ہر اجتہاد کی تائید کے لئے روایت کا سلسلہ نکالا گیا۔

بنی امیہ کے زمانے میں قرب عہد صحابہ اور سادہ زندگی ہونے کے باعث اختلافات بھی کم تھے اور روایتیں بھی کم تھیں لیکن عہد عباسی میں جب علوم دخیلہ حربی میں منتقل ہوئے عجمی اقوام سے اختلاط ہوا اور مختلف اہل مذاہب سے واسطہ پڑا اس وقت بہت سے جدید مسائل اور معاملات سامنے آئے اور روایات نے بڑھتے بڑھتے ایک باقاعدہ فن کی صورت اختیار کر لی اور سینکڑوں بلکہ ہزاروں آدمیوں نے یہی پیشہ اختیار کر لیا چونکہ روایت کے لیے کسی قابلیت یا معیار علم کی شرط نہیں تھی اس وجہ سے ہر شخص جس میں ذرا بھی دین داری ہوتی اس میں حصہ لے کر دینی بزرگی اور دنیاوی عزت حاصل کرتا۔

قرآن کو خلفاء بنی امیہ (بجز حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ) اور خلفاء بنی عباس نے جو دراصل مستبد سلاطین تھے اپنی مخصوص سیاست سے متروک کر رکھا تھا اب ان راویوں نے دینی حیثیت سے بھی اس کو روایتوں کے اندر دفن کر دیا اس کی تشریح و تفسیر بھی اسی سے کرنے لگے اور حدیث کا تسلط یہاں تک بڑھ گیا کہ امام اوزاعی متوفی 157 ھ نے کہا کہ قرآن اس سے زیادہ حدیثوں کا محتاج ہے جس قدر حدیثیں قرآن کی اور امام یحییٰ بن کثیر نے کہا کہ حدیث قرآن پر قاضی ہے قرآن حدیث پر قاضی نہیں ہے روایتوں سے قرآن کے عام کو خاص خاص کو عام مقید کو مطلق اور مطلق کو مقید بلکہ اس پر اضافے بھی کرنے لگے نیز بعض ائمہ فقہ نے روایات سے آیات کو اصولاً منسوخ کرنے کا فتویٰ دے دیا اس طرح پر قرآن کے

استقلال کو مٹا کر اس کو حدیثوں کا ماتحت بنا دیا جس کی بدولت دین خالص قرآنی نہیں رہا بلکہ روایتی ہو گیا اور اس میں سینکڑوں باتیں ایسی داخل ہو گئیں جن کا نام و نشان بھی قرآن میں نہیں ہے۔

روایات کے اختلافات کے باعث امت میں دینی لحاظ سے انتشار پیدا ہوا جو برابر بڑھتا گیا علوم اسلامیہ جس سے میری مراد تفسیر حدیث اور فقہ ہیں اس کا مظہر بن گئے مختلف قسم کی جماعتیں پیدا ہو گئیں جو اپنے خیالات و عقائد کے ماتحت نئے نئے اسلوب سے آیات کی تاویلیں کرنے لگے اور روایات میں بھی وضع اور کذب سے کام لینے لگے ان کے علاوہ سیاسی فرقے آیتوں کی تشریح اور حدیثوں کی روایت اپنے مقاصد اور اغراض کے مطابق کرتے تھے اور ان کے اوپر کوئی احتساب نہ تھا اس وجہ سے حدیث کا بڑا حصہ نہ صرف غلط بلکہ امت کے لئے مضر ہو گیا۔ انہیں روایات سے قرآن کی تفسیریں کی گئیں جو جانچنے کے بعد عام طور پر ضعیف بلکہ موزوں نکلیں پھر انہیں دونوں سے فقہ مرتب ہوئی جو اختلافات روایات و تاویلات کے باعث ایک نہیں بلکہ کئی ایک ہو گئی۔ ان علوم میں سے تفسیر و حدیث کے متعلق میں الگ الگ بسوط مقالے لکھ چکا ہوں جو ادارہ طلوع اسلام دہلی سے شائع ہو چکے ہیں اس لئے ان کو یہاں دہرانا پسند نہیں کرتا ہاں فقہ کے بارے میں اب تک کچھ نہیں لکھا ہے لہذا اس پر ایک سرسری تنقیدی نگاہ ڈالنا ضروری سمجھتا ہوں۔

## فقہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نبوت کے بعد تیرہ سال مکہ مکرمہ میں گزارے پھر ہجرت کر کے مدینہ منورہ میں تشریف لے گئے اور دس سال وہاں رہے مکہ میں جیسا کہ میں پہلے لکھ چکا ہوں توحید کی دعوت مکارم اخلاق کی تعلیم شرک و کفر کی تردید وغیرہ کی آیتیں نازل ہوتی رہیں شرعی مسائل نہیں تلقین کئے گئے بعض امور مثلاً نماز اور زکوۃ وغیرہ کے احکام بھی اترے تو ان کی اس قدر تفصیل نہیں کی گئی جس قدر مدینے میں آکر ہوئی وجہ ظاہر ہے کہ قوانین کی احتیاج اس وقت ہوتی ہے جب جماعت بن جائے مدینے میں آکر مسلمانوں کی اجتماعی زندگی شروع ہوئی اس لئے ضوابط کی ضرورت پڑی جن کی اصولی تعلیم قرآن میں دی گئی۔ یہ قانونی یا فقہا کی زبان میں احکامی آیتیں زیادہ نہیں ہیں قرآن کی کم و بیش چھ ہزار آیتوں میں سے صرف دو سو آیتیں تشریعی ہیں بعض لوگوں نے یہ تعداد بڑھا کر پانچ سو تک پہنچا دی ہے مگر یہ حقیقت ہے کہ انہوں نے بہت سی آیات کو احکامی قرار دینے میں غلو سے کام لیا ہے۔

اکثر یہ آیتیں ضرورت پیش آنے پر اترتی تھیں رسول اللہ ان کی رو سے احکام دیتے یا فیصلے کرتے تھے بعض آیات میں جزوی احکام بھی ہیں مگر زیادہ تر ایسی ہیں جو اصول کا حکم رکھتی ہیں جن کی تفصیل یا تشکیل آنحضرت اپنے قول یا عمل سے کرتے تھے مثلاً نماز کا حکم قرآن میں ہے، لیکن اس کی عملی شکل رکعتوں کی تعداد اوقات کی تعیین رسول اللہ نے فرمائی اسی طرح زکوٰۃ کا حکم مطلق ہے یہ اس کا نصاب اس کی مقدار اور ادائیگی کی مدت حضور نے معین کی یہی صورت روزہ حج نکاح وغیرہ کے احکام کی ہے اس طرح امت کے پاس شریعت کے لئے دو چیزیں ہو گئیں احکامی آیات اور رسول اللہ کی استنباطات جن کو فقہ کی اصطلاح میں کتاب و سنت کہتے ہیں۔ (1)

ظاہر ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں ہر قسم کی ضروریات نہ پیش آ سکتی تھیں نہ ان کے لئے احکام دیئے جا سکتے تھے اس لئے کتاب و سنت کو اصل قرار دے کر آئندہ کے لئے اجتہاد کا دروازہ کھول دیا گیا کہ اگر ان دونوں میں کسی پیش آنے والی ضرورت کے بارے میں حکم نہ ملے تو خلیفہ یا امیر کو اہل علم کے مشورے سے غور و فکر کے بعد نظائر پر قیاس کر کے اپنی عقل سے حکم نکالنا چاہیئے اس لئے تشریع میں تیسری چیز قیاس یا رائے ہوئی اجماع اکثریت کے اتفاق آراء کا نام ہے وہ رائے سے الگ کوئی چیز نہیں ہے۔

## فقہ صحابہ

رائے کا استعمال نہ صرف ضرورتاً بلکہ عقلاً ناگزیر ہے کیونکہ قرآن کا خطاب انسانی عقل سے ہے چنانچہ آنحضرتؐ کے بعد ہی صحابہ کرامؓ کے سامنے خلافت کا اہم مسئلہ پیش آیا جس کے بارے میں نہ کوئی تصریح کتاب میں تھی نہ سنت میں اس وقت انہوں نے رائے سے کام لیا اور معاملے کو اپنی عقل سے سلجھایا سقیفہ بنی ساعدہ ان کے استعمال رائے کا سب سے پہلا مظہر تھا اس کے بعد مرتدین عرب سے جہاد کا فیصلہ بھی رائے ہی سے کیا پھر مہاجرین و انصار کے وظائف کا معاملہ پیش ہوا اس میں بھی اختلاف رائے ہوا صدیق اکبرؓ مساوات چاہیئے تھے حضرت عمرؓ کہتے تھے کہ جن لوگوں نے نبیؐ اور اسلام کی خاطر گھر بار چھوڑا ان کو زیادہ ملنا چاہیئے انہوں نے فرمایا کہ ان کا عمل اللہ کے لئے تھا جس کا اجر آخرت میں ملے گا دنیاوی گزارے میں امتیاز قائم کرنے کی کیا ضرورت ہے چنانچہ انہوں نے سب کا وظیفہ مساوی رکھا حضرت عمرؓ نے اپنے عہد میں طبقات کے لحاظ سے تقسیم کی پھر حضرت علیؓ نے خلیفہ ہونے کے بعد اس تفریق کو مٹا دیا۔

خلفاء راشدین میں سے حضرت عمرؓ کے تفقہ میں رائے کا استعمال بہت نمایاں ہے وہ

غیر مصرح احکام کے استنباط میں علماء صحابہ سے مشورے بھی لیتے اور بحثیں بھی کرتے تھے صوبوں سے جو سوالات آتے ان میں بھی لوگوں سے استفسار کرتے اور بعض کا جواب مہینوں کی بحث و تحیص کے بعد دیتے ۔ یمن کے والی نے ایک مقتول کے مقدمے میں جس کو دو شخصوں نے مل کر قتل کیا تھا ان کو لکھا کہ دونوں سے قصاص لیا جائے یا صرف ایک سے؟ وہ جواب میں متردد تھے حضرت علی نے کہا کہ فرض کیجئے کہ چند آدمیوں نے مل کر ایک اونٹ چرایا اور اس کے ٹکڑے ٹکڑے کاٹ کر بانٹ لئے کیا آپ ان سب کے ہاتھ نہیں کاٹیں گے؟ حضرت عمر نے فرمایا کہ کیوں نہیں بولے کہ بس یہی صورت یہاں ہے دونوں قتل میں شریک ہیں دونوں قصاص کے سزاوار اب انہوں نے والی کو لکھا کہ دونوں کو قتل کر دو بلکہ اگر صنعاء کے کل باشندے اس قتل میں شریک ہوتے تو میں سب سے قصاص لینے کا حکم دیتا۔ اسی طرح شراب خوری کی سزا جو کتاب میں ہے نہ سنت میں جب متعین کرنی چاہی تو حضرت علی نے رائے دی کہ اس پر مفتری کی حد جو قرآن میں 80 کوڑے ہے قائم کرنی چاہیئے کیونکہ مدہوش ہذیان بکتا ہے اور ہذیان میں افترا بھی ہوتا ہے حضرت عمرؓ نے اس توجیہہ کو پسند کیا اور یہی حد مقرر کر دی ۔

وہ تفقہ میں علت حکم کی مصلحت کو بنیادی شے قرار دیتے تھے اور تفریع میں اسی کا لحاظ رکھتے تھے قرآن نے صدقات میں سے ایک حصہ مؤلفۃ القلوب کا بھی رکھا ہے اب یہ دیکھنا کہ تالیف قلب کا صیغہ کہاں اور کب تک مناسب ہے مرکز کے اختیار تمیزی پر ہے رسول اللہؐ نے اقرع بن حابس اور عیینہ بن حصن کو جو امراء قبائل تھے ایک بار تالیف قلب کے لئے سو سو اونٹ دیئے تھے پھر خلیفۂ اول کے عہد میں بھی ان دونوں نے آکر کچھ زمینیں طلب کیں انہوں نے ان کے نام لکھ دیں حضرت عمرؓ نے اپنے زمانہ میں اس اراضی کو واپس لے لیا اور فرمایا کہ اللہ نے اسلام کو قوت دے کر اب تمہاری مدد سے اس کو بے نیاز کر دیا ہے وہ زمین ان کے حقداروں کو دی جائے گی اور تم نہ مانو گے تو تلوار سے فیصلہ ہوگا ۔

اسی طرح قرآن نے حکم دیا ہے کہ چور کے ہاتھ کاٹ ڈالے جائیں لیکن چور کا اطلاق کس کے اوپر ہوتا ہے اس کی تعیین قانون ساز جماعت پر چھوڑ دی ہے چنانچہ حضرت عمرؓ نے قحط سالی میں ان لوگوں کو جو بھوک سے مجبور ہو کر کھانے کے لئے کوئی چیز چرا لیتے تھے قطع ید کی سزا نہیں دی کیونکہ ان کی رائے میں وہ چور نہیں تھے ایک بار حضرت حاطب بن ابی بلتعہ کے غلاموں نے مزینہ کے ایک شخص کا اونٹ چرا کر کھا لیا جب حضرت عمرؓ کے سامنے پیش کئے گئے تو اعتراف کیا مگر علت وہی بھوک تھی اس لئے ان کے ہاتھ نہیں کاٹے بلکہ

حاطب کے بیٹے عبدالرحمن کو بلا کر کہا کہ مجھے معلوم ہوا کہ تم لوگ ان غلاموں سے کام لیتے ہو اور کھانے کو نہیں دیتے ہو اگر یہ شکایت آئندہ میرے پاس آئی تو میں تم کو ایسی سزا دوں گا کہ یاد رکھو گے۔

رائے کی اہمیت

یہ مثالیں میں نے اس لئے بیان کیں کہ معلوم ہو جائے کہ خلفائے راشدین رائے کا استعمال کہاں اور کس طرح کرتے تھے اور ان کے نزدیک اس کی کس قدر اہمیت تھی وہ خود سوچتے ۔ دوسروں سے مشورے لیتے اور بحثیں بھی کرتے تھے چونکہ ہمارے عقیدے میں یہ حضرات معصوم نہ تھے اس وجہ سے بعض بعض مسائل میں ہم کو ان کی غلطیاں بھی نظر آتی ہیں مثلاً حضرت عمرؓ نے وراثت میں عول کا قاعدہ جاری کیا جب ان کے سامنے فرائض کے ایسے مسائل پیش ہوئے جن میں مخرج ورثہ کے سہام معنیہ سے کم تھا تو انہوں نے حضرت زید بن ثابت سے جو صحابہ میں فن وراثت کے سب سے بڑے ماہر تھے مشورہ کیا بالآخر اس کے سوا چارہ نظر نہ آیا کہ مخرج کو بڑھا کر کمی جملہ ورثہ پر ڈال دی جائے اسی کو عول کہتے ہیں اس کی مثال یہ ہے۔

زینب مسئلہ 6 ۔ عول ۔1

شوہر3 ۔ ماں1 ۔ دو حقیقی بہنیں 4 ۔ دو اخیافی بہنیں 2

فقہا کے نزدیک اس صورت میں قرآن کی رو سے شوہر کا حصہ نصف ہے ماں کا سدس دو حقیقی بہنوں کا دو ثلث اور دو اخیافی بہنوں کا ایک ثلث اس لئے مسئلہ 6 سے ہوا لیکن جب اس کو حصہ داروں میں تقسیم کیا تو مجموعہ 10 ہو گیا اب ہر ایک وارث کو 6 میں سے جس قدر ملنا چاہیئے تھا دس میں سے ملا اس طرح کمی تو برنہ رسدی سے سب کے حصہ میں آ گئی مگر ہو گئی قرآن کی مخالفت ۔ حضرت عبداللہ بن عباسؓ نے یہ سوچ کر کیا قرآن کا اتارنے والا پروردگار (نعوذ باللہ) حساب سے ناواقف ہے آیات وراثت میں زیادہ غور کیا تو اصل حقیقت ان کے اوپر ظاہر ہو گئی کہ دو مختلف تقسیمیں ہیں جن کو ایک کر دینے سے یہ خرابی پیدا ہوئی ہے ورنہ عول قرآن کے بالکل خلاف ہے یہاں تک کہ وہ اس پر مباہلہ کرنے کے لئے تیار ہو گئے زفر بن حارث نے ان سے کہا کہ جب مسئلہ آپ کی سمجھ میں آگیا تو آپ نے حضرت عمرؓ کو سمجھانے کی کوشش کیوں نہیں کی بولے کہ ان کے رعب سے میں کچھ نہ کہہ سکا۔
کاش انہوں نے سمجھایا ہوتا ممکن تھا کہ حضرت عمر مان جاتے پھر نہ فقہ کے ائمہ

اربعہ اس کو اختیار کرتے نہ آج تک یہ امت میں چلا آتا اسی طرح جد کی توریث میں بھی وہ کسی نتیجہ پر نہیں پہنچ سکے بلکہ حافظ ابن حجر کے بیان کے مطابق زندگی بھر اس میں مختلف فیصلے کرتے رہے بعض روایات سے جو میرے نزدیک مشتبہ ہیں یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عمرؓ نے تین طلاقوں کو جو بیک وقت دی جائیں طلاق بائنہ قرار دیا یہ بھی قرآن کے خلاف ہے۔

لیکن یہ غلطیاں اجتہادی ہیں جن سے کوئی مجتہد بچ نہیں سکتا بیشک بعد والوں کا فریضہ تھا کہ تصحیح کرتے مگر انہوں نے تنقیدی نظر ڈالنے کی ہمت نہیں کی حالانکہ قرآن کا ایک حرف بھی اپنی جگہ قائم کرنا سب سے بڑی دماغی نعمت اور حق کی عبادت ہے اجتہاد اور تفریع مسائل میں صحابہ کرام میں حضرت علیؓ زید بن ثابتؓ ابو موسیٰ اشعریؓ ابی بن کعبؓ اور معاذ بن جبلؓ وغیرہ خصوصیت کے ساتھ ممتاز تھے عہد فاروقی میں فتوحات کا دائرہ وسیع ہو جانے کی وجہ سے سینکڑوں قسم کے جدید مہمات مسائل پیش آئے جن میں یہ حضرات خلیفہ کے اجتہاد میں مدد دیتے تھے یہ طرز عمل صالح تخم تھا جس سے آئندہ قانون ساز جماعت بن جاتی اگر استبداد نہ مسلط ہو جاتا حضرت عمرؓ نہ صرف شرعی بلکہ اقتصادی اور عمرانی امور میں بھی رائے سے کام لیتے تھے انہیں کے شیدائی اور شاگرد خاص حضرت عبداللہ بن مسعودؓ تھے جو عراق کے دینی معلم تھے یہی وجہ ہوئی کہ وہاں کے فقہا جن کی امامت ابو حنیفہؒ پر منتہی ہوئی اصحاب رائے کہے گئے ابو حنیفہ حماد کے شاگرد تھے اور حماد ابراہیم نخعی کے نخعی نے علقمہ سے اخذ کیا جو ابن مسعودؓ کے تلمیذ خاص تھے۔

**مذاہب اربعہ**

فقہ میں اہل سنت کے گو چار مذاہب مشہور ہیں حنفی شافعی مالکی اور حنبلی لیکن علمی لحاظ سے نظر ڈالی جائے تو واضح ہو جاتا ہے کہ صرف دو ہی مذاہب ہیں اصحاب رائے و اصحاب حدیث جہاں تک میری سمجھ میں آسکا ہے اس کی تفصیل یہ ہے کہ خلافت راشدہ کے بعد جب دینی لامرکزیت پیدا ہو گئی اس وقت مدینہ میں محتاط جماعت کی ایک جماعت صرف حدیثوں پر عمل کرنے لگی اکثر تابعین بھی اسی خیال کے ہوتے ان کو جس مسئلہ میں کوئی آیت یا روایت نہ ملتی خاموش رہتے اور رائے کو مکروہ سمجھتے سالم بن عبداللہ بن عمر سے کسی نے ایک مسئلہ پوچھا فرمایا کہ اس بارے میں مجھے کوئی حدیث نہیں پہنچی ہے اس نے کہا اپنی رائے سے جواب دے دیجئے بولے کہ ممکن ہے کل وہ رائے بدل جائے پھر میں تم کو کہاں ڈھونڈھتا پھروں گا۔ اسی طرح امام احمد بن حنبلؒ سے ان کے بیٹے عبداللہ نے دریافت کیا کہ

اگر کوئی شخص کسی جگہ ہو جہاں اصحاب رائے ہوں لیکن ایسا محدث نہ ہو جو رطب و یابس مین تمیز کر سکتا ہو تو کیا کرے بولے کہ محدث ہی سے پوچھے اور اصحاب رائے کے پاس نہ جائے ضعیف حدیث بھی رائے سے بہتر ہے۔ اس طرح یہ لوگ رائے سے تو بچ رہے لیکن ضرورتوں کو کیسے روکتے اس کا بلا ارادہ نتیجہ یہ ہوا کہ حدیثیں بنائی گئیں اور اس کثرت سے کہ پھر رائے کی حاجت کم رہ گئی۔

مدینہ کے امام مالک بن انس تھے ان کے شاگرد تھے شافعی اور شافعی سے احمد بن حنبلؒ نے اخذ کیا اس طرح یہ تینوں مذاہب تھوڑے تھوڑے فرق کے ساتھ ایک ہی سلسلہ کی کڑیاں ہیں امام مالک اور شافعی بھی رائے اور قیاس کو استعمال کرتے تھے لیکن واقعات مین مفروضات میں نہیں اور نہایت احتیاط کے ساتھ بشرطیکہ جنیٰ کوئی مستند روایت ہو اور حنبلی مذہب کی بنیاد تو تمامتر حدیث ہی پر ہے غالباً یہی وجہ ہوئی کہ امام اوزاعی اور داؤد ظاہری کی مذاہب جو اس سے قریب تر تھے اسی میں جذب ہو کر رہ گئے ۔عراقی مذہب کے بھی ایک بڑے رکن امام محمد نے امام مالک کی شاگردی کی تھی لیکن یہاں تفریع مسائل کے جو اصول ابراہیم نخعی کے زمانے سے بن چکے تھے ان کے مطابق رائے کا استعمال برابر جاری رہا اس وجہ سے فقہا کے دو نمایاں گروہ ہو گئے اصحاب حدیث و اصحاب رائے جن میں باہم اختلافات بھی تھے اور مخالفت بھی۔

## عراقی فقہ

عراقی فقیہوں کی جماعت اپنے قاعدوں کے مطابق قیاس کو آزادی کے ساتھ استعمال کرتی تھی یہی وجہ ہوئی کہ ان میں اختلافات کی بہت کثرت ہو گئی حجازی فقیہوں میں بھی اختلافات ہیں مگر کم بلکہ امام ابوحنیفہؒ اور امام شافعیؒ میں بھی اس قدر اختلافات نہ ہوں گے جس قدر کہ خود فقہاء عراق میں ہیں جس کے وجوہ یہ ہیں ۔

(1) قیاسات کا مدار فکر پر ہے اور سب کا طریق فکر نہ ایک تھا نہ ایک ہو سکتا تھا چنانچہ خود صاحبین یعنی امام ابو یوسفؒ اور امام محمدؒ میں جو ایک ہی استاد کے شاگرد اور ایک ہی طریق فکر و اصول کے پیرو ہیں بیشمار اختلافات ہیں۔

(2) یہ لوگ مفروضات میں گھس جاتے تھے یعنی ہر ایک مسئلہ کی جتنی خیالی شکلیں ہو سکتی تھیں سب کو معرض بحث میں لاتے تھے جن کے جوابات مختلف ہوتے تھے ایک مسئلہ کا حکم نکلتے پھر استاد سے " **ارایت لوکان کذا** " (دیکھئے تو اگر صورت یہ ہو) کہہ کر اس صورت کو حل کرتے اصحاب حدیث اس کو سخت ناپسند کرتے تھے امام شعبیؒ نے کہا کہ ان

لوگوں سے مجھے اتنی نفرت ہے کہ مسجد میں آتے ہوئے کوفت ہوتی ہے کسی نے پوچھا کن لوگوں سے؟ بولے ان آرائیتیوں سے۔

امام مالکؒ کی محفل بہت باوقار تھی ان سے کسی کو سوال کرنے کی جرات بڑی مشکل سے ہوتی تھی اسد بن الفرات نے ایک بار کوئی سوال کیا امام موصوف نے اس کا جواب دیا پھر انہوں نے پوچھا کہ اگر شکل یہ ہو بولے کہ یہ سلیسلہ بنت سلیسلہ ہے اگر اس کے خواہشمند ہو تو عراق چلے جاؤ۔ اس زمانے میں حدیث کا غلبہ اس قدر تھا کہ بلا روایتی سند کے کسی قول استنباط یا اجتہاد کی کوئی قیمت نہیں سمجھی جاتی تھی غالباً یہی وجہ ہوئی کہ عراقی فقہا بھی مسائل میں اپنی رایوں کی تائید کے لئے حدیثیں پیش کرنے پر مجبور ہوئے مگر ان کی بہت سی روایتیں ایسی ہیں جن کی زبان تک ابھی محدثانہ نہیں بلکہ فقیہانہ ہے۔

امام ابوحنیفہؒ کے شاگرد رشید امام ابو یوسفؒ بغداد کے قاضی القضاۃ ہو گئے تھے انہوں نے اپنی قابلیت سے فقہ حنفی کو دولت عباسیہ کا رسمی قانون بنا دیا جس کے باعث اس میں بہت وسعت پیدا ہو گئی اور مدت دراز تک مشرقی ممالک میں اسلامی مدنیت کا ساتھ دیتی رہی علامہ ابن خلدونؒ نے افریقہ اور اندلس میں مالکی مذہب کے پھیلنے کی وجہ بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ چونکہ ان ممالک میں بداوت تھی اور ان کے باشندے اس تہذیب سے جو عراق میں تھی ناآشنا تھے اس وجہ سے مالکی مذہب جو سادہ اور ان کی طبائع کے مناسب حال تھا ان میں مقبول ہوا۔ اس قول سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ سمجھتے ہیں کہ امام جس شہر کا ہوتا ہے اس کی بداوت یا حضارت کا اثر نہ صرف اس کی فقہ بلکہ اس کی رائے کی تکوین پر بھی پڑتا ہے حالانکہ فقہ کی بنیاد کتاب و سنت پر ہے جو مقامی اثر سے بالاتر ہے۔

بیشک حنفی فقہ میں بعض بعض مسائل میں وسعت اور رخصت نظر آتی ہے مثلاً وہ نماز کو فارسی میں بھی پڑھنے کی اجازت دیتی ہے اور قرآن کی تلاوت کو دوسری زبانوں میں بھی مباح کرتی ہے اسی طرح عاقل بالغ عورت کو بلاولی کے نکاح کا اختیار دیتی ہے اور امام مالک اور شافعی ان امور کو روا نہیں رکھتے مگر اسی کے ساتھ اس میں کہیں کہیں تنگی اور سختی بھی ہے مثلاً اس میں نکاح کے معاملے میں کفائت کا اعتبار کیا گیا ہے کہ قریش فلاں قبیلہ کے کفو ہیں اور عجمی نو مسلم عرب کے کفو نہیں ہیں اس کفائت نے اسلامی برادری کی وسعت کو مٹا دیا اور اس کی اشاعت میں رکاوٹ کا موجب ہوئی بہت سے گھرانے آسانی سے اسلام لانے کے لئے آمادہ ہو سکتے ہیں اگر ان کو یقین ہو جائے کہ ان کی بیٹیاں اچھے گھروں میں جا سکیں گی بخلاف اس کے مدنی فقہ میں سارے کلمہ گو ہم کفو تسلیم کئے گئے ہیں اسی طرح حنفی فقہ نے

عورتوں کے حق خلع کو ضبط کر لیا جس کے نتائج ہند میں ہمارے سامنے ہیں کہ مسلمان بیویاں اپنے شوہروں کے مظالم سے تنگ آکر جب رہائی کی کوئی صورت نہیں دیکھتی ہیں تو مذہب تبدیل کرنے پر مجبور ہو جاتی ہیں۔ اس لئے علامہ موصوف کی یہ رائے فقہوں کے تقابلی مطالعہ پر نہیں بلکہ محض قیاس پر مبنی ہے بے شک امام ابو حنیفہؒ کے اقوال عام طور پر قرآن کے مطابق ہیں حنفی فقہ سے ان کو نکال لینے کے بعد اس کا بقیہ حصہ سب فقہوں سے زیادہ ترمیم کے قابل ہے۔

متاخرین فقہاء حنفیہ نے تو خیالی تعریفوں اور قانونی موشگافیوں میں اس قدر غلو کیا ہے کہ ابواب نکاح و طلاق میں ان کی لفظی بحثیں عقل و علم کی حد سے آگے بڑھ گئی ہیں اور کتاب الحیل جس میں نہ صرف ضمیر کو دھوکا دینے بلکہ شرعی قوانین کو بیکار کرنے کی کوشش کی گئی ہے تقویٰ کے خلاف ہے۔

## تقلید

ہر صاحب نظر اس بات کو سمجھ سکتا ہے کہ قانون سازی کا حق صرف مرکزی جماعت کو ہے اسی کا بنایا ہوا قانون پوری امت کا قانون ہوتا ہے لیکن خلافت راشدہ کے بعد جب امت کی دینی مرکزیت جاتی رہی تو اس مذہبی انفرادیت میں علماء نے شخصی فقہیں مرتب کیں انہوں نے جو کچھ کیا خلوص اور تقویٰ کے ساتھ کیا ان کی شخصیتیں اس قدر محترم تھیں کہ خلفاء کو جب تک ان کی سیاست پر زد نہ پڑتی ہو کبھی ان کے مسائل میں دخل دینے کی جرات نہ ہوئی امام مالک کو جو مجبوری کی طلاق کو ناجائز کہتے تھے عباسی خلیفہ نے کوڑوں سے پٹوایا تو اس کی وجہ یہ نہ تھی کہ یہ مسئلہ غلط تھا بلکہ اس سے مجبوری کی بیعت خلافت ناجائز قرار پاتی تھی۔

ان فقہاء کرام کا مقصد ہرگز یہ نہ تھا کہ ان کی بنائی ہوئی فقہوں کو لوگ الگ الگ مذہب بنالیں اس لئے ان کے بعد کے علماء کا فریضہ تھا کہ ان میں سے ہر ایک کو اپنا پیشوا مان کر ان کے اجتہادوں میں امتزاج پیدا کرتے اور سب کی فقہوں کو ملا کر ایک فقہ بنالیتے لیکن ایسا نہ ہوا بلکہ ہر فقہ کے پیروؤں نے رفتہ رفتہ اسی کو اپنا مذہب بنا لیا اور دوسرے ائمہ کی فقہوں کو چھوڑ دیا اس تقلید کا نتیجہ یہ ہوا کہ امت میں تفریق اور نزاع بڑھتی گئی بالآخر یہ طے کیا گیا کہ چاروں مذاہب حق ہیں مگر اس کا مفہوم یہ رکھا گیا کہ حنفی مذہب حنفیوں کے لئے اور شافعی مذہب شافعیوں کے لئے حق ہے ایک کو دوسرے کی فقہ کے مطابق فتویٰ دینا روا نہیں اس سے نزاع تو کم ہو گئی مگر تفریق بدستور باقی رہی جو آج تک

قائم ہے ہر ہر فرقہ کے امام الگ ہیں علماء الگ ہیں کتابیں الگ ہیں گویا ہر فقہ ایک مستقل مذہب ہے اور ہر ایک کے پیرو ایک مستقل امت یہاں تک کہ خانہ کعبہ میں چار مصلے بھی الگ الگ تعمیر کئے گئے جو امت کے مذہبی تفریق کے مظاہر ہیں اور جن کو دیکھ کر ہر صاحب بصیرت اور درد مند مسلمان کو قلق ہوتا ہے۔

## شیعی فقہ

شیعی حدیث و فقہ کا بڑا مرجع امام جعفر صادق کی ذات ہے بلکہ انہیں کی نسبت سے یہ مذہب جعفری کہا جاتا ہے وہ نہ اجماع کو صحیح سمجھتے تھے نہ قیاس کو اس لئے اس فقہ کا تمامتر دار و مدار کتاب و سنت پر ہے چونکہ شیعوں کی حدیث اپنے ائمہ کے متعلق عقائد رکھنے کی وجہ سے سنیوں سے مختلف ہے اس کی وجہ سے ان کی فقہ بھی الگ ہو گئی۔ یوں تو فریقین کے اختلافی مسائل بہت ہیں جن کا شمار مشکل ہے لیکن تین مسئلوں میں اہل سنت سے الگ ہو کر شیعوں نے اپنے فرقہ کا امتیاز قائم کیا۔

(1) وضو میں پاؤں کو دھونے کے بجائے ان پر مسح کرتے ہیں۔

(2) اذان میں حی علی الفلاح کے بعد حی علی خیر العمل پکارتے ہیں۔

(3) متعہ کو جائز سمجھتے ہیں جو سنیوں کے ہاں شروع سے بالاتفاق حرام ہے۔

متعہ یہ ہے کہ ایک معین مہر پر معین مدت کے لئے نکاح کیا جائے اس میں نہ تعداد کی حد ہے نہ گواہ کی ضرورت نہ وراثت ہے نہ طلاق مدت گزر جانے پر نکاح خود بخود ختم ہو جاتا ہے۔ شیعہ نے بھی کوشش کی کہ خانہ کعبہ میں ایک مصلیٰ مذہب جعفری کا قائم ہو جائے نادر شاہ ایرانی سالہا سال تک سلاطین عثمانیہ کو لکھتا رہا مگر سلطان محمود خاں اور ترکی کے شیخ الاسلام نے نہ مذہب جعفری کی صحت تسلیم کی اور نہ کعبے میں اس کا مصلیٰ منظور کیا۔

# خلاصہ

ہم نے قرآنی تعلیمات سے تفصیل کے ساتھ یہ بات واضح کر دی ہے کہ اسلام کا اصل مقصود یہ ہے کہ جملہ بنی نوع انسان اکیلے اللہ کے بندے اور باہم بھائی بھائی ہو جائیں سب کے حقوق مساوی ہوں کوئی کسی پر حکمراں نہ ہو اور سارا نظام قوانین الہیٰ کے ماتحت ہو۔

## حکومت الہیٰ

آنحضرتؐ نے اپنے زمانے میں جس طریق پر امت کو چلایا اس کے متعلق کچھ لکھنا ہی غیر ضروری ہے وہ تو خالص پیغمبرانہ تعلیم اور مربیانہ تربیت تھی جو عالم کی تاریخ میں بے نظیر ہے آپ کا 23 سالہ عہد نبوت گویا 23 موتیوں کی مالا ہے جو زمانے کی گردن میں پڑی ہوئی ہے آپ کی صحبت کے فیض سے صحابہ کرام نے خلافت کو انہیں اصول پر قائم کیا خلیفہ میں شاہانہ تمکنت اور حکومت کی کوئی شان نہ تھی عام لوگوں کی طرح وہ بھی سڑکوں پر پیدل پھرتا تھا نہ اس کے ساتھ محافظ ہوتے تھے نہ نقیب سب لوگ اس سے ملتے اور سب سے وہ ملتا اس میں اور دوسرے مسلمانوں میں بجز عہدہ خلافت کے کوئی امتیاز نہ تھا نہ اس کو اس قسم کی دینی ریاست حاصل تھی کہ جو چاہے حکم دے دے وہی مذہبی مسئلہ ہو جائے بلکہ صرف احکام دینی کو نافذ کرنے کا مجاز تھا۔ اس خلافت کا کل زمانہ ستائیس سال رہا اس تیس سال کے عرصہ میں مسلمانوں کو وہ سربلندی نصیب ہوئی کہ ترکستان سے بحر خزر تک اور افریقہ میں تیونس تک اسلام پھیل گیا اور قوت اس قدر زبردست ہو گئی کہ روئے زمین پر کسی کو ان سے ٹکرانے کا یارا نہ رہا یہ تمام آسمانی برکتیں اور فتوحات اور امت اسلامیہ کی یہ عظمت و شان اس وجہ سے تھی کہ سب اسلامی نظام میں منسلک اور اکیلے اللہ کے بندے تھے خلیفہ کی ذات میں ان کی مرکزیت تھی جس کی وجہ سے ان کے ملی مقاصد متعین تھے اور ساری امت ایک محور پر گھومتی تھی وہ نہ صرف خود بھائی بھائی تھے بلکہ ساری دنیا کی قوموں کے لئے انہوں نے حکومت الہیٰ کا مامن اور ملجا تیار کر دیا تھا کہ جو چاہے اس میں آکر ان کا بھائی بن جائے اور مساوی حقوق لے۔

## عہد بنی امیہ

خلافت راشدہ کے بعد بنی امیہ کا دور آیا جو 25 ربیع الاول 41 ھ سے جس دن

امیر معاویہؓ کے ہاتھ پر خلافت کی عام بیعت ہوئی شروع ہوا اس دور میں بھی جو 92 سال رہا امت ایک ہی جھنڈے کے نیچے تھی ان خلفا کی ذات میں بھی امت کی سیاسی مرکزیت قائم رہی اور خواہ وہ کیسے ہی رہے ہوں اسلامی قوت اور شوکت کو انہوں نے سنبھالے رکھا بلکہ ولید بن عبدالملک کے عہد میں تو فتوحات کے حدود مشرق میں سندھ اور چینی ترکستان تک اور مغرب میں اندلس تک پہنچ گئے تھے اور بری فوجوں کے علاوہ ایک طاقتور بحری بیڑہ بھی تھا جس نے سطح آب پر کئی بار رومیوں کو شکستیں دی تھیں دولت کی فراوانی کا یہ حال تھا کہ ہر ایک اندھے اور جذامی کو ایک ایک خادم دیا گیا تھا جس کے اخراجات بیت المال سے ملتے تھے اور اہل نصاب راتوں کو اشرفیاں لے کر گھومتے تھے مگر کوئی لینے والا نہیں ملتا تھا۔

استبداد

مگر باوجود ان خوبیوں کے مرض پیدا ہو چکا تھا یعنی استبداد ۔ وہ استبداد جو اقوام امم کے لئے ہمیشہ مہلک ثابت ہوا ہے اس کا پہلا مظہر خود ان کی خلافت تھی خلفاء راشدین میں سے اگرچہ ہر ایک کی نوعیت انتخاب جداگانہ تھی مگر مشورہ اور بیعت عامہ یعنی جمہوریت کی روح ہر ایک میں موجود تھی لیکن امیر معاویہؓ جو خلافت بنی امیہ کے بانی ہیں ان کا انتخاب عام نہیں ہوا تھا صرف اہل شام نے ان کو خلیفہ بنایا تھا اور اہل عراق نے حضرت علیؓ کے بعد امام حسنؓ کو منتخب کیا تھا مگر امیر معاویہؓ نے ان پر لشکر کشی کی تو انہوں نے مصالحت کر لی لہذا اہل عراق نے بھی امیر معاویہؓ کے ہاتھ پر بیعت کر لی مگر مغلوب ہو کر اس وجہ سے ان کی خلافت میں تغلب شامل تھا چنانچہ حضرت سعد بن ابی وقاصؓ فاتح قادسیہ جو عشرہ مبشرہ میں سے ہیں جب امیر معاویہؓ کے پاس آنے تو ان کو اس طرح سلام کیا جس طرح بادشاہوں کو کیا جاتا ہے امیر معاویہؓ ہنسے اور کہا کہ اگر تم مجھے امیرالمومنین کہتے تو کیا بگڑ جاتا انہوں نے جواب دیا کہ جس طریق سے تم نے خلافت حاصل کی ہے اگر مجھے ملتی تو میں کبھی اس کو قبول نہ کرتا۔

غرض اہل نظر اور ارباب تقویٰ خلافت کو اسی رنگ میں دیکھنا چاہتے تھے جو خلفاء راشدین کے عہد میں تھا امیر معاویہؓ کا غلبہ اور تسلط سے اس کو حاصل کرنا ان کو پسند نہ تھا اگرچہ بعد میں یہ تغلب رضامندی سے بدل گیا کیونکہ امیر معاویہ کی خلافت کی قابلیت میں کسی کو اختلاف نہ تھا لیکن انہوں نے خلیفہ کے انتخاب کے دستور ہی کو توڑ ڈالا اور اپنے بعد اپنے بیٹے یزید کو ولی عہد مقرر کیا جس کے بعد سے خلفاء بنی امیہ سلسلے وار اپنے ہی خاندان کے افراد میں سے جس کو چاہتے ولی عہد بناتے یہی وجہ تھی کہ ان کی خلافت پر استبداد غالب

رہا اور ان کی حکومت خاندانی سلطنت ہو گئی۔

## قہر و غلبہ

بنی امیہ کے عہد میں قہر و غلبہ کی حکمرانی تھی یہاں تک کہ عبدالملک نے جو ان کا سب سے مدبر خلیفہ تھا صاف صاف کہہ دیا کہ تم لوگ کیونکر یہ خواہش رکھتے ہو کہ ہم شیخین کے طریقے سے تمہارے اوپر حکومت کریں پہلے خود تو ویسے بنو جیسے اس زمانے کے لوگ تھے اس وجہ سے ان کے زمانے میں وہ مظالم ہونے لگے جو استبداد میں لازمی ہیں لوگ سختی کے ساتھ دبائے جانے لگے جس کی طرف سے مخالفت ہوتی اس کا سر کٹوا کر مشتہر کیا جاتا کہ دوسرے لوگ ڈر جائیں اور مخالفت کا خیال بھی دل میں نہ لائیں ۔ خلفاء کے علاوہ ان کے بعض بعض عمال نے بھی آزاد طبع اور حریت پسند مسلمانوں کو جنہوں نے خلافت راشدہ کا عہد دیکھا تھا نہایت سختی کے ساتھ محکوم اور رعایا بنانا شروع کیا زیاد اور اس کے بیٹے کے مظالم مشہور ہیں یہ صرف شبہ پر لوگوں کو گرفتار کر کے سخت سزائیں دیتے تھے حجاج بن یوسف والی عراق جو بنی امیہ کا سب سے معتمد وزیر تھا اپنے ظلم و ستم میں خصوصیت کے ساتھ بدنام ہوا۔

چونکہ استبداد کی خاصیت یہ بھی ہے کہ اس کی حکومت رعایا کے فائدے کے لئے نہیں بلکہ حکمران جماعت کے مقاصد کے لئے ہوتی ہے اس وجہ سے یہ خلفا اپنے مخصوص اغراض کے لئے ملت میں وحدت بھی قائم رکھنا نہیں چاہتے تھے بلکہ اسلامی تعلیم کے خلاف ان میں جاہلانہ قبائلی عصبیتوں کو ابھار کر ایک کو دوسرے کا دشمن رکھتے تھے تاکہ ضرورت پر ایک فریق سے دوسرے فریق کے مقابلے میں کام لے سکیں ۔

## بیت المال

سب سے بڑی بات یہ تھی کہ خلفاء راشدین عام افراد ملت کی طرح زندگی بسر کرتے تھے بیت المال کو مسلمانوں کی ملکیت سمجھتے تھے اور اس میں سوائے اس کے جو ان کے گزارہ کے لئے مقرر کر دیا جائے اپنی ذات کے واسطے ایک حبہ بھی نہیں لیتے تھے اس پر بھی کہا کرتے تھے کہ خلافت کی ذمہ داریوں سے قیامت کے دن اگر ہم بلا عذاب اور ثواب کے نکل گئے تو بہت بڑی کامیابی ہے لیکن خلفاء بنی امیہ شاہانہ شان و شوکت سے رہتے بیت المال کو اپنی ذاتی ملکیت سمجھتے اور جس طرح چاہتے اپنی منشا کے مطابق صرف کرتے ۔ ظاہر ہے کہ جس کا اقتدار خزانے پر ہو گا وہی ملک کے لوگوں پر اپنا اثر قائم کر سکتا ہے یہ خلفاء مسلمانوں کے بیت المال کو اپنے استبدادی مقاصد میں صرف کر کے لوگوں کو اپنا تابعدار بناتے کیونکہ جو

لوگ ان کے یہاں سے وظائف پاتے ان میں یہ جرات باقی نہ رہتی کہ مخالفت کر سکیں جو نافرمانی پر آمادہ ہوتا اس کا وظیفہ بند کر دیا جاتا چنانچہ یزید کے عہد میں اہل حرمین کے اور ولید کے زمانے میں آل حزم کے وظائف بند کئے گئے انصار کے وظائف بارہا اس بنار پر روک دیئے گئے کہ اہل بیت کی طرفداری کرتے ہیں ۔ مدینے کا عامل زکوۃ کی رقم قریش کے سرداروں کو قرض دیا کرتا تھا جس کی وجہ سے ان پر قابو رکھتا تھا جہاں ان سے کوئی مخالفانہ حرکت نمایاں ہوتی فوراً قرض کا مطالبہ شروع ہو جاتا ان سب باتوں کا یہ نتیجہ ہوا کہ لوگ بنی امیہ کی اطاعت پر مجبور ہو گئے ۔

## ہوس زر

خلافت راشدہ میں ممالک مفتوحہ سے محاصل اس لئے وصول کئے جاتے تھے کہ مجاہدین کی ضروریات رفع کی جائیں اور فقرار و مساکین کی احتیاج کا سدباب کیا جائے لیکن بنی امیہ کا نصب العین چونکہ اپنے گھرانے میں مستقل سلطنت قائم کرنا تھا اس لئے ان کو ضرورت ہوئی کہ طاقتور قبائل و اشخاص پر اپنا اثر رکھیں اس کی صورت سوائے اس کے اور کیا تھی کہ ان کو دولت سے اپنا طرفدار بنائیں چنانچہ انہوں نے بیت المال کو اپنے مقاصد کے حصول کا ذریعہ بنایا اور جا و بیجا بے دریغ اس کی رقمیں صرف کرنے لگے امرار و رؤسا قبائل کے علاوہ خطباء و شعرار کو بھی بڑی بڑی رقمیں زبان بندی اور اپنی مدح و ثنا کے لئے دی جاتی تھیں یہی وجہ ہوئی کہ محاصل کی وصولی میں ناجائز سختیاں عمل میں آنے لگیں یہاں تک کہ بعض صوبوں کے ذمیوں سے مسلمان ہو جانے کے بعد بھی جزیہ وصول کیا جانے لگا افریقہ اور خاص کر خراسان میں اس جھگڑے نے بہت طول کھینچا جب حضرت عمر بن عبدالعزیز خلیفہ ہونے تو انہوں نے یہ کہہ کر ہم مبلغ ہیں محصل نہیں ہیں اس خلاف اسلام طریقہ کو بند کیا جس کے بعد لاکھوں ترک حدود سمرقند میں جو اسلام سے برگشتہ ہو گئے تھے پھر مسلمان ہو گئے ۔

الغرض شخصی اور استبدادی حکومت کی جو لازمی خرابیاں ہیں وہ خلافت بنی امیہ میں پیدا ہو چکی تھیں وہ اگرچہ مسلمانوں کا مرکز تھے لیکن ان کی مرکزیت خلفاء راشدین کی طرح اخوت مساوات اور جمہوریت کی مرکزیت نہ تھی بلکہ انہوں نے ملت کو جو خلافت راشدہ میں صرف اللہ کی غلام تھی اپنا غلام بنا لیا تھا۔

## بنی عباس

عباسیہ جنہوں نے مخفی تبلیغوں سے بنی امیہ کی بغاوت کا بیج بویا پھر ان کے مقابلے

کے لئے لوگوں کو کھڑا کیا جب کامیاب ہو کر 132ھ میں تخت خلافت پر آگئے تو انہوں نے بھی وہی استبداد قائم رکھا جو بنی امیہ کے عہد میں تھا ان میں سے آٹھ خلفاء کا زمانہ جو تقریباً سو سال رہا قوت اور شوکت کا زمانہ تھا انہوں نے شعائر اسلامی کا احترام رکھا نمازیں بھی پڑھتے تھے حج بھی کرتے تھے اور جہاد میں بھی حصہ لیتے تھے مگر باوجود اس کے ملک و ملت کو ہمیشہ کے لئے اپنا اور اپنی اولاد کا غلام رکھنا چاہتے تھے ایک کے بجائے دو دو تین تین ولی عہد مقرر کرتے تھے اور ان عہد ناموں پر اللہ اور رسول ملائکہ بلکہ جنات تک کو گواہ بناتے تھے تاکہ یہ جائیداد کسی دوسرے کے ہاتھ میں نہ جا سکے اور ابد تک ساری ملت اسلامیہ انہیں کے استبداد کے شکنجہ میں رہے۔

خلفاء بنی امیہ کو تو جملہ امت کی مرکزیت سیاسی بھی حاصل تھی مگر بنی عباس کے قبضے سے اندلس روز اول سے خارج رہا جہاں بنی امیہ کے بقایا میں سے ایک شخص عبدالرحمن بن معاویہ نے پہنچ کر سلطنت قائم کر لی تھی جو تھوڑے ہی دنوں کے بعد عظمت و شان کے لحاظ سے خلافت عباسیہ کی حریف ہو گئی علاوہ بریں عہد بنی امیہ میں قوت کی حکمرانی تھی کیونکہ ان کی سلطنت اپنی قوم عربوں کی عصبیت اور طاقت پر قائم تھی مگر بنی عباس نے عجمیوں خاص کر خراسانیوں کی مدد سے سلطنت حاصل کی تھی اس وجہ سے کوئی قومی طاقت ان کے پاس نہ تھی ان کی خلافت بجز اس کے کہ خلیفہ عرب تھا اور زبان عربی تھی سرتاسر عجمی تھی اور ساری وزارتیں اور امارتیں موالیوں کے ہاتھوں میں تھیں یہی وجہ ہوئی کہ ان کو یہ خطرہ ہوا کہ کہیں یہ خلافت کو ہمارے ہاتھوں سے نکال کر دوسروں کو نہ دے دیں چنانچہ انہوں نے ایرانیوں کی طاقت کے بالمقابل ترکوں کی بھی ایک فوج رکھی تاکہ توازن قائم رکھیں مگر اس ترکی فوج نے خود خلفاء پر تغلب حاصل کر لیا جس کو چاہتے تھے خلیفہ بناتے تھے اور جس کو چاہتے تھے معزول بلکہ قتل کر دیتے تھے خلفاء کی اس بے بسی کے زمانے میں سارے انتظامات درہم برہم ہو گئے اور نئی نئی سلطنتیں ظہور پذیر ہونے لگیں جن کے غلبہ سے وہ بے دست و پا ہو گئے دیالمہ اور سلاجقہ کے تسلط کے عہد میں جو صدیوں رہا ان خلفاء کا صرف مذہبی اثر رہ گیا تھا اور حکومت سلاطین کے ہاتھوں میں تھی۔

خلافت کا مقصد یہ تھا کہ جملہ بنی نوع انسان صرف حکومت الہی کے فرمانبردار ہوں نہ کہ انسانوں کے لیکن اموی اور عباسی خلفاء نے اس کو محض خاندانی سلطنت بنانے کی کوشش کی جس کا انجام وہی ہوا جو ہر ایسے دنیاوی کاموں کا ہوا کرتا ہے امراء ولایات نے جب خلفاء کی یہ خود غرضی دیکھی تو ان میں بھی اسی قسم کی خواہش پیدا ہوئی اور وہ یکے بعد

دیگرے خود مختار ہوتے گئے خلفاء کا رسما صرف اس قدر اثر رہ گیا تھا کہ یہ متغلبین تحفے اور بدیے بھیج کر ان سے اپنی اپنی حکومتوں کی سند لکھوا لیتے آخر 656 ھ میں یہ بے جان خلافت ہلاکو کے ہاتھوں غارت ہو گئی۔

## خلفاء عثمانیہ

بغداد کی تباہی کے بعد سلاطین مصر نے انہیں بقایائے بنی عباس میں سے ایک شخص کو مصر میں خلیفہ بنالیا تاکہ اس ذریعہ سے اپنی حکومت کو مستحکم رکھیں ان خلفاء کا عزل و نصب خود سلاطین مصر کے اختیار میں تھا جن کے وظیفہ پر یہ گزر کرتے تھے 923 ء میں سلطان سلیم عثمانی نے مصر کو فتح کر کے خلافت بھی حاصل کر لی اور اس طرح اپنے دنیاوی وقار کے دستار میں دینی عزت کا بھی طرہ لگایا لیکن خلفاء عثمانیہ بالطبع اپنے رتبہ سلطنت ہی کو جس کے ذریعہ سے انہوں نے خلافت حاصل کی تھی بالاتر سمجھتے رہے اور سوائے سلطان کے کبھی اپنے آپ کو خلیفہ کہلانا پسند نہ کیا انہوں نے شروع سے آخر تک بجز حرمین شریفین کے خادم اور جزیرۃ العرب کے محافظ ہونے کے جو فتح مصر کے بعد سے ان کی سلطنت کا جزو ہو گیا تھا فرائض خلافت کا خیال نہ رکھا یہاں تک کہ حج جس میں اقصائے عالم کے مسلمان آکر شریک ہوتے ہیں اور جو اجتماع ملت کا دینی مرکز ہے اس میں بھی وہ کبھی نہیں آئے بالآخر 1342 ھ میں جمہوریہ ترکیہ نے اس خلافت کا بھی جو اتحاد ملت کا ایک بوسیدہ رشتہ اور بے معنی ادارہ رہ گیا تھا الغا کر دیا جس کے بعد سے مسلمانوں کی مرکزی زندگی کا نام بھی جاتا رہا۔

## موجودہ حالت

آج (یعنی 1950 تک) امت اسلامیہ کی تعداد تمام عالم میں تخمیناً ساٹھ کروڑ بتائی جاتی ہے جو دنیا کی بڑی سے بڑی قوموں کی تعداد سے اگر زیادہ نہیں ہے تو کم بھی نہیں ہے مگر ان میں سے سوائے ترک، ایرانی افغان اور عرب کے جن کی مجموعی تعداد چھ کروڑ سے زیادہ نہیں ہے بقیہ ساری امت غیر مسلم حکومتوں کے قبضے میں ہے یعنی مسلمانوں کی مجموعی تعداد کا زیادہ سے زیادہ صرف دسواں حصہ ہے جو آزاد کہا جا سکتا ہے ان آزاد اقوام مسلمہ کا بھی کوئی ایک مرکز نہیں ہے بلکہ متعدد خود مختار سلطنتوں میں بٹی ہوئی ہے عرب جس سے اسلام کا چشمہ ابلا تھا آج اس میں چھوٹی بڑی نو ریاستیں ہیں یہ تشتت نتیجہ ہے امراء و سلاطین امت کی ان مطلق العنانیوں کا جن کی وجہ سے انہوں نے مرکزیت کا لحاظ نہیں رکھا اور اپنے ذاتی اغراض کے پیچھے ملت کے انجام پر نظر نہیں ڈالی جو قومیں غیروں کی محکوم ہیں ان کا انتشار

تو اس درجہ پر پہنچ گیا ہے کہ ان کے اعمال سے صلاحیت مفقود ہو گئی ہے ادھر کم سے کم دو سو سال کے کارناموں پر اگر نظر ڈالی جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ باوجود کوششوں اور قربانیوں کے بھی کامیابیوں کا منہ دیکھنا نصیب نہیں ہو سکا مراکش سے لے کر دیوار چین تک کتنے ہنگامے اٹھے اور مجاہدانہ معرکے ہوئے مگر ہر ایک میں نقصان ہی اٹھانا پڑا وجہ صرف یہ ہے کہ امت کا شیرازہ بکھرا ہوا ہے اور کوئی مرکز نہیں ہے جو اس کی قیادت کرے۔

قرآن کا وعدہ حق ہے کہ عزت مومنوں کے لئے ہے۔

**ان العزۃ للہ ولرسلہ و للمومنین 8/63**

عزت اللہ اور اس کے رسول اور مومنوں کے لئے

ہے قرآن یہ بھی کہتا ہے کہ مومنوں کی مدد اللہ کے ذمہ ہے اور وہی سربلند رہیں گے۔

**وکان حقاً علینا نصر المومنین 47/30**

اور ہمارے اوپر حق ہے مومنوں کی مدد کا۔

**ولا تھنو ا و لا تحزنوا انتم الاعلون ان کنتم مومنین 139/3**

اور نہ سست بنو اور نہ غم کرو اگر تم مومن ہو تو تم سربلند رہو گے۔

قرآن یہ بھی اطمینان دلاتا ہے کہ کفار کو مومنوں پر کبھی غلبہ نہ ہو گا۔

**ولن یجعل اللہ للکافرین علی المومنین سبیلا 14/4**

اور اللہ کافروں کو کبھی مسلمانوں کے اوپر راستہ نہ دے گا۔

قرآن یہ بھی کہتا ہے کہ مومن کفار پر ہمیشہ غالب رہیں گے۔

**و لو قاتلکم الذین کفروا لو لوا الا دبارثم لایجدون ولیا و لا نصیراً 42/4**

اور جو کفار تم سے لڑیں گے تو پیٹھ پھیر لیں گے اور وہ کوئی پشت پناہ اور مددگار نہیں پائیں گے۔

اور قرآن مومنوں کے لئے روئے زمین کی بادشاہت کا بھی وعدہ کرتا ہے۔

**وعد اللہ الذین امنوا منکم و عملوالصلحت لیستخلفنہم فی الارض 55/64**

تم میں سے جو لوگ ایمان لائے اور عمل صالح کرتے رہے ان سے اللہ کا وعدہ ہے کہ ان کو ضرور روئے زمین میں بادشاہ بنائے گا۔

لیکن ان کے برخلاف صدیوں سے مسلمان مسلسل زوال اور انحطاط کے گرداب میں

پھنسے ہوئے ہیں جو سرعت کے ساتھ ان کو ہلاکت اور تباہی کی طرف لئے جا رہا ہے وہ نہ صرف زندگی کی دوڑ میں اقوام عالم سے پیچھے رہ گئے ہیں بلکہ ان کا بڑا حصہ کفر و شرک سے مغلوب ہو کر محکومیت کے دردناک عذاب میں گرفتار ہے جس سے رہائی کی کوئی صورت نظر نہیں آتی ۔ ہمارا ایمان ہے کہ قرآن کریم کے وعدے غلط نہیں ہو سکتے اور ممکن نہ تھا کہ ہمارے مومن ہوتے ہوئے اللہ اپنے وعدے پورے نہ کرتا اس لئے ہم کو یقین کرنا پڑتا ہے کہ ہمارا مومن اور صالح العمل ہونا اللہ کے نزدیک مسلم نہیں ہے جس کی وجہ سے ہم ان وعدوں کے مستحق نہ رہ سکے ۔

## ذہنی تشتت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ، اللہ کی طرف سے صرف ایک کتاب لے کر آئے تھے یعنی قرآن کریم جس پر عمل کر کے صحابہ کرام نے دینی اور دنیاوی سربلندی حاصل کی خلفاء راشدین رضی اللہ عنہم نے اپنا عمل اسی کتاب پر رکھا اور امت کو اس سے ہٹنے نہ دیا جس کی وجہ سے ان کے زمانوں میں کوئی مذہبی تفریق پیدا نہ ہو سکی اور ساری امت متحد رہی ۔

عہد بنی امیہ میں جب استبداد کا تسلط ہوا اس وقت خلفاء نے دنیا کو لے کر دینی قیادت چھوڑ دی جو علما کے حصہ میں آ گئی اسی وقت سے اختلافات پڑنے لگے اور شخصیت پرستی کی وجہ سے نت لئے فرقے بننے شروع ہو گئے عباسی عہد میں فقہا میں اختلافات واقع ہوئے جن کی وجہ سے رفتہ رفتہ ان کے پیروؤں کی ٹولیاں الگ الگ ہونے لگیں اسی زمانے میں علوم عقلیہ کے عربی میں ترجمے ہوئے اس وقت سے اختلافات روایات و تاویلات کے باعث یہ ذہنی تشتت اور بڑھ گیا چنانچہ ایک ہی ملت میں 73 فرقے بن گئے جن میں سے ہر ایک اپنے ہی کو ناجی سمجھنے لگا اور دوسرے کو ناری اس طرح پر ملت کی وحدت پارہ پارہ ہو گئی اور ہر مسلمان صرف انفرادی حیثیت سے مسلمان رہ گیا نہ کہ اجتماعی ۔

خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ امت کو دو عظیم الشان نعمتیں ملی تھیں ایک قرآن کریم دوسری امامت کبریٰ یعنی مرکزیت امت جس کو آپ نے نصب فرمایا تھا استبداد نے مرکزیت کو فنا کر دیا اور سیاسی لحاظ سے امت کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے اور اشخاص پرستی نے قرآن کو متروک کر دیا اور مذہبی لحاظ سے امت کے فرقے فرقے بنا دیئے جس سے دنیاوی اور دینی دونوں حیثیت سے اس میں لامرکزیت آ گئی اس لئے امت کی آئندہ صلاح و فلاح کی اس کے سوا کوئی صورت نہیں کہ لامرکزیت کو چھوڑ کر وحدت کی طرف آئے یعنی رفتہ رفتہ مسلمانوں کا مرکز ایک ہو جائے جہاں سے ملت کے اجتماعی مقاصد کی تعیین

اور ان کو عمل میں لانے کی تشکیل ہو اور دینی مرکز صرف قرآن ہو تاکہ ہر قسم کی فرقہ بندی مٹ جائے اور سب کے سب متحد ہو کر ایک راستے پر گامزن ہوں۔

## خاتمہ

قرآن کریم میں ہر صاحب بصیرت غور کرنے سے اس بات کو سمجھ سکتا ہے کہ اسلام مجموعی لحاظ سے اجتماعی دین ہے یعنی وہ جملہ نوع بشر کی اجتماعی زندگی کا ایک مکمل نظام ہے بیشک وہ انفرادی تعلیمات بھی پوری پوری اپنے اندر رکھتا ہے لیکن ان تعلیمات سے وہ افراد کا تزکیہ باطن اور ان میں تقویٰ پیدا کر کے ان کو ملت کا جزو صالح بنانا چاہتا ہے تاکہ پوری ملت کی اجتماعی زندگی صالح العمل ہو جائے یہ نظام اللہ کا مقرر کیا ہوا ہے اس کے خلاف جو نظام بھی قائم ہو گا وہ غیر اسلامی اور اللہ کی مرضی کے خلاف ہو گا یہ پانچ ارکان کی ادائیگی پر قائم ہے جن سے انفرادی اور اجتماعی دونوں زندگیوں کی تکمیل ہو سکتی ہے یعنی توحید نماز زکوۃ روزہ اور حج ۔ یہ آخری رکن جو اسلام کے مرکزی مقام مکہ میں ادا کیا جاتا ہے امت کی اجتماعی خرابیوں کی اصلاح کے لئے ہے اور اسی کے ذریعہ سے ہم آج بھی اپنی بگڑی کو سنوار سکتے ہیں اگر خلوص دل سے کوشش کریں اس لئے اس کی کیفیت کسی قدر تفصیل کے ساتھ لکھتا ہوں۔

بیت اللہ توحید پرستوں کی پہلی مسجد ہے جس کے معمار حضرت ابراہیم علیہ السلام تھے جو موحدوں کے پیشوائے اعظم ہیں انہوں نے بحکم الہیٰ اس گھر کو اکیلے اللہ کی عبادت کے لئے بنایا اس وقت جبکہ دنیا میں کوئی دوسری مسجد نہ تھی۔

**ان اول بیت وضع للناس للذی ببکۃ مبارکا و ھدی للعالمین 92/3**

پہلا (توحید کا) گھر جو انسانوں کے لئے بنایا گیا وہ ہے جو مکہ میں ہے برکت والا اور دنیا جہان کے لئے ہدایت۔

جب یہ گھر بن گیا تو اللہ نے حضرت ابراہیم کو حکم دیا کہ لوگوں میں اعلان کر دو کہ یہاں حج کے لئے آیا کریں۔

**و اذن فی الناس بالحج 27/22**

اور لوگوں میں حج کا اعلان کر دے۔

یہ اعلان کل انسانوں کے لئے کیا گیا جیسا کہ فی الناس کے لفظ سے ظاہر ہے لیکن مراد یہاں بنی نوع انسان کے موحدین ہیں کیونکہ اس گھر کی بنیاد ہی توحید پر ہے اور قرآن نے اس میں غیر موحدوں کا داخلہ بند کر دیا ہے۔

انما المشرکون نجس فلا یقربوا المسجد الحرام 28/9
مشرک تو نجس ہیں وہ مسجد حرام کے پاس بھی نہ پھٹکیں

یہاں ضمناً یہ بیان کر دینا ضروری ہے کہ اسلام نے کہ روز اول سے وہی دین الہیٰ ہے جملہ انسانوں کو ایک جیسا قرار دیا ہے اور نسل رنگ ملک یا زبان کے اختلاف نے ان میں کوئی تفریق نہیں کی ہے صرف ایک تفریق کو وہ ضروری قرار دیتا ہے یعنی اسلام و کفر کی جو لوگ عہد الست پر قائم ہیں اور انبیاء کے ذریعہ سے ملی ہوئی صحیح تعلیم کے تابع وہ حزب اللہ ہیں اور جو شرک یا کفر میں مبتلا ہیں حزب الشیطان ہیں یہ تفریق بلا امتیاز قوم و نسل قائم رہی ہے اور قیامت بلکہ جنت اور دوزخ تک رہے گی ۔ الغرض کعبہ کو اللہ نے موحدوں کا بین الاقوامی مرکز قرار دیا اور خاتم النبیین کے عہد میں اس مرکزیت کو مستحکم کرنے کے لئے ملت اسلامیہ کا قبلہ نماز بھی اسی کو بنایا ۔

آج حضرت ابراہیم کے اعلان کو کم و بیش چار ہزار سال ہو گئے حج کا سلسلہ برابر جاری ہے اور ہر سال اس مرکز میں دنیا کے چاروں گوشوں سے موحد آکر جمع ہوتے ہیں اللہ نے نہ صرف اس مکان کو بلکہ اس زمان کو بھی مرکزی حیثیت کے لحاظ سے احترام بخشا جس میں یہ اجتماع ہوتا ہے ۔

جعل اللہ الکعبۃ البیت الحرام قیاماً للناس والشھر الحرام 97/5
اللہ نے کعبۃ بیت الحرام کو انسانوں کے لئے دار و مدار قرار دیا نیز ماہ حرام کو ۔

اس آیت میں تصریح کی گئی ہے کہ کعبہ موحدوں کی بین الاقوامی انجمن کا مرکز ہے جہاں سے اجتماعی امور کی اصلاح عمل میں آنے گی اور جس زمانے میں یہ اجتماع ہوتا ہے اس زمانہ ذی قعدہ ذی الحجہ اور محرم تینوں مہینوں کو محترم قرار دیا جس میں ہر قسم کے جھگڑے روک دیئے جائیں گے تاکہ لوگ امن کے ساتھ اس میں شریک ہو سکیں ۔

اس اجتماع کی غراض بھی صرف ایک مختصر جملہ میں بیان کر دی ۔
لیشھدوا منافع لھم 28/22
تاکہ اپنے فائدے کے لئے حاضر ہوں ۔

یہ فائدے کچھ اخروی ثواب ہی تک محدود نہیں ہیں بلکہ دینی دنیاوی ملکی اور ملی وغیرہ ہر قسم کے فائدے اس میں داخل ہیں اور یہی رکن ہے جس سے ملت کی ہر قسم کی خرابیوں کی اصلاح ہو سکتی ہے ۔ یہی مرکزیت باعث ہوئی کہ قرآن نے مسجد الحرام کے بین

الاقوامی ہونے کا اعلان کیا۔

سواءن العاکف فیه والباد 25/22

اس میں باشندے اور باہر والے یکساں ہیں۔

جس کی وجہ سے صحابہ کرام کی قرآنی بصیرت رکھنے والی جماعت نے جس میں حضرت عمرؓ اور عبداللہ بن عباسؓ وغیرہ شامل ہیں پورے شہر مکہ کو بین الاقوامی قرار دیا اور وہاں کے کسی باشندے کا یہ حق نہیں تسلیم کیا کہ وہ کسی آفاقی اور باہر سے آنے والے حاجی کو اپنے گھر میں قیام سے روک سکے بلکہ وہ مکہ کے گھروں میں کواڑ لگانے کو بھی منع کرتے تھے اور اگر کتوں وغیرہ سے تکلیف کا خیال نہ ہوتا تو اس کی اجازت بھی نہ دیتے۔

حج کی صحیح صورت یہ ہے کہ جس جس ملک یا قوم کے مسلمان مکہ میں آئیں پہلے سے اپنا اپنا ایک ایک امیر حج منتخب کر لیں یہ امراء حج نہ صرف یہ کہ اپنے ملک یا اپنی قوم کے حاجیوں کے قیام و طعام کا مکہ میں بندوبست کریں بلکہ ان کے نمائندے اور ترجمان بھی ہوں پھر یہ سب کے سب امراء مکہ میں باہم مل کر بیٹھیں تبادلہ خیالات کر لیں تاکہ ہر اسلامی ملک اور قوم کی دینی اور دنیاوی حالت اجتماعی لحاظ سے ان کے سامنے آجائے انہی امراء میں سے ایک منتخب دماغ عرفات کے مجمع عام میں ایک خطبہ دے جس میں ملت کی پوری اجتماعی حالت پر تبصرہ اور ان کی رہبری ہو اور ایک سال کا اجتماعی لائحہ عمل۔

عرفات سے پلٹ کر حجاج مقام منا میں آجاتے ہیں یہاں تین دن ٹھہرتے ہیں قربانیاں کرتے ہیں اور کھاتے اور کھلاتے ہیں یہاں بھی تنظیم کی ضرورت ہے ہر قوم کے افراد اپنی قربانی کی رقمیں اپنے امراء کو دے دیں وہ ضرورت اور اندازے کے مطابق قربانیاں کرے ایک جگہ پکوائے اور سب ایک ساتھ مل کر کھائیں اقوام مسلمہ جن کا دماغی تعارف، امراء کے ذریعے سے مکہ میں ہو چکا ہے یہاں ایک دوسرے کی میزبانی اور مہمانی کر کے آپس میں تعارف پیدا کریں تاکہ باہمی الفت اور اخوت سے وحدت ملی کا احساس بڑھے۔

تشریق کے ان تین دنوں میں ہر جماعت کے امیر کو عرفات کا خطبہ اپنے ہمراہیوں کو اپنی زبان میں سمجھا دینا چاہیئے اب جو حاجی وہاں سے پلٹ کر اپنی بستی میں آئے گا وہ عرفات کے منبر کا پیغام ساتھ لائے گا اس سے تمام عالم اسلامی میں اجتماعی روح بیدار ہو جائے گی۔

ہادی اعظم صلی اللہ علیہ وسلم نے منبروں کو ہدایت کے لئے نصب فرمایا ہے ان کا رشتہ قلوب کے ساتھ ہے کیونکہ ان سے جو آوازیں نکلتی ہیں وہ دلوں تک نفوذ کرتی ہیں یہ بمنزلہ برقی بیٹری کے ہیں جن سے دلوں کے قمقموں میں روشنی اور حرارت پہنچتی ہے ان سب منبروں کا محران میدان عرفات کا منبر ہے جو افسوس ہے کہ مدت ہائے دراز سے خاموش

ہے یہی وجہ ہے کہ امت کے قلوب بے نور افسردہ اور منتشر ہیں تنظیم کی صورت صرف تعطب مرکزیت ہے اور کچھ نہیں کیونکہ مرکز کی طرف ہر فرد خود بخود متوجہ ہو جاتا ہے جس سے ساری قوم منظم ہو جاتی ہے جیسے شمع کہ اس کے روشن ہوئے ہی گھر کی کل چیزیں اپنی اپنی جگہ پر نظر آنے لگتی ہیں افراد یا جماعتوں یا دبستات یا مسجدوں سے جو لوگ امت کی تنظیم کرنا چاہتے ہیں ان کو ہمیشہ ناکامی ہو گی اس لئے کہ یہ الٹا راستہ ہے۔ اس طرح پر ہم اپنے حج کے بین الاقوامی اجتماع سے کام لے کر ہر اسلامی خطہ کی آزادی کی کوشش کر سکتے ہیں ممکن ہے کہ انقلابات جو عجلت کے ساتھ اقوام و ملل پر آ رہے ہیں ان میں ایسا وقت آ جائے کہ مسلمان جن خطوں میں آباد ہیں ان میں آزاد جمہوریتیں قائم ہو جائیں پھر ہماری یہی مکہ کی بین الاقوامی انجمن ملت کا مرکز بن جائے گی۔

اب میں اپنی ایک نظم پر جو عرصہ ہوا طلوع اسلام میں شائع ہوئی تھی اس کتاب کو ختم کرتا ہوں۔

عروج پا نہیں سکتی جہاں میں وہ ملت
کہ جس کا کوئی نہ مرکز ہو اور نہ کوئی نظام
ہو گرچہ ریگ بیاباں کی طرح لاتعداد
ہوا کے جھونکوں میں اڑتی پھرے گی صبح اور شام
اگر ہو نظم تو ملت ہے آہنی دیوار
کہ جس کے سامنے طوفاں کو بھی نہیں ہے قیام
یہ نظم کیا ہے فقط ایک نقطہ مرکز
زبان شرع میں جس کو کہا گیا ہے امام
ہیں اجتماعی مقاصد اسی سے وابستہ
امام زندہ ہے ملت کی زندگی کا اقوام
جہاں کی دوسری قوموں کا ہے نسب پہ مدار
مگر ہے ملت اسلام جامع الاقوام
اساس اس کی ہے بس " لا الہ الا اللہ "
اسی اساس پہ قائم ہوئی اخوت عام
نہ کوئی نسل نہ کوئی زبان نہ کوئی ملک
ہے امتیاز سیاہ و سفید و سرخ حرام

ہے اس کے ربط میں قوموں کا ارتباط بہم
ہے اس کے نظم میں دنیا کی امتوں کا نظام
یہ کیا غضب ہے کہ مسلم کو یہ نہیں معلوم
سپرد کی گئی اس کو امامت اقوام
امام ملت اسلام نائب حق ہے
تمام اہل جہاں جس کے حکم کے ہیں غلام
اگر ہے دین محمد کا پاس ملت کو
تو آج نصب امامت ہے اس کا پہلا کام

اسی قبیل کی اپنی ایک دوسری نظم بھی شائع کرائی تھی یہاں اس کو بھی درج کرتا ہوں

انفرادیت ہے اقوام و امم کے حق میں موت
اس کے سایہ سے بھی ہے اقبال کتراتا ہوا
آہ! وہ ملت کہ جو رکھتی نہیں زندہ امام
ومبدم دیکھے گا تو اس پر زوال آتا ہوا
وہ سمجھتی ہے جسے جنت کی راہ مستقیم
راستہ جاتا ہے وہ دوزخ کو بل کھاتا ہوا
دین و دنیا کچھ نہیں ملتا ہے مرکز کے بغیر
بے سری ملت پہ ہے ادبار منڈلاتا ہوا
اجتماعیت کے اوپر ہے بنا اسلام کی
دیکھتا ہوں میں ادھر مسلم کو پھر آتا ہوا
اس رواق نیلگوں میں مجھ کو آتا ہے نظر
اپنی ملت کا ستارہ نور برساتا ہوا